موزوں ٹکنالوجی ڈائرکٹری

ایم۔ ایم۔ ہدیٰ

موزوں ٹکنالوجی ڈائرکٹری

اوزارات۔ آلات۔ مشین۔ پلانٹ۔ طریقے اور انڈسٹریز

جلد اول

مرتب کردہ

محمد منصور الہدیٰ

مترجم:۔ ڈاکٹر خلیل اللہ خاں

ایم۔اے۔پی۔ایچ۔ڈی

ترقی اردو بیورو نئی دہلی

MAUZOON TECHNOLOGY DIRECTORY
BY: M.M. HUDA

سنہ اشاعت: جنوری، مارچ 1991 - شک 1912
© ترقی اردو بیورو، نئی دہلی
پہلا اڈیشن: 1000
قیمت: 28
سلسلۂ مطبوعات ترقی اردو بیورو 658

ناشر: ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو، ویسٹ بلاک 8، آر کے پورم نئی دہلی - 110066
طابع: سپر پرنٹرز۔ دلّی۔ ۱۵

پیش لفظ

ہندوستان میں اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج کے لیے ترقی اردو بیورو (بورڈ) قائم کیا گیا۔ اردو کے لیے کام کرنے والا یہ ملک کا سب سے بڑا ادارہ ہے جو دو دہائیوں سے مسلسل مختلف جہات میں اپنے خاص خاص منصوبوں کے ذریعے سرگرم عمل ہے۔ اس ادارہ سے مختلف جدید اور مشرقی علوم پر مشتمل کتابیں خاصی تعداد میں سماجی ترقی، معاشی حصول، عصری تعلیمی اور معاشرہ کی دوسری ضرورتوں کو پورا کرنے کے لیے شائع کی گئی ہیں جن میں اردو کے کئی ادبی شاہکار، بنیادی متن، قلمی اور مطبوعہ کتابوں کی وضاحتی فہرستیں تکنیکی اور سائنسی علوم کی کتابیں، جغرافیہ، تاریخ، سماجیات، سیاسیات، تجارت، زراعت، لسانیات، قانون، طب اور علوم کے کئی دوسرے شعبوں سے متعلق کتابیں شامل ہیں۔ بیورو کے اشاعتی پروگرام کے تحت شائع ہونے والی کتابوں کی افادیت اور اہمیت کا اندازہ اس سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ مختصر عرصہ میں بعض کتابوں کے دوسرے تیسرے ایڈیشن شائع کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ترقی اردو بیورو نے اپنے منصوبوں میں کتابوں کی اشاعت کو خاص اہمیت دی ہے۔ کیونکہ کتابیں علم کا سرچشمہ رہی ہیں اور بغیر علم کے انسانی تہذیب کے ارتقاء کی تاریخ مکمل نہیں تصور کی جاتی۔ جدید معاشرے میں کتابوں کی اہمیت مُسلّم ہے۔ بیورو کے اشاعتی منصوبہ میں اردو انسائیکلوپیڈیا، ذولسانی اور اردو۔ اردو لغات بھی شامل ہیں۔

ہمارے قارئین کا خیال ہے کہ بیورو کی کتابوں کا معیار اعلا پائے کا ہوتا ہے اور وہ ان کی ضرورتوں کو کامیابی کے ساتھ پورا کررہی ہیں۔ قارئین کی سہولتوں کا مزید خیال کرتے ہوئے کتابوں کی قیمت بہت کم رکھی جاتی ہے تاکہ کتاب زیادہ سے زیادہ ہاتھوں تک پہنچے اور وہ اس بیش بہا علمی خزانہ سے زیادہ سے زیادہ مستفید اور مستفیض ہوسکیں۔

یہ کتاب بھی بیورو کے اشاعتی پروگرام کی ایک کڑی ہے۔ امید ہے کہ آپ کے علمی ادبی ذوق کے تسکین کا باعث بنے گی اور آپ کی ضرورت کو پورا کرے گی۔

ڈاکٹر فہمیدہ بیگم

ڈائرکٹر ترقی اردو بیورو

فہرست

موزوں ٹکنالوجی ڈائرکٹری

اوزار، آلات، مشین، پلانٹ۔ طریقے اور انڈسٹریز

مضامین	صفحات نمبر
پیغام	۳
مقدمہ	۵
حرف آغاز	۹
زرعی آلات و اوزار	۱۲ تا ۴۳
باغبانی کے اوزار	۱۶
دوائی چھڑکنے والا اوزار	۲۱
زمین کا برما	۲۴
بیج اور کھاد ملانے والا باہن	۲۶
دستی بیج باہن	۲۹
پودہ اکھاڑنے والا اوزار	۳۱
جانوروں سے کھینچا جانے والا آلو کی کھدائی کا اوزار	۳۲
کثیر المقاصد دستی اوزار	۳۵
مقامی پھل توڑنے کا اوزار	۳۸
بیج کو ملانے والا اوزار	۳۹
دھان روپائی کرنے کا اوزار	۴۰
مونگ پھلی کی کٹائی کرنے کا جانوروں سے چلنے والا اوزار	۴۳

دست کاری کے لیے ہاتھ کے اوزار اور آلات	۴۵ تا ۶۹
دھات کے کام کے لیے دستی اوزار	۴۶
بڑھئی گیری کے اوزار	۵۲
گاؤں کے لوہاروں کے اوزار	۵۹
ہاتھ سے چلائی جانے والی بڑی مشین	۶۳
دھات کو کاٹنے والی مشین	۶۶
زراعتی پیداوار کو پروسس کرنا (فوڈ پروسسنگ)	۷۱ تا ۹۴
دھان چھانٹنے والی مشین	۷۳
سیلا چاول بنانے کے آلات	۷۴
دھان کو چھانٹنے اور چاول بنانے کے اوزار	۷۷
تیل گھانی	۸۱
چھوٹا چینی کا کارخانہ	۸۳
گنا پیرنے کا کولہو	۹۴
دیہی اور گھریلو صنعت	۱۰۱ تا ۱۵۷
لال مٹی کی کمہاری	۱۰۳
چھوٹی اور غیر مرکزی چینی مٹی کا کام	۱۰۶
چونے کی بھٹی	۱۱۱
کاتنے والا چرخہ	۱۱۵
دیاسلائی بنانا	۱۱۸
جراحی کے آلات بنانا	۱۲۳
بنا لوہے کے دھاتوں کی ڈھلائی	۱۲۸
کھڑیا چاک بنانا	۱۳۴
موم بتی بنانا	۱۳۹
صابن بنانا	۱۴۳

	شہد کی مکھیاں پالنا	۱۵۷
۵۔	**ذرائع رسل و رسائل و باربرداری**	۱۶۲ تا ۱۷۷
	کنواں کھودنے کے لیے (WINCH) ہتھ گاڑی	۱۶۳
	چھوٹا سامان ڈھونے کی گاڑی	۱۶۵
	تین گیر والا رکشہ	۱۷۴
	بیل گاڑی	۱۷۷
۶۔	**حفظان صحت**	۱۸۰ تا ۲۰۶
	گاؤں کے لیے سینیٹری پاخانے	۱۸۱
	پانی سیل پاخانے	۱۹۴
	سیپٹک ٹینک	۱۹۶
	گھریلو فلٹر یونٹ	۱۹۸
	بچوں کے تولنے کا مشین نما انتظام	۲۰۳
	دیسی حفظان صحت	۲۰۶
۷۔	**تعلیم تربیت اور کلچر**	۲۰۸ تا ۲۲۷
	سستی خوردبین	۲۰۹
	سولر سٹل (پانی کی تقطیر کے لیے شمسی آلہ)	۲۱۲
	تختہ سیاہ کا بہتر استعمال	۲۱۷
	تعلیم دینے کے لیے فلم کی پٹی بنانا	۲۲۰
	کٹھ پتلی بنانا	۲۲۶
۸۔	**آبی طاقت اور توانائی**	۲۲۸ تا ۲۴۷
	نرم کنوئیں کے ڈھالنے کے لیے	۲۲۸
	کنکریٹ چھلوں کا کنواں	۲۴۰
	چھتوں کا کنواں بنانا	۲۴۳

	شولاپور ٹائپ پمپ ہیڈ	۲۵۰
	آبی پمپ	۲۵۵
	ہاتھ سے چلایا جانے والا جوس پمپ	۲۶۳
	گوبر گیس پلانٹ	۲۶۵
	گوبر گیس پلانٹ اپلائنسز (سامان اور آلات)	۲۶۳
۹.	گھریلو اور خانہ داری	۲۶۷ تا ۲۹۰
	شمسی آبی ہیٹر	۲۷۸
	ہاتھ دھونے والی مشین	۲۸۰
	دھوپ چولہا	۲۸۴
	باورچی خانہ کے لیے ترقی یافتہ چولہا	۲۹۰
۱۰.	عمارت سازی اور تعمیرات	۲۹۲ تا ۳۱۴
	کم آمدنی والے گروپ کے لیے مکان	۲۹۵
	دو کمروں کا مکان	۲۹۶
	لکڑی کو ہوائی مدد سے تیار کرنا	۲۹۷
	چھت کے لیے گھاس اور پھوس کی چھت	۳۰۱
	سنوارم بلاک پریس	۳۰۷

پیغام

موزوں ٹکنالوجی پر ہندوستان بھر میں منظم طریقے سے کام کرنے کی میری دلی خواہش تھی اور اسی لیے میں نے 1973 میں گاندھین انسٹی ٹیوٹ آف اسٹڈیز وارانسی Gandhian Institute of Studies Varanasi, میں موزوں ٹکنالوجی کی ایک اکائی بھی قائم کی تھی آج مجھ کو یہ دیکھ کر خوشی ہو رہی ہے کہ یہ بیج پودے کی صورت میں موزوں ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن (انڈیا) Appropriate Technology Development Association (India) کے روپ میں نشو و نما پا رہا ہے جس کے مرکزی دفتر لکھنؤ میں ہیں۔

یہ جان کر بہت خوشی ہوئی کہ ایسوسی ایشن نے مشین۔ اوزارات۔ آلات۔ کارخانے اور دوسرے آلات کے لیے ایک ڈائرکٹری مرتب کی ہے۔ میرا ہمیشہ یہ خیال رہا ہے کہ موزوں ٹکنالوجی نے توانائی کارخانے اور دولت کے غیر مرکوز کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا ہے۔ یہ ٹکنالوجی کو آسان صورت میں ہر دیہی گھر کو پہنچاتی ہے اور پھر محنت کشوں کی بے بسی اور اذیت کو کم کرتی ہے۔ موزوں ٹکنالوجی کے عمل کے لیے بہت وسعت ہے جو مشینوں Hardware اور تکنیکی آلات کے حدود سے کافی آگے نکل جاتی ہے۔ یہ سادہ معیار زندگی۔ معاشیات اور سماجی بہبودی کے بہترین انتظامات اور توانائی و دولت کی مساوی تقسیم میں معاون ہے۔ اگر ہم سستی قیمت کی مشینیں ہندوستان کے دیہی علاقوں میں لگا سکیں تو غریب عوام اپنے گھر ہی میں کام کر کے اپنی روزی روٹی کما سکتے ہیں اور اس طرح ہماری تکنیکی پیداوار بڑھنے کے ساتھ قوم کی مشترکہ دولت بھی بڑھے گی۔ یہ مہاتما گاندھی کے خوابوں کی تکمیل ہوگی یعنی عوامی پیداوار Production by Masses نہ کہ پیداوار کی فراوانی Mass Production اونچے پیمانے پر پیداوار کی جگہ لے سکے گی۔ مہاتما جی نے کہا تھا کہ ہر ایک وہ مشین جو افراد کے معیار زندگی اٹھانے میں مددگار ہے اپنی قیمت رکھتی ہے لیکن ہمارے سماج میں اس مشین کے لیے کوئی جگہ نہ ہونی چاہیے جو طاقت اور حکومت اور دولت کو چند ہاتھوں میں سونپ دیتی ہے۔ اور فرد کو Machine Minded مشینی دماغ کا بنا دے اور عوام کو بے روزگار بنا دے۔ اور انسان مشینوں کا غلام ہو جائے۔

میں تمام موزوں ٹکنالوجی ایسوسی ایشن کے ممبران کو ڈائرکٹری مرتب کرنے اور تمام اعداد و شمار اطلاعات

اور مواد کے اکٹھا کرنے کے لیے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ ادارہ ان تمام ٹکنالوجیز کو دیہی علاقوں میں اونچے پیمانے پر لاگو کرنے میں بھرپور کوشش کرے گی۔

دستخط

جے پرکاش نرائن

23 مارچ 1973ء

مقدمہ

موزوں ٹکنالوجی ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن جو کہ انڈین سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ XXI of 1860 کے تحت اپریل 1976 میں رجسٹرڈ ہے۔ ایک رضاکار ادارہ ہے اور ایسے ذرائع اور طریقوں کو مقبول عام بنانے میں لگا ہوا ہے جو پچھڑے اور غیر ترقی یافتہ افراد۔ قبائل اور خطوں میں کارآمد ۔ باعمل ۔ اقتصادی اور موزوں ڈھنگ سے لاگو کئے جا سکیں۔ یہ ادارہ ان انسٹی ٹیوشن اور جماعتوں کے ساتھ تعاون کرتا ہے جو اسی طرح کے کاموں میں لگے ہوئے ہیں۔ یہ ادارہ دیہی عوام کی ترقیاتی بہبود کے لئے تجربات کرتی ہے۔ ریسرچ اور پروجیکٹ کا کام چلاتی ہے جب کوئی ادارہ ایسی کارکردگیوں کو بڑھانے کے لیے نہیں ملتا ہے۔

کم قیمت ۔ میانہ موزوں اور ایسی ہی ہم بدل ٹکنالوجیز کے ذریعہ بہت سی اصطلاحات کی تعریف کی گئی ہے جو باہم استعمال ہوتی رہتی ہیں لیکن ان کی خوبیوں سے ہمارا کوئی مقصد حل نہیں ہوتا جب تک مقررہ حالات میں کسی خاص موزوں ٹکنالوجی کا جائزہ نہیں لیتے اور اس کی جانچ نہیں کرتے یہ ایک کھلی بات ہے کہ بہت سی موزوں ٹکنالوجی کسی خاص ماحول میں کارآمد ثابت ہو سکتی ہیں لیکن وہی دوسرے حالات میں بالکل ناکارہ ہو سکتی ہیں۔ ایک شخص جو قدیم اوزار استعمال کرتا ہے اگر ان کو ترقی یافتہ صورت میں استعمال کیا جائے تو اس کے کام کرنے کی اہلیت بڑھ سکتی ہے اور اس کی آمدنی میں قابل قدر اضافہ بھی ہو سکتا ہے۔ یہ ترقی موزوں ٹکنالوجی کے تحت رکھی جا سکتی ہے حالاں کہ دوسرا اسی پیشہ کا شخص بہت ترقی یافتہ اور ماڈرن اوزار استعمال کر رہا ہوتا ہے لیکن اس موزونیت سے اس کا کوئی واسطہ نہیں۔ ایک اونچے پیمانہ کی موزوں ٹکنالوجی کے لیے بہت بڑا سرمایہ درکار ہے جس میں محنت بچانے والی تراکیب کا استعمال اور منظم خاکہ کے علاوہ بازاری ہنرمندی بھی درکار ہے۔ یہ معاشیات میں ایک اہم مقام رکھ سکتی ہے لیکن غریب دیہی خاندانوں کے مفاد میں نہیں کیونکہ ان کی معاشی بیخ کنی کا باعث ہو سکتی ہے۔ اور نقل و حرکت حفظان صحت ۔ رہائش وغیرہ کے مشکل مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ اس طرح سے غیر متوازی حالات کے پیشہ میں پیدا ہونے کا اندیشہ ہے۔

آج پیداوار کی کثیر المقداری Mass Production ہے اور جس کا کام چند سرمایہ داروں کے ہاتھوں میں ہے لیکن اجتماعی پیداوار Production by Masses کا منظر بھی نہیں ہے۔ یہ نشانہ موزوں ٹکنالوجی کے تحت نہیں آتا ہے کیونکہ اس کا مقصد صرف غیر مرکوز اور اثر پذیر ڈھنگ سے ٹکنالوجی کو لاگو کرنا ہے جس میں کم سرمایہ لگایا جاسکے اور دیہی علاقوں میں زیادہ سے زیادہ لوگ اس سے فائدہ اٹھاسکیں جن لوگوں نے ادارہ قائم کیا ان کے دماغ میں اس کے مقاصد واضح تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ موزوں ٹکنالوجی کے ذریعہ سے دیہی غریب باشندوں کو زیادہ سے زیادہ راحت دی جاسکے اور اس کا حل اپنے ملک کے عملی حالات کی روشنی میں صنعت کو غیر مرکوز کرنے سے نکالا جائے۔ موزوں ٹکنالوجی کے پروگرام کو اگر ٹھیک ڈھنگ سے چلایا جائے تو دیہی باشندے جو روزی روٹی کے لئے شہر کی طرف بھاگ رہے ہیں رک جائیں گے اور مناسب تقسیم دیہاتوں میں ہوسکے گی۔ اہلیت اور کارکردگی کو نظر انداز کرتے ہوئے روزگار کے مواقع بھی دیہاتوں میں فراہم کئے جاسکتے ہیں۔ چھوٹے سرمایہ اور زیادہ روزگار فراہمی پر ہم کو مخصوص نظر رکھنی چاہئے۔

اس میں شک نہیں کہ ادارہ ابھی ابتدائی منزل سے گزر رہا ہے پھر بھی اس نے بہت اہم سروے، مخصوص تجربے اور ریسرچ کا کام اپنے ہاتھوں میں لے رکھا ہے جو ملک کے لیے اس وقت اشد ضروری ہے اس نے موزوں ٹکنالوجی کے میدان میں ہر امکانی کام کو اپنے ہاتھ میں لے رکھا ہے۔ اس کو اپنے کام کو ٹھیک طور سے چلانے کے لئے مقامی اداروں اور افراد کے تجربات چاہے وہ سرکاری یا رضاکارانہ ہوں سے استفادہ کیا ہے۔ ان چند گزشتہ برسوں میں ہی مقامی طور سے مخصوص جگہوں پر اس ادارہ نے کافی کارآمد کام انجام دیے ہیں لیکن اس دائرے کو بڑھانے کی ضرورت ہے تاکہ اس کا کام صوبے کے زیادہ تر حصوں میں کیا جاسکے۔ یہ فوری ضرورت پیش آئی کہ ادارہ ڈائرکٹری کی پہلی جلد مرتب کرے جس میں آسان طریقے، تراکیب اور صنعتی ٹکنالوجی کے اصطلاحات ہوں تاکہ کارآمد اور کامیاب تراکیب جو ایک مخصوص خطے میں لاگو ہیں ملک کے دوسرے حصوں کو بھی منتقل کیے جاسکیں اور دانشور اور ٹکنالوجسٹ ان سے فیضیاب ہوسکیں۔

تمام ممبران سے التجا کی گئی کہ ادارہ کے دفتر کو اس طرح کی اطلاعات فراہم کریں اور جناب منصور الہدیٰ کو جو کہ ایگزیکیٹو ڈائرکٹر ہیں اس کام کی ذمہ داری سونپی گئی اس سلسلے میں مختلف اداروں اور افراد سے رابطہ قائم کرنا اور کارکردگی سٹر ہدیٰ کی تجاویز پر ہونا قرار پایا۔ ہدیٰ صاحب کو اس کام کے لئے تجربہ کار اور اہل پایا گیا اور واقعی انھوں نے اس کام کو بہت چابکدستی اور ہنرمندی سے انجام دیا ٹیکنیکل کمیٹی نے ہدیٰ صاحب اس پہلے مسودہ کو مناسب اور کارگر پایا جو آج پریس کو جارہا ہے۔ ہدیٰ صاحب کو ادارے کی طرف سے جتنی مبارکباد دی جائے کم ہے۔

ٹیکنیکل کمیٹی کے ممبران خاص کر مسٹر اے۔ کے کرن، مسٹر رادھاکرشنا، مسٹر اکرم، مسٹر وی ایس ماتھر اور مسٹر بھگونت سنگھ کا میں شکرگزار ہوں جنھوں نے نئے امور کو ڈائرکٹری میں شامل کرنے کے لئے مشورہ دیا۔

خاص کر مسٹر ایم۔ کے گرگ کا میں شکرگزار ہوں جنھوں نے mini-sugar اور mini-pottery کے میدان میں اپنے قیمتی تجربات کی بنا پر mini-spinning technology میں ریسرچ اور تجربات کے لئے ایڈوائسری ذہنی منصوبہ بندی کر دی ہے۔ انھوں نے ڈائرکٹری کے تیار کرنے میں تعاون کیا ہے۔

مندرجہ اداروں کا بھی میں شکرگزار ہوں۔

1) Intermediate Technology Development Group, London
2) Khadi & Village Industries Commission, Bombay
3) Council of Scientific and Industrial Research, New Delhi
4) National Building Organization, New Delhi
5) Planning Research & Action Institute, Lucknow
6) Allahabad Agricultural Institute, Naini, Allahabad
7) Agricultural University, Ludhiana
8) Gram Nirman Mandal, Shakhodeora, Bihar
9) V.I.T.A., UNICEF, New Delhi
10) Literacy House, Lucknow
11) Forest Research Institute, Dehradun
12) Andhra Pradesh Agricultural University, Hyderabad
13) Small Industries Development Organization, New Delhi
14) Funds Rural Centre, Rasulia
15) Agricultural Research Tools Centre, Bardoli
16) Khadi Prayog Samiti, Ahmedabad

جنھوں نے اپنے بیشتر شائع شدہ جریدوں سے نوازا اور جن کی ترقی یافتہ ٹکنالوجی ملک کے دوسرے حصوں میں پھیلی ہوئی ہے۔

جلد اول کی خامیوں سے یہ ایسوسی ایشن پوری طور سے باخبر ہے کیوں کہ اس کی تیاری میں وقت کے حدود بہت خلل انداز رہے ہیں لیکن جلد دوم میں جس پر کام ہونا شروع ہو گیا ہے ان خامیوں کو دور کر دیا جائے گا اس کے علاوہ زیادہ کارآمد اور عملی اطلاعات بھی اس میں سمیٹی جائیں گی تاکہ ملک کے دیہاتوں اور دوسری جگہ موزوں ٹکنالوجی کے میدان میں کام کرنے والے لوگ اس سے فیضیاب ہو سکیں۔ اگر اس ڈائرکٹری سے موزوں ٹکنالوجی کے تجربات، ریسرچ اور دوسرے کاموں میں ذرا بھی ترقی ہوتی ہے تو ایسوسی ایشن کی ہمت افزائی ہوگی۔ کیوں کہ یہ اچھی شروعات ہوگی اور ٹھیک سمت میں ہمارے قدم آگے بڑھ رہے ہوں گے۔ موزوں ٹکنالوجی کی اہمیت اور افکار کی تیزی میں یہ ہمارا کامیاب قدم ہوگا۔

رام داس۔

چیرمین۔

۱۱ر دسمبر 1976

حرفِ آغاز

ہندوستان میں صحت مندانہ ترقیاتی توسیع کے لیے یہ ضروری ہے کہ خاص طور سے دیہاتوں، پچھڑے طبقہ اور سماج کے کمزور طبقے میں ترقی ہونا چاہیے۔ گاندھی جی نے پچاس برس پہلے کہا تھا کہ ہندوستان گاؤں پر مشتمل ہے اگر گاؤں تباہ ہو جاتے ہیں تو ہندوستان مٹ جائے گا اور یہی وجہ ہے کہ گاندھی جی کا دیہی توسیع اور دستکاری کی ترقی پر زور دیا ہے جن کا میدان عمل دیہات ہونا چاہیے۔ دیہی کرافٹ۔ دستکاری اور صنعت سے انھوں نے مشینری اور صنعتی ترقی کو ایک نئے معنی دیے جو ہندوستان کے ہر گھر تک پہونچائے جا سکتے ہیں۔

مغربی ٹکنالوجی جو ہندوستان میں درآمد کی گئی ہمیشہ اور ہر حال میں بہتر نہیں ہوتی۔ چاہے اس کو پیداوار کی افراط یا نفع کی نگاہ سے دیکھا جائے اور بھارت کے موجودہ ماحول میں یہ موزوں بھی نہیں ہے۔ مغرب کے درآمد کیے اور نقل کرنے کی وجہ سے یہ بہت قیمتی، پیچیدہ اور دیہی عوام کی پہنچ سے بہت دور بھی ہے۔ دوسری طرف روایتی ٹکنالوجی یعنی کمہار کا آدا یا چاک، موچی کی سوئی اور جولاہے کا سوت اور کرگھا بھی نااہل اور محنت اور وقت کو ضائع کرنے والی چیزیں ہیں۔ اس لئے یہ بہت ضروری ہو جاتا ہے کہ اور ایک کھوج اور ریسرچ کی جائے اور ان روایتی ٹکنالوجی کو نئی قدروں کی روشنی میں بڑھا دیا جا سکے تاکہ دیہی صنعت کار اس کے نتائج سے فیضیاب ہو سکیں اور قومی سرمایہ میں اضافہ ہونے کے علاوہ اس ٹھیک طور سے محنت کشوں میں بانٹا جا سکے۔

ترقی یافتہ اوزار۔ آلات اور بہتر ٹکنالوجی کو توسیع یافتہ ٹکنالوجی کے لیے ملک کی ترقی کے واسطے صف اول میں رکھنا ہی ہوگا۔ لیکن ہم کو یہ مخصوص سعی کرنا ہوگی کہ دیہاتوں کی مٹتی ہوئی صنعت کو دوبارہ زندہ ...... کریں تاکہ دیہاتوں میں نئی روزگار اور معیشت کا ماحول پیدا کیا جا سکے۔

آج کے تقابلی صنعت میں ہماری معاشی بہبودی کسانوں، دستکاروں، کاریگروں اور دوسرے اس طرح کے کام کرنے والے لوگوں کو بہتر ٹکنالوجی دینے پر ہی منحصر ہے جو آج بھی ناقص حالات میں اور غیر مؤثر اوزاروں سے کام کر رہے ہیں۔ اس میدان میں کچھ کام ہوا ہے اور نئی تراکیب۔ اوزاروں اور آلات

کا استعمال ملک کے کچھ حصوں میں ہو رہا ہے لیکن بہت سے حصوں میں یہ ترقیاتی اسکیمیں نہیں پہونچ سکی ہیں۔ اس لئے اس بات کی بہت ضرورت ہے کہ تراکیب، طریقے اور اوزار و آلات کا دستاویز سازی کیا جائے اور ان کو کامیاب ٹکنالوجی کے لیے عوام تک پہنچایا جائے۔

یہ بات واضح ہو جانا چاہیے کہ ہم نئی ٹکنالوجی کی وکالت نہیں کر رہے ہیں۔ ہمارا نصب العین ایسی اطلاعات فراہم کرنا جو موزوں ٹکنالوجی کے لئے مناسب ہوں اور ایسی ٹکنالوجی جو موجود ہو اور جس سے کمزور اور پچھڑے طبقے کو اچھے اور مناسب آلات دے کر فیضیاب کروایا جا سکے۔ ایک مشکل موزوں ٹکنالوجی کو لاگو کرنے کے لئے یہ ہے کہ ہم عملی سطح ضروریات سے وابستہ نہیں ہیں اس کی ایک اہم وجہ یہ ہے کہ جب تک لوگ ٹکنالوجی کے ان حدود اور منتخب مسائل سے خبردار نہیں ہو جاتے جو مغربی ٹکنالوجی کے جہت میں کئے جا رہے ہیں اور جو اس ٹکنالوجی کو مدنظر رکھتے ہوئے موجود اور روایتی ہیں۔

(1) روایتی اور چالو ٹکنالوجی کو ترقی دینا۔

(2) موزوں ٹکنالوجی میں دور حاضرہ کی روشنی میں ترمیم کرنا۔ اس میں بڑے پیمانے کی انڈسٹریز کو غیر مرکوز کرنا بھی شامل ہے۔

(3) نئی ٹکنالوجی کی ایجاد کرنا جیسے شمسی آلات یا پھر چھوڑی ہوئی ٹکنالوجی کی تجدید کرنا جیسے ہوائی چکی اور پانی کا رہٹ وغیرہ۔

یہ ڈائرکٹری ایسے تینوں طریقوں کے وسائل کے متعلق اطلاعات اکٹھا کرنے کی ایک کوشش ہے یہاں جو مواد اکٹھا کیا گیا ہے وہ صرف مثال ہے اور ہم اس کو مکمل ہونے کا دعوا نہیں کرتے ہیں۔ یہ ایک کوشش ہے موزوں ٹکنالوجی کا باتصویر خاکہ بنانے کی اور اس خلیج کو پاٹنے کی جو ہندوستانی دیہاتوں میں ایک دوسرے کے درمیان حائل ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ کچھ ہندوستان کے مخصوص حصوں میں بہت اچھے اوزار۔ آلات اور تراکیب استعمال کیے جاتے ہیں لیکن یہ ضروری نہیں کہ ملک کے اور دوسرے حصوں میں رہنے والے ان سے فیضیاب ہو سکیں۔ کیونکہ ان کی واقفیت ان کو نہیں ہے۔ اور ہم کو امید ہے کہ یہ ڈائرکٹری اس مقصد کو پوری طور سے حل کرے گی۔ یہ عملی میدان میں کارکنوں کے لیے ڈائرکٹری مرتب کی گئی ہے۔ ایسے لوگ جو رضاکارانہ طور سے دیہات میں سماجی بہبود کے لیے کام کر رہے ہیں اور کافی پڑھے لکھے ہیں وہ اس ڈائرکٹری کی ڈرائنگ اور آلات و اوزارات کی تفصیلات دیہی عوام تک تفصیل و تشریح سے پہنچا سکیں گے۔

اس کے بعد دوسری جلدیں نکلتی رہیں گی جن میں مختلف جگہوں کے ایجاد ہونے والے آلات کو شامل کیا جائے گا۔ اس ڈائرکٹری کی پہلی جلد ایک ابتدائی سعی ہے اور موزوں ٹکنالوجی کے متعلق نمونے اور دور حاضرہ کی انڈسٹریز موضوعات جو مختلف حصوں سے جمع کئے گئے ہیں ان پر یہ مشتمل ہے۔ جیسا کہ پہلے کہا جا چکا ہے یہ صرف نمونہ کے طور پر اور موزوں تکنیک کے اصولوں سے روشناس کراتی ہے یہ مکمل موزوں اور تکنیک کی مکمل فہرست نہیں ہے۔ میں ان خامیوں سے باخبر ہوں جن کی وجہ سے بہتر ٹکنالوجی اور طرائق کو یہاں شامل نہیں کیا جا سکا یہ ہماری بہت بڑی خامی ہے۔ لیکن تجویز یہ ہے کہ دوسری جلدیں جن میں اندرون ملک اور بیرون ملک سے جمع کیا ہوا مواد شامل کیا جائے گا جو اس کمی کو پورا کر سکے گی۔

میں اپنے ساتھیوں اور اسٹاف ممبران کا بہت شکرگذار ہوں اور خاص کر جے۔ اے صدیقی کا جنہوں نے تکنیکی اطلاعات جمع کرنے اور بنیادی ڈرائنگ کھینچنے وغیرہ میں بہت زحمت اٹھائی ان کا بہت شکرگذار ہوں۔ میں باری صاحب کا جنہوں نے مسودہ بنانے میں اور ٹائپ کرنے میں پریس کے آخری وقت جانے تک زحمت اٹھائی بہت شکرگذار ہوں۔ میں بہت سے اداروں اور ایجنسیز کا ترمیم شدہ اور اپٹوڈیٹ اطلاعات فراہم کرنے کے لیے شکرگذار ہوں۔ میں خاص طور سے ایسوسی ایشن کی ٹکنیکل کمیٹی کا جس نے اس ڈائرکٹری کا عمیق جائزہ لیا اور مسودہ تیار کیا۔ ترمیمات کیں اور بہت سی تجاویز پیش کیں اس کا شکرگذار ہوں۔ اس سے ڈائرکٹری کی افادیت اور ظاہری خوبصورتی میں کافی اضافہ ہوا۔ میں ڈاکٹر رام داس جو اس ایسوسی ایشن کے چیرمین ہیں۔ ان کا خاص طور سے شکرگذار ہوں جنہوں نے اس ڈائرکٹری کے مسودہ کو غور سے پڑھا۔ زبان و بیان میں نمایاں توضیح کی اور بہت سی ترمیمات اور اضافے کئے۔ ان کی قیمتی رہنمائی اور نصیحت ہر موقع پر تقویت بخشتی رہی۔

ایم۔ ایم۔ بدری
ایگزیکیٹو ڈائرکٹر

Agro-Tools and Implements

زرعی آلات و اوزار

تمہید :- معمولی دستی اوزار جیسے کھرپا اور دیسی ہل ۔ جو بہت قدیمی ہیں ۔ تاہل اوزر کام کرنے والوں اور بیلوں کو تھکا دینے اور پریشان کرنے کا باعث ہیں ۔ اس مدے پر بہت تجربات کئے گئے اور ہم نے ہلکے پھلکے توسیع یافتہ اوزاروں اور آلات کی دریافت کی ہے جو سستے ۔ آسانی سے استعمال کئے جانے والے ۔ کام کی اہلیت بڑھانے والے اور بیلوں و کام کرنے والوں کو کم سے کم تھکاوٹ دینے والے ہیں ۔ پہاڑی اور میدانی خطوں میں کچھ ایسے ناقص اوزار ہیں ۔ جن پر ترقیاتی ضرورت ہے اور کچھ ملک کے حصوں میں ترقی یافتہ اوزاروں کے آلات استعمال میں نہیں ہیں ۔ کچھ ترقی یافتہ اوزار اگلے ابواب میں اپنی بحث کا موضوع ہیں ۔ جن پر کچھ معمولی پیسہ خرچ کر کے مقامی لوگوں کے لیے ترقی یافتہ شکل میں آسانی سے زیادہ اچھے نتائج کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ ان میں تھکاوٹ اور زحمت بھی کم ہوگی ۔

مزید ترقی یافتہ زرعی اوزار اور آلات کے بارے میں اطلاعات ذیل کے اداروں سے حاصل کی جا سکتی ہیں ۔

Contact agency.

1. Central Government's Agricultural Engineering Workshop.
2. State's Departments of Agriculture
3. State's Agricultural Universities
4. State's Agricultural Engineering Workshop

(5) مقامی پرائیوٹ تاجر جو دستی اوزار ۔ باغبانی کے لیے اوزار ۔ لوہے کے ہل ۔ کلٹویٹر ۔ واٹر پمپ ۔ انجن ۔ تھریسر اور ہاتھ سے چلائے جانے والے اوزار اور بیلوں سے کھینچے جانے والے آلات بناتے ہیں ۔

(6) مقامی رضاکارانہ ادارے اور افراد جو ریسرچ اور ڈیزائن کے ایسے کاموں میں لگے ہیں ۔ جن کا تعلق زرعی اوزار و آلات سے ہے ۔

(۷) دوسری ایسی ہی تنظیمیں ۔

پلیٹ نمبر ۱



تصویر ۱ دوہرا کدال ترشول کے ساتھ



پانا چنگا

پلیٹ نمبر ۱۸



تصویر 3 نالی بنانے والا



تصویر ۴ نالی کھودنے والا

پلیٹ نمبر 1-B



FIG. 1



FIG. 2

کدال اور پھاوڑہ

پلیٹ نمبر C-1



FIG.1



FIG.2



نرائی کرنے والا ہو

FIG.6



HAND SEED DRILL

ہاتھ سے بیج چھڑکنے والا آسان اوزار

GARDEN TOOLS
باغبانی کے اوزار

(تصاویر ملاحظہ ہوں) (*Figures relate to Plates I, IA, IB, IC*)

رابطہ طلب ایجنسی *Contact Agency :*

زرعی ٹول ریسرچ سنٹر کرشی منترالیہ ۔ بارڈولی ۔ گجرات ۔

مذکورہ ایجنسی نے کچھ ترقی یافتہ اور کارآمد اوزار اور آلات بنائے ہیں جن کا ذکر ہم ذیل میں کرتے ہیں ۔

1. Double Hoe with three prongs

تین پھلوں والا پھاوڑہ :

یہ اوزار کھودنے ۔ کھرپتوار کو اکٹھا کر اور پلاٹ تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے یہ 5."7 اونچا ۔ 5."2 چوڑا ہوتا ہے اور اس میں 2."2 لمبا لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے اس کے اوپری حصہ پر تین پھل لگے ہوتے ہیں جو ہر ایک "1/4 چوڑا ہوتا ہے

(پلیٹ نمبر ا ، شکل نمبر ا) قیمت دس روپیہ Rs10/- موجودہ قیمت تخمیناً Rs. 40/-

2. Leveller (کھیت ہموار کرنے والا پٹرا)

یہ نرسری کے بیج بونے کی کیاریوں کو تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے اور سبزی بونے کے لیے کھیت کو ہموار کرتا ہے یہ "15 لمبا اور 5."1 اونچا ۔ اس میں 2."2 لمبا لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے (پلیٹ نمبر ا ، شکل نمبر ۲)

قیمت پانچ روپیہ 5/- تخمیناً 20/-

3. Furrower فرروور

بیج بونے کے لیے یہ کونڈ اور گڑھا بناتا ہے اور اکھوے نکالنے کے لیے ۔

مینڈ پر سبزی کے بیج بوئے جا سکتے ہیں اور کونڈ میں پانی ڈالا جا سکتا ہے تاکہ زمین کی مٹی کھلی رہے یہ "۴ اونچا اور "3 چوڑا ہوتا ہے اور 2."2 لمبا لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے ۔ دستے سے اس کے پھل کا زاویہ °90 کا ملتا ہے اس کی قیمت دس روپیہ ہوتی ہے ۔ موجودہ تخمیناً Rs. 30/- (پلیٹ نمبر ا A کی شکل نمبر 3 دیکھو)

4. Furrow opener (فررو اوپنر) کیاریاں کھولنے والا

بیج بونے کے لیے کیاریوں کو کھولنے کے کام میں آتا ہے یہ 5."1 لمبا اور "۴ چوڑا ہوتا ہے اور اس میں 2."2 لمبا لکڑی کا دستہ لگا ہوتا ہے اس کا زاویہ دستے سے °70 کا ہوتا ہے (پلیٹ I A کی شکل نمبر ۴ دیکھو) ۔ اس کی قیمت آٹھ روپیہ ہے موجودہ تخمیناً بیس روپے ۔

5. Spade

i) Method of construction بنانے کا طریقہ

پتلی اسٹیل پلیٹ کو دی ہوئی شکل میں ¼" × 6" × 11 کی وسعت میں کاٹ لینا چاہیے۔ D شکل میں دی ہوئی نقطہ والی لائن پر 3/8" چوڑا کنارہ کاٹ لینا چاہیے۔ اس کے جھکاؤ کو زاویہ قائمہ پر دی ہوئی نقطہ والی لائن C پر موڑ لینا چاہیے۔ دوسری پلیٹ جو 3/8" × 13/4" کی نالیوں کی ہے میں H پکڑ clamp کو دستہ لگانے کے لیے جکڑ دینا چاہیے۔ اور Spade کی خاص حصہ پر چار Rivets لوٹ کر لگا دینا چاہیے۔ دستہ کو گول ٹھوس بانس کے 1½" سے 13/4" انچ کی نالیوں سے بنایا جا سکتا ہے Clamp کے گول حصہ میں 5 فٹ لمبا دستہ جڑ دیا جاتا ہے۔

(پلیٹ 18 کی شکل نمبر 5 دیکھو)

ii) How operated اس کو کیسے استعمال کرنا چاہیے۔

آپریٹر کی طرف۔ دونوں ہاتھوں سے مضبوطی سے چوٹی جانب دستہ کو پکڑنا چاہیے Upright. پوزیشن میں مضبوطی سے اس کے پھل کو زمین میں گھسایا جاتا ہے۔ اس کے بعد فوراً ایک پیر Spade کے جھکاؤ پر رکھا جاتا ہے اور پھر وار مارا جاتا ہے۔ کم تھکاوٹ ہے۔ کوئی بھی زیادہ وقت تک آپریٹر کی طرف spade اسپیڈ کو کھینچ کر کام کر سکتا ہے۔ بغیر سینچے ہوئے زمین کے ٹکڑے کو کھودنے کے لیے ایک بہت اچھا اوزار ہے۔ نالیاں بنانے اور نرائی کرنے کے لیے کونڈ بنانے میں اچھی طرح یہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کی قیمت دس روپے ہے۔

6. Weeding Hoe.

دمڑائی والا پھاوڑہ، خودرو پودے نکالنے والا پھاوڑہ

i) Method of manufacture تیار کرنے کا طریقہ۔

Blade بلیڈ (A) کو کاربن اور اسٹیل سے مل کر بنایا جاتا ہے اور اس کی ناپ 6" × ½" 2 کی ہوتی ہیں Ginning machine کپاس سے بنولے نکالنے والی مشین کے استعمال شدہ نائف پلیٹ سے اس کو تیار کیا جا سکتا ہے۔ 6" لمبائی والا حصہ تیز دھار دار کر دیا جاتا ہے۔ ایک چھڑ (B) جو ½" گولائی کی ہوتی ہے

ادر 9½" چپٹی چوڑی ہوتی ہے اس کے ایک سرے پر ادر بلیڈ کے بیچوں بیچ میں جڑ دی جاتی ہے اور چھڑ کا دوسرا سرا پائپ (C) سے جڑا ہوتا ہے۔

پائپ (C) کو M.S. Sheet 26 SWG لوہے کی چادر M.S. سے بنایا جاتا ہے یہ نصف دائرہ کی صورت میں ہوتا ہے اور چھڑ پر جڑا ہوتا ہے جس کا سرا بیٹ کر اسی محیط کے برابر گول کر لیا جاتا ہے جتنا محیط پائپ کا ہوتا ہے۔

پائپ کے محور سے بلیڈ blade ۴۵ ڈگری کا زاویہ بناتا ہے جس میں 5 فٹ لمبا بانس کا ٹھوس دستہ لگا ہوتا ہے۔ یہ کیلوں سے مضبوطی سے جڑا ہوتا ہے۔

(پلیٹ IC میں شکل نمبر 6) دیکھیے۔

استعمال کا طریقہ :-

(ii) How operated:

یہ اوزار کسی آدمی کو کھڑے ہو کر نرائی Weeding کے کام کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے بلیڈ کو مٹی میں دھنسایا جاتا ہے اور کام کرنے والے کی طرف کھینچ لیا جاتا ہے۔

اس کی قیمت دس روپیہ ہے۔ موجودہ تخمیناً قیمت تیس روپئے۔

PLATE VI



PLANT PULLER پودے اکھاڑنے کا اوزار

پلیٹ نمبر III



زمین میں سوراخ کرنے والا اوزار

دوائی چھڑکنے والا اوزار
Duster

(پلیٹ II سے متعلق اشکال)

متعلق ایجنسی، زرعی ٹول ریسرچ سنٹر۔ بارڈولی۔ گجرات

یہ آسان طریقہ کا ڈسٹر کیڑوں کو مارنے کے چھڑکاؤ اور باورچی خانہ کے پیچھے آنگن کے کیڑوں کے مارنے کے لیے کام میں آتا ہے یہ آسانی سے گاؤں کے بڑھئی اور لوہار کی مدد سے بنایا جا سکتا ہے۔

بناوٹ: پاؤڈر کا ڈبہ جو 6" لمبا اور ½4" قطر کا ہو اور 26 swg. galvanised sheet لوہے کی شیٹ کا بنا ہو (شکل نمبر 1) جو CONE B کو ڈبے کے اوپری سرے سے A نیچے جوڑا جاتا ہے۔ دو ٹیوب D1 اور D2 دونوں 3" لمبے اور 1" قطر کے لیے جاتے ہیں اور اس CONE سے جوڑ دیے جاتے ہیں تاکہ پکڑنے اور لے جانے میں آسانی ہو۔ E پہلو کو ڈ والے شیٹ سے بنایا جاتا ہے اور تین طرف سے موڑ کر جکڑ دیا جاتا ہے۔ باہری حصہ ½4 سے 5" تک لمبا ہوتا ہے۔ یہ FACE E کچھ اندر کی طرف جھکا ہوتا ہے تاکہ پاؤڈر اس FACE پر لگ کر دھول کی طرح چھڑکا جاسکے پھنکنی کے نیچے ایک والو لگا ہوتا ہے جو ڈبہ میں ہوا جانے پر کھلتا ہے اور بند ہو جاتا ہے جب ہوا اس سے نکل جاتی ہے۔ جب پھنکنی کام میں آتی ہے تو A ڈبہ میں اس والو کے ذریعہ ہوا داخل ہوتی ہے اور ہوا کے دباؤ کی وجہ سے پاؤڈر باہر نکلتا ہے۔

ہنڈا کی شکل کے دو لکڑی کے ٹکڑے جن کی ناپیں 6" × 9" ہوتی ہیں ان سے پھنکنی بنی ہوتی ہے (شکل نمبر 3، 4 دیکھو) دوسرے سرے 3" اور 2" نصف قطر کے گول بنائے جاتے ہیں J آئیل کلاتھ oil cloth کے ذریعہ دونوں لکڑی کے ٹکڑوں کو پھنکنی 0" جاتا ہے۔ آئیل کلاتھ کو دوسری طرف ایسا رکھا جاتا ہے کہ پھنکنی دوسری طرف 10 انچ چوڑائی میں کھلتی ہے۔ دوسری طرف اس کو کیلوں اور چمڑے کے تسموں سے جکڑ دیا جاتا ہے۔ اور چمڑے کے فیتوں کو ایسا لگانا چاہیے کہ یہ Air Tight ہو جائے۔ پھنکنی کو چلانے کے لئے اور ایک دستہ 17" لگایا جاتا ہے۔ تین پنجوں کی مدد سے نچلے حصہ میں ایک نصف کرہ کا ایک پیالہ جوڑا ہوتا ہے۔ ہوا H سوراخ میں آتی ہے جس کے اندر والو Valve لگا ہوتا ہے۔ جب پھنکنی کھلتی ہے تو تین سوراخ

جو لکڑی کے ٹکڑوں میں ہوتے ہیں۔ ان میں ہوا آتی ہے جس کا والو valve بند ہو جاتا ہے جب پھنکنی کو دبایا جاتا ہے (ڈسٹر کے تمام حصے شکل نمبر ۲) میں دکھائے گئے ہیں۔

پاؤڈر کے ڈبہ A کے اوپری حصہ پر پھنکنی لگی ہوتی ہے۔ یہ پھنکنی ڈبہ سے latch G. کے ذریعہ جڑی ہوتی ہے (latch) کھلتا ہے اور اس کو پاؤڈر بھرنے کے پہلے باہر نکال لیا جاتا ہے ٹیوب C سے نچلی سطح تک پاؤڈر بھر دیا جاتا ہے۔ پاؤڈر باہر آتا ہے conc B اور ٹیوب C کے ذریعہ F میں ایک سی پائپ بندھا ہوتا ہے جس کے ذریعہ ڈسٹر کو کندھے سے لٹکایا جاتا ہے ایک ہاتھ پھنکنی پھر رکھا جاتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے پائپ D کو پکڑا جاتا ہے۔ پاؤڈر اس طرح کسی بھی سمت میں چھڑکا جا سکتا ہے۔ جب پھنکنی کو دبایا جاتا ہے تو ہوا کے دباؤ کی وجہ سے پاؤڈر ڈبہ سے ہو کر ٹیوب C اور D سے نکلنا شروع ہو جاتا ہے اور E پہلو سے نکلتا ہے اور کھیت میں ہوا کے ساتھ منتشر ہو جاتا ہے۔ اس کی قیمت -/20 بیس روپیہ ہے۔ موجودہ تخمینًا قیمت ۸۰ روپئے۔

پلیٹ نمبر ۲



FIG.1



FIG.2

A — POWDER CONTAINER
B — 26 S.W.G GALVANISED SHEET CONE
C — PIPE
D1 — 13" LONG PIPE
D2 — 13" LONG PIPE
E — 5" LONG SHEET FOLDED FROM THREE SIDES.
F, G — LATCH
H — HOLE
I — VALVE
J — OIL CLOTH
K — HANDLE



FIG.3



FIG.4

دوا چھڑکنے والا اوزار

زمین کا برما Hollow Earth Auger

(پلیٹ III کی اشکال دیکھئے) مٹی کھدائی کا کھوکھلا اوزار

متعلقہ ایجنسی :- زرعی ٹول ریسرچ سنٹر بارڈولی ۔گجرات

تمہید :- یہ آلہ کھیت میں سوراخ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۔ یہ سوراخ یا باڑہ لگانے کے لیے بانس گاڑنے یا کاشتکاری کو کھاد اور سینچائی کے پانی کی کفایت کے گھیرنے کے لئے لگائے جاتے ہیں مکمل کھیت کو جوتنے یا ان میں کھاد ڈالنے کی اس طرح ضرورت نہیں ہوتی ۔

بنانے کا طریقہ

(a) نصف دائرہ کی شکل کے بلیڈ اور 2 عدد ڈبے ۔

جیساکہ شکل K میں دکھایا گیا ہے دو پلیٹیں $\frac{1}{8}$" × 6" × 11" ناپوں کی کاٹ لی جاتی ہیں ۔ پیچھے کی طرف سے موڑ G اور H کو $\frac{3}{8}$" کی ناپ میں تیز کر لیا جاتا ہے اور ان کو بلیڈوں میں بدل لیا جاتا ہے ۔ 6" قطر میں دونوں پلیٹ کو نصف دائرہ کی شکل میں موڑ لیا جاتا ہے جو شکل نمبر 2 میں نقطہ دار لائن میں دکھایا گیا ہے کہ موڑ G کو 45° کے زاویہ پر موڑا گیا ہے ۔ H موڑ کو بھی اوپری حصہ کے قریب موڑ دینا چاہئے ۔ اب دونوں ڈبوں کو آمنے سامنے رکھنا چاہئے اور کسی دوسری طرح کی خامی کو دور کر دینا چاہئے ۔

(b) (جکڑی پٹی) Fixing strip

جیساکہ شکل نمبر 3 میں دکھایا گیا ہے $\frac{1}{4}$" × $\frac{1}{2}$" × 1" چپٹی چھڑ کو موڑ لیا گیا ہے ۔ $\frac{1}{4}$" ساز کے پیچ کو لگانے کے لئے دونوں طرف تین سوراخ ہونا چاہیے ۔ یہ سوراخ Counter Sunk (دوہری چھدائی والا) ہونا چاہیے مٹی کے اوپری حصہ میں ایک flange C (باڑھ) G جس میں دستہ لگا ہوتا ہے جڑ دیا جاتا ہے ۔

(c) دستہ

یہ دستہ $\frac{3}{4}$" قطر کے پائپ سے بنایا جاتا ہے جو $2\frac{1}{2}$ فٹ لمبا ہوتا ہے ۔ اس کا اوپری حصہ T سے باندھ دیا جاتا ہے ۔ T کے دونوں طرف 9" کا لمبا پائپ بندھا ہوتا ہے جو auger کو حرکت دینے میں معاون ہوتا ہے ۔

(شکل نمبر 1 میں مکمل Auger برما دکھایا گیا ہے)

استعمال کا طریقہ

جب چھلا زیادہ گہرا نہیں۔ ایک سوراخ کھودنا ہوتا ہے تو کھوکھلا ارتھ آیگر (مٹی کھدائی والا اوزار)
hollow earth auger استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جہاں سوراخ کرنا ہوتا ہے اس کے اوپر بالکل سیدھا آیگر کو رکھا
جاتا ہے اور کلاک وائز F دستہ کو گھمایا جاتا ہے۔ ٹی میں دو بلیڈ مٹی کو کاٹتے ہیں اور A نصف دائرہ والے
دو ڈبوں میں کھدی ہوئی مٹی اکٹھا ہوتی رہتی ہے۔ جیسے جیسے سوراخ گہرائی میں جاتا ہے بلیڈ سوراخ کو کاٹتے ہیں
اور اس کو ایک مقررہ قطر کا بنا دیتے ہیں۔ اگر اوپری پرت زیادہ سخت ہو تو اوپری حصہ کو کدال
کی مدد سے برما کو استعمال کرتے ہوئے ڈھیلا کر لیا جاتا ہے جب ڈبہ کھدی ہوئی مٹی سے بھر جاتا ہے تو برما کو باہر
نکال لیا جاتا ہے اور مٹی سے خالی کر لیا جاتا ہے۔ خالی برما ٹھیک پوزیشن میں سوراخ کو گہرا کرنے کے لئے پھر رکھا
جاتا ہے۔

برما بنجر زمین میں 2 سے 3 فٹ کی گہرائی کے سوراخ کرنے کے لئے پودوں کو لگانے کے لئے استعمال کیا
جاسکتا ہے۔ یہ بنجر زمین میں دقت سے سوراخ کرنے کی زحمت سے بچا لیتا ہے۔ یہ سوراخ کرنے کے لیے استعمال ہوتا
ہوتا ہے تاکہ بانس اور کھمبے یا پیڑ پودے گاڑے جاسکیں۔ اس کی قیمت 35 روپیہ ہوتی ہے موجودہ تخمیناً قیمت 80 روپئے۔

بیج اور کھاد ڈالنے والا ہاہن

Seed Cum Fertilizer Drill

(شکلیں پلیٹ نمبر ۷ سے متعلق ہیں)

متعلقہ ایجنسی :۔ الٰہ آباد اگریکلچرل انسٹی ٹیوٹ نینی ۔ الٰہ آباد

تمہید : آج کل گیہوں کی مختلف اقسام کی بوائی کے علاوہ دوسری فصلوں کی بوائی کے لیے بیج اور کھاد کو بونے کی ضرورت محسوس کی گئی ۔ اچھے قسم کے گیہوں کو قطاروں میں بونے کے لئے ″4½ سے ″5½ کی دوری کے لئے سفارش کی گئی ہے ۔ اس کے علاوہ کھاد کے ساتھ بیجوں کو بونے کے لئے اس کو دو آپریشن میں عمل کرنے کی ضرورت ہے جس سے کھاد ضائع ہونے سے بچ جاتی ہے ۔

بناوٹ : سیڈ کم فرٹی لائزر کے مندرجہ حصے ہوئے اور دیے ہوئے طریقہ سے بنایا جاتا ہے ۔

(1) کیاری کھولن Furrow Openers ایک طرح اور درجن ان کے چھ کیاری کھولنے والے ہوتے ہیں openers کے درمیان کی دوری کم و زیادہ کی جاسکتی ہے اور ان کو نکالا بھی جاسکتا ہے ۔ زمین کی مٹی کی نوعیت کے مطابق ان کی تعداد بھی کم اور زیادہ کی جاسکتی ہے اور ان کو نکالا بھی جاسکتا ہے ۔ اس کی تعداد گھٹانے اور بڑھانے میں خیال رکھنا ہوتا ہے کہ بیل اس کو کھینچ سکیں گے یا نہیں ۔

(2) بیج کے لیے بکس: Seed Box

ایک ہٹائے جانے والے تختے کے ذریعہ بیج کے بکس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے اس کا آدھا حصہ چھ میٹرنگ ترکیب سے بیجوں کے لیے جوڑ دیا جاتا ہے اور دوسرا آدھا حصہ کھاد کے لیے چھ میٹرنگ ترکیب سے منسلک ہوتا ہے ۔ بیج اور کھاد میٹرنگ ترکیب میں صرف چھوٹے ڈھکن بکس میں ڈھکنے یا بند کرنے کے لیے کسی بھی تعداد کی میٹرنگ ترکیب کو روکنے کے لیے لگے ہوتے ہیں (شکل نمبر 1 ۔ اور 2 ۔ سامنے اور پچھلے حصے کا نقشہ rear view کے ڈرل کو ظاہر کرتی ہیں ۔

ترکیب استعمال : بیج میٹرنگ ترکیب کے ڈھکن کو بند کر دیا جاتا ہے اور بکس کو کھاد سے بھر دیا جاتا ہے سب Tubes کو کھاد کی میٹرنگ یونٹ سے Furrow openers منسلک کر دیا جاتا ہے ۔ کھاد کو کسی بھی گہرائی تک کسی بھی مقدار میں ڈالا جاسکتا ہے ۔ پودے لگانے کے کام کو شروع کرنے کے لیے تمام کھاد کو بکس سے نکال لیا جاتا

ہے اور کھاد میٹرنگ ترائیب کا ڈھکن بند کر دیا جاتا ہے۔ بکس کو بونے والے بیجوں سے بھر دیا جاتا ہے۔ تمام ٹیوب، بیج میٹرنگ یونٹ کو Furrow openers سے منسلک کر دیے جاتے ہیں اور Furrow openers کو چاہی ہوئی قطار سے قطار کی دوری پہ کم و زیادہ کر لیا جاتا ہے۔

اس سسٹم کا فائدہ یہ ہے کہ بیج کے باہمی Seed Drill کی چوڑائی کو دوسرے ڈیزائنوں سے دوگنا کر دیا جاتا ہے جو صرف 3 Furrow openers بیجوں کے لیے اور تین Furrow opener کھاد کے لیے رکھتے ہیں۔

فصل کے جیسے خریف کے لیے باہمی Drilling کے واسطے بکس کو منقسم کر لینا چاہیے اور تین Furrow opener کو کھاد گرانے کے لیے اور ان کو بیج بونے کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ خریف کی بوائی میں قطاروں کے درمیان کی دوری 9 انچ ہونا چاہیے۔ Furrow opener کھاد کے لیے چاہی ہوئی گہرائی اور دوری کے لیے ہم آہنگ Adjust کر لینا چاہیے۔ Sorgham یا باجرہ کو قطاروں میں بونے کے لیے 18" سے 21" یا اس سے زیادہ کی دوری ہونا چاہیے۔ اور وہی عمل دوہرانا چاہیے جیسا کہ خریف کی بوائی میں کیا گیا تھا صرف بیج کے اور کھاد کے میٹرنگ ڈھکن کو بند کر دینا چاہیے۔ اور بیج میٹرنگ کے ڈھکن کو بھی۔

احتیاط Precaution

جب ہم Seed-cum -Fertilizer drill استعمال کر رہے ہیں تو ہم کو دیکھ لینا چاہیے کہ بیج باقاعدگی سے اپنی مناسب گہرائی میں گر رہے ہیں یا نہیں۔ اس کی قیمت تقریباً دو سو روپیہ ہوتی ہے۔

پلیٹ نمبر ۱۷



FIG. 1

FRONT VIEW



FIG. 2

REAR VIEW

بیج اور کھاد ڈالنے والا اوزار

SEED AND FERTILIZER DRILL

دستی بیج باہن

HAND SEED DRILL

ہینڈ سیڈ ڈرل (پلیٹ کی اشکال دیکھو)

متعلقہ ایجنسی:- ایگریکلچرل ریسرچ سنٹر۔ یارڈ دلی۔ گجرات

تمہید: پلیٹ نمبر ۵ میں ایک قطار والا سادہ بیج باہن سیڈ ڈرل دکھایا گیا ہے جو آسانی سے گاؤں کے لوہار کے ذریعہ بنوایا جا سکتا ہے۔

بناوٹ: یہ زیادہ تر مندرجہ ذیل حصوں سے بنا ہوتا ہے۔

(ا) A (شکل نمبر ۱) A

(ب) پائپ B (شکل نمبر 3)

(ج) (شکل نمبر 4) Furrow openers کیاری کھولنے والا

(د) بولی D (شکل نمبر ۵)

(ہ) رسّی E (شکل نمبر 2)

(و) کندھے کے لیے فیتہ (شکل نمبر 6) Shoulder strip

(ز) چمٹی اور چھلا (شکل نمبر 7) Clips and ring

پائپ اور نل پرانے پائپ سے بنائے جا سکتے ہیں یعنی اس پائپ سے جو پہلے سے مٹی کا تیل نکالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے پائپ کے ایک سرے پر C Furrow opener کیاری کھولنے والا کو لگا دیا جاتا ہے۔ دوسرے سرے پر رسّی E سے ایک چھلا ہک کے ذریعہ باندھا گیا ہے۔ رسی کے دوسرے سرے کو کندھے پر ڈالنے فیتہ اور بانس سے باندھ دیا گیا ہے اور لوہے کے کو ذریعہ بانس ڈوی D کو جکڑ دیا گیا ہے۔

کارکردگی:- یہ اوزار دو آدمیوں کے ذریعہ کام میں لایا جاتا ہے۔ ایک آدمی فیتہ F کو اپنے کندھے پر ڈالتے ہوئے اس اوزار کو کھینچتا ہے اور وہ بانس D کو پکڑے رہتا ہے۔ دوسرا آدمی پائپ کو پکڑتا ہے اور بیج یا کھاد کو Funnel کے ذریعہ ڈال دیتا ہے بیج یا کھاد پائپ B سے ہو کر گزرتے ہیں اور C Furrow opener تک جا کر گرتے ہیں۔

اس کی قیمت ۲۵ روپے کے قریب ہوتی ہے۔

PLATE VIII



FIG. 1

MULTI PURPOSE HAND OPERATED
IMPLEMENT WITH SEED-DRILL ATTACHMENT.



WITH PLOUGH ATTACHMENT

MULTIPURPOSE HAND
OPERATED IMPLEMENT

FIG. 2

کثیرالمقاصد ہاتھ سے چلانے والا اوزار
بیج اور کھاد ڈالنے کے لیے

پودہ اکھاڑنے والا اوزار

PLANT PULLER

(پلیٹ سے متعلق اشکال 6 دیکھو)

متعلقہ ایجنسی :۔ زرعی ٹول ریسرچ سنٹر۔ بارڈولی۔ گجرات

تمہید :۔ یہ بہت آسان اور معمولی ترکیب پر بنا ہے۔ پودوں کی جڑیں سوکھی جیسے ارہر۔ گنا۔ کپاس وغیرہ کو زمین سے کھینچ کر نکالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ آسانی سے غیر استعمال شدہ سامان سے دیہات ہی میں لوہارسے بنوایا جاسکتا ہے۔

بنانے کا طریقہ

بازو AB کو $1\frac{1}{2}" \times \frac{1}{2}"$ کو Mild لوہے اسٹیل کی چادر سے بنایا جاتا ہے اور یہ ٹائر سے بہت اچھی طرح بنایا جاسکتا ہے یعنی ایسا ٹائر جو لوہے کا بنا ہو تانگہ یا بیل گاڑی کے پہیوں پر چڑھی ہو یہ 12" فٹ کی لمبائی میں مل سکتی ہے جس سے تین بازو بنائے جاسکتے ہیں۔

G.E. (Jaw) جبڑا کو نصف دائرہ کی شکل میں بنایا جاسکتا ہے اور اس کے لئے 19" لمبی اور $\frac{1}{2} \times 1\frac{1}{2}$ اسائز کے مائلڈ اسٹیل کی چادر لی جاتی ہے۔ سرا G جبڑے کی شکل کا بنایا جاتا ہے اور E کو fulcrum. ٹیک لگانے والے بلے کی طرح استعمال کیا جاتا ہے (شکل نمبر 4)

ایک دوسرا $10" \times \frac{1}{2}" \times 1\frac{1}{2}"$ M.S. Flat کو F جبڑے کی شکل میں jaw G کا جوڑ بنانے کے لیے موڑ دیا جاتا ہے۔ دونوں جبڑوں $\frac{1}{2}"$ اور $\frac{3}{4}"$ قطر کے پیچوں سے جکڑ دیا جاتا ہے (شکل نمبر 5۔ 6 دیکھو)

بازو F کا اوپری سرا آرم (بازو) C سے $\frac{5}{16}"$ قطر کے پیچ سے جوڑ دیا جاتا ہے اور دوسرا فیتہ H (شکل نمبر 3) نچلے پیچ سے جوڑ دیا جاتا ہے اور پیچ D کے اوپری حصہ پر رکھا ہوتا ہے تاکہ یہ مناسب پوزیشن میں رہے اور ڈھیلا نہ پڑے (مکمل پلانٹ پلر شکل نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے۔)

کام کرنے کی ترکیب :۔ پودے کے جڑ کے نزدیک کا تنہ جبڑے F اور G کے درمیان مضبوطی سے پکڑا جاتا ہے جیسا کہ شکل نمبر 1 میں دکھایا گیا ہے ایک آدمی آرم A کو اپنی طرف کھینچتا ہے یہاں E فلکرٹیک دینے کا کام کرتا ہے۔ اسی طرح کپاس اور ارہر کو آسانی سے کھنچوایا جاسکتا ہے اور کھیت کو جوتنے کے قابل بنایا جاسکتا ہے۔ ایک دن میں اس طرح دو ایکڑ کھیت صاف کیا جاسکتا ہے۔ اس کی قیمت 5 8 روپئے کے قریب ہوتی ہے۔ موجودہ قیمت تخمیناً 80 روپے۔

جانوروں سے کھینچا جانے والا آلو کی کھدائی کا اوزار

ANIMAL DRAWN POTATO DIGGER

(پلیٹ نمبر، کی اشکال ملاحظہ کیجئے)

متعلقہ ایجنسی :- الہ آباد زرعی انسٹی ٹیوٹ۔ نینی۔ الہ آباد یو۔پی

تمہید :- ایسے مکینکل آلو کھدائی کے اوزار کو ڈیزائن کرنے کی بہت ضرورت محسوس کی گئی جو بیلوں سے چلایا جاسکے تاکہ آلو بونے اور کھودنے کی زحمت طلب طریقہ میں سدھار کر کے وقت کی بچت کی جاسکے اور جو ایسی ہی دوسری فصلیں جیسے شکر قند وغیرہ کی کھدائی میں کام میں لایا جاسکے۔ ابھی تک ان کی کھدائی کے لئے پھاوڑہ وغیرہ کا طویل وقت میں استعمال ہوتا رہا ہے۔ اس ڈیزائن کا Potato digger محنت کی قیمتوں میں کمی کرکے کم وقت میں یہ کام انجام دے دیتا ہے۔ اس طرح کاشت کار کا نفع بھی بڑھ جاتا ہے۔

وہ جو اصول جس پر Potato digger ڈیزائن کیا گیا ہے زمین کو متوازی ڈھنگ سے پھاڑنا ہے لیکن اس گہرائی کے نیچے جس پر آلو جڑوں میں لگے ہوئے ہیں اس میں ایک استعمال کیا جاتا ہے جو آلوؤں کو مٹی سے الگ کر دیتا ہے اور ڈگر کی دوسری طرف چھوڑتا جاتا ہے۔ اس ڈیزائن کے لیے معمولی بناوٹ کی ضرورت ہے جس سے آلو وغیرہ Grading frame کو کم سے کم نقصان پہونچ سکے اور ان کو سطح پر لایا جاسکے۔

بناوٹ :- Digger چار خاص حصے ہوتے ہیں۔

(1) Share شکل 2 (2) الگ الگ کرنے والا فریم Grading frame یا پلیٹ فارم شکل نمبر 1

(3) سارس گردن والی شہتیر Goose neck short settle beam شکل نمبر

(4) ہلانے والا پہیہ Shaker wheel جس کے پہیہ گریڈنگ پلیٹ فارم کے نیچے ہوتے ہیں۔ شکل نمبر 3 دیکھو۔

(1) The share 43 سنٹی میٹر چوڑا اور 38 سنٹی میٹر لمبا۔ بیضاوی شکل کا آلو مع جڑوں کے اکھاڑنے اور کھودنے کے کام آتا ہے۔

(2) The Grading frame or Platform الگ الگ کرنے والا فریم سے متصل یہ
M.S. چھڑ کا ۹×۱۰ سنٹی میٹر سائز کا ہوتا ہے جو Share سے متصل چھڑ سے Weld کیا ہوتا ہے اور جس کے
دونوں طرف دھات کی چھڑ کے guards لگے ہوتے ہیں جو دونوں طرف گزرنے والی اشیاء کی رہنمائی کرتے ہیں
یہ ایک قلابے والا hinged frame فریم ہوتا ہے اور shaker wheel ہلانے والے پہیے اسکے ساتھ اور اس کے
متحرک ہونے سے اوپر نیچے جاتا ہے۔

(3) ہلانے والا پہیہ The Shaker wheel

یہ 26 سنٹی میٹر قطر کا 6 سنٹی میٹر چوڑا ہوتا ہے جس میں ۶ سنٹی میٹر ۹ سنٹی میٹر اونچے لگے ہوتے ہیں اور ہر ایک
الگ الگ کرنے والے فریم Grading frame کے نیچے ہوتے ہیں اور کل گریڈنگ فریم ۹ سنٹی میٹر گہرائی
کا وار زمین کھودنے کے لیے لگاتا ہے اس کی جلد جلد کارکردگی سے آلو جڑوں سے الگ ہو کر مٹی سے نکل آتے ہیں ۔

(4) لوازمات Accessories

اس میں شہتیر Beam شامل ہے جو ہنس کی گردن کی طرح ہوتی ہے اور Gauge wheel
چھوڑا Shovel بھی اس زمرے میں آتے ہیں۔ ہنس کے گردن نما چھڑ M.S. Flat سے
بنی 7.5×1.5 اور 130 سنٹی میٹر کی ہوتی ہے Shaker کو بیم کے نچلے حصہ پر جکڑا جاتا ہے اور اوپری حصہ
گہرائی کے وار کو کنٹرول کرنے کے لیے ایک Nautical hitch رکھتا ہے ۔ بیم کے ساتھ دو لکڑی کے
دستے اس کو چلانے اور متوازی کرنے کے لیے لگے ہوتے ہیں۔ گیج ویل کی گہرائی اور اس کی دوری ایک دوسرے
سے ہم آہنگ Adjust کر لی جاتی ہے۔ ان میں سے ایک ابھرے ہوئے حصہ Ridge اور
دوسرا کونڈ Furrow میں رہتا ہے اور جس کے ذریعہ گہرائی کے لیے کنٹرول کیا جاتا ہے Share کے
سامنے ایک Small shovel کی طرح کی بناوٹ کا جکڑا ہوتا ہے کھودنے اور Crown of
ridge کو ڈھیلا کرنے کے جکڑا ہوتا ہے یہ کھر ہموار اور آلو کے پودوں کو ان کی بیلوں کی رکاوٹ سے بچاتا ہے۔

کام میں لانے کا طریقہ :- ایک بیلوں کی جوڑی اور دو آدمی اس مشین کو چلانے کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ مناسب ترمیمات گاج
وہیل اور Verticalhitch میں کر دیئے جاتے ہیں Digger مکمل Ridge کو کھودتا ہے اس گہرائی تک جہاں
آلو جڑوں سے لگے ہیں بیلچہ نما شکل کا Share مٹی کو کاٹتا ہے اور گریڈنگ فریم پر مٹی کے ساتھ آلو بھی اوپر لاتا ہے اور اس
Shaker یعنی چکر کرتے ہوئے پہیہ کی وجہ سے Jerking action ہوتا ہے جس کا ایک پایہ ۹ سنٹی میٹر
لمبا ہوتا ہے اور اس جھٹکے کی وجہ سے آلو مٹی کے جھٹکے سے الگ ہو جاتے ہیں اور اس کے بعد آلوؤں کی ٹوکری میں اکٹھا کیا جاتا ہے۔

Performance Width ofthe cut - 50 cm.
Depth of the cut 15 - 20 cm. Total draft 140 - 200 Kg.
Price Rs. 200.00 approx

PLATE VII



FIG. 1



FIG. 2



FIG. 3

ANIMAL DRAWN POTATO DIGGER

آلو کھدائی کرنے کا اوزار

کثیر المقاصد دستی اوزار

A multipurpose hand operated implement

(پلیٹ نمبر 5 سے متعلق اشکال دیکھو)

متعلقہ ایجنسی :- الہ آباد زرعی انسٹی ٹیوٹ نینی۔ الہ آباد

تمہید :- کبھی کبھی ایسی مشین کی ضرورت ہوتی ہے جو صرف ایک ہی فرد سے کام میں لائی جا سکے۔ ایسی مشین جو کچن گارڈن سبزی کی کھیتی Kitchen garden کیاریوں اور سبزی کے باغ میں کام میں لائی جا سکے۔ ایسی ہی ایک مشین کا بیان ذیل میں کیا جا سکتا ہے جو ان تمام کاموں کے لئے استعمال میں لائی جاتی ہے اور جس سے جتائی اور سوراخ کرنے کا کام انجام دیا جا سکتا ہے۔

تفصیلات :- اس مشین کو جیسا کہ ڈرائنگ سے دکھایا گیا ہے وغیرہ آسانی سے بنایا جا سکتا ہے۔ یہ پہیے اور دستہ سے بنی ہوتی ہے۔ اس مشین سے ہل۔ Harrow یا بج بابن Seed drill کے اوزار وغیرہ کو اس سے جوڑا جا سکتا ہے۔ پانچ قسم کے اوزار مختلف ضروریات کے لیے اس سے منسلک کئے جا سکتے ہیں (1) ہل، Plough (2) جتائی کرنے والا اوزار Cultivator (Rake type)

(3) Cultivator (sweep type)

(4) Sweep (Harrow type)

(5) Seed drill

ہل اور Harrow کو اس سے جوڑنے پر 5 سنٹی میٹر گہری اور 15 سنٹی میٹر چوڑی اس سے جتائی کی جا سکتی ہے اور Cultivator rake جڑی ہوئی زمین سے گھاس اکھٹا کرتا ہے اور ڈھیلوں کو آسانی سے پھوڑتا ہے۔ Cultivator(sweep type) اس میں تین Sweep ہوتے ہیں اور یہ 20 سنٹی میٹر تک کی گہرائی تک استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ اس کا خاص استعمال کھیت کی مٹی کی دوسری تہہ کو پھوڑتا ہے اور 5 سنٹی میٹر تک نرم کر دیتا ہے یہ کھیتوں میں گھاس کاٹنے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے Sweep جس کی شکل تیر جیسی ہوتی ہے۔ زمین میں دھنس جاتا ہے اور اس کو آسانی سے Arrow Head ڈھیلا کر دیتا ہے جو فصل کی بوائی کے لئے استعمال کی جا سکتی ہے۔ شکل نمبر … میں مشین کو Seed drill کے ساتھ دکھایا گیا ہے اور شکل … اس کو ہل کے ساتھ جوڑے ہوئے دکھایا گیا ہے۔

بیج بابن Seed drill گیہوں، چنا، مٹر، باجرہ اور سرسوں وغیرہ کی اچھی بوائی کر سکتا ہے۔ اس مشین کو بہار کی سخت ترین اور گھر کے باغ میں بہت سے کاموں کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس کی قیمت ۱۰۰ روپے ہوتی ہے۔


SEED DRESSER
بیج اور کھاد ملانے والا
46 cm
35 φ cm
SPINDLE
BEARING
بیرنگ
HANDLE
ہینڈل
DOOR FOR PUTTING IN SEED & FERTILIZER
بیج اور کھاد ڈالنے والا دروازہ
بیج ڈالنے والا دروازہ
DRUM
ڈھول
FRONT ELEVATION
SIDE VIEW
PLATE X

مقامی پھل توڑنے کے اوزار

Local fruit picker

(پلیٹ نمبر 9 کی اشکال دیکھئے)

تمہید :۔ کبھی کبھی آم اور سیب کے درختوں سے پھل توڑنا مشکل ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ آدمی درخت کی چوٹی پر چڑھ جاتا ہے لیکن شاخیں نازک اور لچکیلی ہونے کی وجہ سے اس کو اپنے وزن کی وجہ سے گرنے کا خدشہ رہتا ہے اس لیے یہ ضرورت ہوئی کہ کوئی ترکیب ایسی نکالی جائے کہ زمین پر کھڑے رہ کر ہی درخت کے تمام پھل توڑ لیے جائیں۔ ایسی ہی ترکیب پر مندرجہ ذیل اوزار کو بنایا گیا ہے جس کو آسانی سے کہیں بھی اور استعمال کیا جا سکتا ہے۔

بناوٹ :۔ ایک تین گانٹھ والا بانس کا ٹکڑا لیجئے اس کے اوپر اور نچلی گانٹھ کاٹ دیجئے جیسا کہ شکل نمبر 3 میں دکھایا گیا ہے اوپری حصہ کو 6 سے 8 پھانکوں میں پھاڑ دیجئے اور اس کٹے ہوئے حصہ میں لکڑی کے ٹکڑوں کو جکڑ دیجئے اور اس طرح یہ اوسط سائز کے پھل جیسے آم اور سیب وغیرہ اپنے گڈھے میں لے لیں گے۔ ایک بڑھانے کے لیے چھڑی یا بانس کو ان بانس کے ٹکڑوں سے باندھ دو اور بڑے بڑے اونچائی کے درخت کے لیے ان کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔ شکل نمبر 9 میں یہ دکھایا گیا ہے کہ کس طرح آم اس کے ذریعے سے توڑے جا سکتے ہیں اور کس طرح زمین پر بغیر کسی نقصان کے رکھے جاتے ہیں۔

قیمت : اس کی قیمت 5 روپیے سے زیادہ نہیں ہوتی اور ایک بانس قریب 2 روپیہ کا پڑتا ہے اور دیہات میں بغیر کسی قیمت کے یہ دستیاب ہو سکتا ہے۔ موجودہ تخمینا دس روپے۔



PLATE IX
FIG. 1
TAKE A BAMBOO PART OF THREE KNOTS
تین گرہ کا بانس
اوپر کے گرہ کاٹ دیے گئے
CUT ITS UPPER KNOT
FIG. 2
CUT IT INTO 6 TO 8 SLICES
BY KNIFE AS SHOWN IN FIG.
اوپری حصہ کو چھ یا آٹھ حصوں میں بانٹیے
FIG. 3
لکڑی کے ٹکڑے
WOODEN PIECES
NOW FRUIT PICKER IS READY
USE IT BY ATTACHING
A LONG BAMBOO
اب پھل توڑنے والا اوزار تیار ہو گیا
FIG. 4
FIG. 5
A MAN IS PLUCKING MANGO BY
USING A FRUIT PICKER.
اوزار سے آم توڑا جا رہا ہے
FRUIT PICKER
پھل توڑنے والا اوزار

بیج کو ملانے والا اوزار

Seed dresser

(پلیٹ نمبر ۱۵ کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید : یہ ایک کارآمد ترکیب ہے۔ کچھ عناصر Ingredients کو ملانے یا اشیا رکو ہاتھ سے ہلانے یا Tumble کرنے کی۔

بناوٹ : ایک 35 سنٹی میٹر قطر اور 64 سنٹی میٹر لمبائی کا ڈھول لو۔ اس کے علاوہ سائز بھی حالات یا ضرورت کے حساب سے لی جا سکتی ہیں جس کو متوازی Spindle پر چڑھا دیا جاتا ہے اور ڈھول کو ایسا رکھا جاتا ہے کہ بڑا والا اس کے کنارے پر لگے دستے سے سنا ہے اور تکلی Spindle کو بھی متوازی طور سے دو بیرنگ پر چڑھایا جاتا ہے جس کے ایک حصے پر ایک دستہ لگا ہوتا ہے اور بیرنگ کو بھی Bearing دو طرف دو Stands پر لگایا جاتا ہے۔ ڈھول کے ایک طرف سرے پر ایک چھوٹا دروازہ ہوتا ہے جس کو کس کر بند کر دیا جاتا ہے۔ ڈسٹر کا سامنے اور جانب کا Elevator شکل میں دکھایا گیا ہے۔

استعمال کا طریقہ : بیج اور کھاد کی طرح کی اشیا یا ایسی اشیا جیسے لکڑی کا برادہ اور دوسری پالش کرنے والی اشیا جس کو ہلانا اور ملانا ہے ڈھول کے اندر بھر دیے جاتے ہیں جس میں دو Pins پوری لمبائی کے لگے ہوتے ہیں دروازہ مضبوطی سے بند کرنے کے بعد دستہ کو تیزی سے گھمایا جاتا ہے۔ ڈھول کے بے مرکز آلہ Eccentric جھکاؤ کی وجہ سے ڈھول کا اوپری حصہ نیچے آجاتا ہے اور نچلا حصہ اوپر چلا جاتا ہے ہر ایک چکر کے وقت ایسا ہی ہوتا ہے اس طرح ڈھول کے اندر اشیا ایک دوسرے سے بڑی اچھی طرح گھل مل جاتے ہیں۔ یہ کام بہت جلدی میں ہوتا ہے۔ اشیا کا مخصوص دروازہ کھول کر کیا جا سکتا ہے اور جب وہ مکمل طور سے مل جائیں یا ان پر پالش ہو جائیں تو اس دروازہ سے وہ نکالے جا سکتے ہیں۔

قیمت : اس مشین کو دیہات میں بنانے پر 25 روپیہ کی صرف لاگت آئے گی۔

موجودہ تخمینا قیمت سو روپے۔

Paddy transplanter

دھان روپنی کرنے کا اوزار

پیڈی ٹرانس پلانٹر (ابجر کی پلیٹ سے متعلق اشکال ملاحظہ کیجئے)

متعلقہ ایجنسی :۔ کالج آف اگریکلچرل انجنیرنگ ۔پنجاب اگریکلچرل یونیورسٹی لدھیانہ

تمہید : مرطوب تر خط استوائی کے گرم ممالک میں دنیا میں دھان کی فصل ایک مخصوص اور اہم فصل ہے۔ ملک کے بیشتر حصوں میں دھان بہت کثیر تعداد میں بویا جاتا ہے اور خاص طور سے اپنے ملک کے جنوبی اور پوربی علاقے میں اس کی کاشت ہوتی ہے۔ کیوں کہ اس کی فصل کے لیے پانی بہت مقدار میں درکار ہے اس لیے کھیت کو بہت طویل عرصہ تک پانی کے نیچے نہیں رکھا جا سکتا ہے۔ اس لئے دھان کے لئے پہلے چھوٹی نرسری کے ٹکڑوں میں پودے کے روپ میں لگاتے ہیں اور جب ان کے پودے ایک مہینہ کے ہو جاتے ہیں پھر پودوں کو اکھاڑ کر کھیتوں میں لگا دیا جاتا ہے۔ پودوں کو کھیتوں میں منتقل (ٹرانسفر) کرنا ایک زحمت طلب اور وقت لینے والا عمل ہے۔ اور ابھی تک کوئی ایسی مشین نہیں بنائی گئی ہے کہ جو پرورش شدہ پودوں کو آسانی سے کھیتوں میں ٹرانسفر کر سکے۔ زرعی یونیورسٹی لدھیانہ نے ایک ایسی مشین بنائی ہے جس کا تفصیلی بیان میں کیا جاتا ہے۔

مشین کی تفصیلات :۔ اس مشین کا ڈھانچہ تین پہیوں پر رکار رہتا ہے۔ دو پہیہ ایک مشترکہ دھرا میں لگے رہتے ہیں اور ایک محور سے جڑا رہتا ہے اور دوسرا آزادی سے گھومتا ہے اور پشت کی جانب تیسرا پہیہ مرکز میں لگا رہتا ہے تاکہ مشین مضبوطی سے کام کر سکے۔

Crucible میں دھات اتنی بھر کر Coke Bed پر رکھ دو کہ حد سے آگے نکلنے نہ پائے، منھ تک coke، without overloading کے چاروں طرف کی جگہ کو بھر دیا جاتا ہے اور برتن کے اوپر ڈھکن لگا دو۔ جب یہ ہو جائے تو بھٹی کی طرف توجہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن یہ دیکھنا ضروری ہے کہ آگ مناسب طریقہ سے جل رہی ہے یا نہیں۔ جیسے ہی دھات اتنی گرم ہو جائے کہ کاسٹنگ کے انڈیلی جا سکے تو بھٹی سے crucible نکال لینا چاہیے اور Shank میں Set کر لینا چاہیے۔ اور دھات انڈیل دینا چاہیے۔ بھٹی کی تلی اور باڑی Grate کو

بورا کیے سے الگ رکھنا چاہیے اور ڈھلائی معیاری اور مکمل نہیں ہو سکے گی اور اس طرح ڈھلائی میں دھات کو گرم کر کے انڈیلنے میں بہت پریشانی ہو جائے گی۔

(6) Pouring انڈیلنا

سانچے میں پگھلے ہوئے دھات کو انڈیلنے میں بہت ہوشیاری کی ضرورت درکار ہے اس کے انڈیلنے کی رفتار کام کے نتیجہ پر منحصر کرتی ہے۔ اس کو بہت دھیرے دھیرے انڈیلنا چاہیے تاکہ گیس نکلتی جائے لیکن اتنی تیزی بھی ضروری ہے کہ دھات سانچے میں یکدم ٹھنڈی نہ ہونے پائے۔ اور Cold Shuts نہ بننے پائیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ کاریگر اس بات کا پہلے ہی سے صحیح اندازہ لگائے کہ کتنی دھات درکار ہے۔ اگر مکمل طور سے سانچے میں ایک حصہ میں دھات نہیں بھرتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ کاسٹنگ کا عمل بے کار ہے۔

دھات کو انڈیلنے کے بعد بہت کافی دھات کو set کرنے کے لیے دینا ضروری ہوتا ہے چھوٹی کاسٹنگ میں یہ وقفہ صرف چند منٹ کا ہوتا ہے اور بڑی کاسٹنگ میں یہ کچھ گھنٹہ یا ہفتہ تک ہو سکتا ہے جب دھات مکمل طور سے SET ہو جاتی ہے تو کاسٹنگ کو بالو سے الگ کر دیا جاتا ہے۔

Cost Economics

Production

پیتل Brass	بیس 20 کلو گرام فی دن	
المونیم Aluminium	دس 10 کلو گرام فی دن	
		موجودہ تخمینہ
Machinery and equipment	مشین اور اوزار	7850.00
Raw materials	کچا مال	10030.00
Other expenses	دوسرے اخراجات	100.00
Number of persons expected to be employed	اس کام میں لگائے جانے والے لوگوں کی تعداد	4
Monthly expected earnings	ماہوار آمدنی کے امکانات	1513.00
Total recurring expenditure	اخراجات	
(1) Rent	کرایہ	250.00
(2) Raw materials	کچا مال	10030.00

(3) مزدوری Labour		550.00
(4) دوسرے اخراجات Other expenses.		100.00
Non-recurring expenditure	اخراجات	10930.00
(1) Machinery and equipment	مشین اور لوازمات	7850.00
(2) Miscellaneous	متفرقات	500.00
Total capital investment	کل لگایا گیا سرمایہ	8350.00
1. Total recurring expenditure	بار بار ہونے والے اخراجات	10930.00
2. Non-recurring expenditure	ایک بار ہونے والا خرچ	8350.00

نفع نقصان کا حساب

Profit and loss account

1. Total recurring expenditure	10930.00
2. Depreciation on machinery and equipment 10%	84.00
3. Interest on capital investment 10% ..	200.00
Total ...	11214.00
1. Expected production of 505 kg. of brass after allowing wastage of 5 kg. at Rs. 19.00/kg.	9595.00
2. Expected production of 255 kg. of aluminium after allowing wastage of 5 kg. at Rs. 12-00/kg	3000.00
Total ..	12595.00

Profit per month=Rs.12595.00—Rs.11214.00=1381.00

نوٹ : یہ تخمینہ بہت پرانا ہے۔ نیا ایجنسی سے بنوانا ہوگا ۔

PLATE XXXI



(1) CRUCIBLE
(2) COKE
(3) METAL
(4) GRATE
(5) REFRACTORY BRICK LINING
(6) DRAFT
(7) COVER
(8) STEEL SHELL
(9) CONCRETE LINED PIT
(10) FLUE GASES

COKE FIRED CRUCIBLE TYPE PIT FURNACE

دھات گلانے کی چھوٹی بھٹی

کھڑیا چاک بنانا

MANUFACTURE OF CHALK CRAYONS

(پلیٹ 32، 32A اور 32B سے متعلقہ اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی:- Small Industries Development Organisation, Nirman Bhawan, New Delhi. اسمال انڈسٹریز ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن نرمان بھون۔ نئی دہلی

کھڑیا کی بتیاں تعلیمی اداروں میں ایک اہم چیز ہے۔ ان کی ضرورت ہر ایک تعلیمی ادارہ میں چاہے وہ پرائمری اسکول ہو یا وہ یونیورسٹی میں ہر جگہ پڑتی ہے۔ ان کا استعمال بہت زیادہ سیمنار، سمپوزیا، میٹنگ اور کانفرنسوں میں ڈرائنگ کھینچنے، تصویریں بنانے، نوٹس لکھنے اور لیکچر کے نکات وغیرہ کو تختہ سیاہ پر لکھنے میں ہوتا ہے۔

Product specification

چاک اسٹک پلاسٹر آف پیرس سے بنی ہوتی ہیں اور یہ زیادہ تر گول لمبی sticks اسٹکس کی شکل کی ہوتی ہیں زیادہ تر یہ سفید ہوتی ہیں لیکن رنگین چاک بھی استعمال میں آتی ہے۔

Process of manufacture بنانے کا طریقہ

چاک اسٹکس بنانے کا طریقہ بہت آسان ہے اور آسانی سے ادھورے سیکھے کاریگروں کی مدد سے کیا جا سکتا ہے اس کے لیے کسی مشین کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جو خاص اقدام چاک اسٹکس کے بنانے میں کیے جاتے ہیں وہ ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

I. Preparation of slurry (گھول) سلری کا تیار کرنا

II. Moulding or casting سانچوں میں ڈھالنا

III. Drying the chalks کھریا کا سکھانا

IV. Packing پیکنگ کرنا

I. Preparation of slurry گھول سلری کا تیار کرنا

ایک پیالے میں ناپ کر پانی لیا جاتا ہے اور پلاسٹر آف پیرس کو دھیرے دھیرے پانی میں انڈیلا جاتا ہے اور پھر سلری کو ہاتھ سے ملا دیا جاتا ہے۔ اس طرح سے تیار کی ہوئی سلری ہر جگہ برابر ملاوٹ کی ہوتی ہے جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے کہ ہمیشہ پانی میں پاؤڈر ملانا چاہیے اور کسی حالت میں پانی میں پاؤڈر نہیں ملانا چاہیے۔

اس طرح سے تیار کی ہوئی سلری ۱۰ منٹ میں SET ہو جاتی ہے۔ سلری کی جتنی ضرورت ہو اسی سے

زیادہ کسی حالت میں بنانا نہیں چاہیے۔ صرف دس سے پندرہ منٹ سانچوں میں چاک اسٹک ڈھالنے میں لگتا ہے یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ مقدار۔ ultramarine blue or یا چینی نیلا chinese blue dyes رنگ کی اس پانی میں ملا دیا جائے جو سلری بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ نیلا سفید یا بھورے رنگ کو چاک اسٹکس سے اڑانے کا کام کرے گا۔

II سانچے میں ڈھالنا II. Moulding or casting

ڈھالنے کے لیے سانچہ تیار کر لینا چاہیے اس سے پہلے کہ سانچے کی خالی جگہ میں سلری انڈیلی جائے۔ سانچوں کو صاف کر لیا جاتا اور ان میں گریز یا lubricant وغیرہ کی ہلکی تہ لگا دی جاتی ہے اور زیادہ تر ان کو acrosin اور گرم دے تیل کی 4 اور 1 کی نسبت کی ملاوٹ سے بنایا جاتا ہے۔ سانچے المونیم کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔

اب سلری کو سانچے کی خالی جگہ میں انڈیلا جاتا ہے ایک تام چینی کا مگ An enamelled tumbler برتن انڈیلنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سانچوں کی سلری انڈیلنے کے بعد ہلا دینا ضروری ہے اس سے خالی جگہ کی ہوا نکل جائے گی۔ سلری کو دس سے پندرہ منٹ تک سانچے میں بیٹھ جانے دینا چاہیے۔

III سکھانا III. Drying

جب سلری اچھی طرح بیٹھ جائے تو سانچے کھول لیے جاتے ہیں اور سانچوں سے ہوشیاری سے چاک اسٹکس کو نکال لیا جاتا ہے اور لکڑی کی کشتیوں میں رکھ دیا جاتا ہے اور یہ کشتیاں دھوپ میں سوکھنے کے لیے رکھ دی جاتی ہیں۔ عام طور سے ایک دن کے لیے کھریا سوکھنے کا کام مکمل ہو جاتا ہے۔

نوٹ : رنگین کھریا اسٹکس بھی اسی طرح بنائی جاتی ہیں صرف water colours واٹر کلرس سلری میں ملا دیے جاتے ہیں رنگین چاک کو سایہ میں سوکھانا چاہیے۔ ورنہ ان کا رنگ اڑ جائے گا۔

IV پیکنگ IV. Packing

جب کھریا سوکھ جاتی ہے تو ان کو اکٹھا کر لیا جاتا ہے اور دفتی کے چھوٹے چھوٹے ڈبوں میں پیک کر دیا جاتا ہے۔ ایک باکس میں سو کھریا کی اسٹکس رکھی جاتی ہیں۔ جیسی گاہک کی ضرورت ہوتی ہے ان چھوٹے ڈبوں کو بڑے ڈبوں میں پیک کر دیا جاتا ہے۔ عام طور سے سو چھوٹے ڈبے ایک بڑے بنڈل میں رکھے جاتے ہیں۔ لکڑی کا برادہ کھریا اسٹکس کو پیک کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے تاکہ یہ ٹوٹنے نہ پائیں۔

ضروریات :- Production requirements

(۱) کچا مال: خاص کچا مال پلاسٹر آف پیرس ہے۔ کچھ مقدار چینی مٹی کی بھی سلری میں ملائی جا سکتی ہے تاکہ چاک

نرم ہو سکیں۔

1. **Raw material** واٹر کلر رنگین چاک بنانے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔

(2) مزدور **2. Labour**

اس عمل میں کسی خاص کاریگری کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ آدھے سیکھے کاریگر بھی کام کر سکتے ہیں۔

(3) لوازمات **3. Equipment**

(i) Aluminium moulds of 100 sticks each — سوکھانے کے لیے لکڑی کی کشتیاں

(ii) Wooden trays for drying size 1′×2′ — تامچینی کا برتن

(iii) Enamelled basin (iv) Enamelled mug — تامچینی کا جگ

(v) Sieve and small tools — چھلنی اور چھوٹے اوزار

Cost economics: (For producing 3000 boxes of 100 crayons each)

I. Non-recurring expenditure

Machinery and equipment

			Rs.
		روپے	روپے
(1) ١٠٠ المونیم کے سانچے۔ ١٠٠ چاک کی اسٹکس کے لیے			
1. Aluminium moulds of 100 sticks	100	Rs. 110/- per mould	1100.00
سوکھانے کے لیے لکڑی کی کشتیاں (2×1)			
2. Wooden trays for drying (1′×2′)	100	Re 1/- per tray	100.00
3. Enamelled basin تامچینی کا برتن	one	Rs. 25	25.00
4. Enamelled mug for taking out slurry from the basin and pouring تامچینی کا مگ	one	Rs. 5/-	5.00
			10.00
5. Sieve and small tools, etc. چھلنی اور چھوٹے اوزار			
		Total	1240.00



FIXTURE FOR MOULD (CHALK)

کھریا بنانے کا سانچہ

PLATE XXXII b



MANUFACTURING PROCESS

کھریا بنانے کی ترکیب

PLATE XXXII



MOULD FOR CHALKS کھریا یاچاک بنانے کا سانچہ

II. Recurring monthly expenditure ۔ اعادہ اخراجات

1.	Plaster of Paris 40 bags fo 35 g. each		Rs. 15 /bag	600.00
2.	Mustard or g. nut oil ..	five kg.	Rs. 10/kg.	50.00
3.	Kerosene oil	20 litres	Rs. 1.20 per litre.	24.00
4.	Packing boxes ..	3000	Rs. 15/100	450.00
5.	Saw dust	4 Bag	Rs. 5/bag	20.00
6.	China clay	2 Bags	Rs. 25/ bag	50.00
7.	Ultramarine blue ..			10.00
8.	Labour	3 Nos.	at Rs. 100 per month	300.00
				1504.00

CAPITAL REQUIREMENT

Non-recurring expenses	ایک بار کے اخراجات	1240.00
Recurring expenses per month	بار بار کے اخراجات	1504.00

Profit and loss account نفع نقصان کا حساب

Cost of production of 3000 boxes of 100 crayons each		1504.00
Interest on capital at 10%		11.00
	Total	1515.00
Income from sale of 300 boxes of 100 crayons each at Rs.65 per 100 box		1950.0
Monthly profit 1950—1515		435.00

نوٹ :۔ یہ تخمینہ پرانا ہے۔ نیا تخمینہ ایجنسی سے بنوانا پڑے گا۔

CANDLE MAKING

موم بتی بنانا

(پلیٹ نمبر 33 کی اشکال ملاحظہ کیجیے)

تمہید:- ہر جگہ بجلی نہیں ملتی ہے اور جہاں ملتی ہے وہاں بھی ہر وقت نہیں ملتی ہے۔ تیل کے مسائل کی وجہ سے مٹی کا تیل مہنگا ہوتا جا رہا ہے۔ موم بتی کا اپنا رول ہے جب بجلی چلی جاتی ہے۔ یہ ہلکی ہوتی ہے اور اس کو کہیں بھی دور سے جگہ سے جایا سکتا ہے۔ ریل گاڑی میں بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے سفر کے دوران، دیہاتوں اور قصبوں میں موم بتی کی بڑی اہمیت ہے۔ مغربی ممالک میں موم بتی بنانا ایک مخصوص ہنر ہے اور بہترین قسم کی موم بتیاں سجاوٹ کے لیے اور دوسرے نمائشی مقصدوں کے لیے بناتے ہیں ہندوستان میں اندھیرا دور کرنے کے لیے صرف ایک یہی ذریعہ ہے جب روشنی کے دوسرے ذریعے میسر نہیں ہوتے۔ دوسری دیسی صنعتوں کے مقابلہ موم بتی بنانے کی صنعت آسان ہے اور کم سرمایہ لگا کر چلانے والی ہے اور اس میں فائدہ بھی قدرے زیادہ ہوتا ہے۔

کچا مال Raw Material

(1) پیرافین ویکس Paraffin Wax۔ یہ ایک پٹرولیم کا Bye - Product Translucent ہوتا ہے۔ شہد کی مکھیوں کے چھتے والا موم بھی استعمال کیا جا سکتا ہے لیکن یہ مہنگا پڑتا ہے اور زیادہ تر بہت بہترین موم بتیوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

(2) Wick بتی۔ یہ زیادہ رنگ اڑائے ہوئے کپاس کے سوت سے بنائی جاتی ہے اس کو ڈھیلا بٹا جاتا ہے تاکہ حل ہو سکے۔

(3) Colours رنگ۔

رنگین موم بتیاں بنانے کے لیے Dye Soluble Oil کا استعمال کیا جاتا ہے۔

Appliances

(1) Moulds۔ سانچے: یہ سانچے المونیم کے بنائے جاتے ہیں اور کبھی کبھی یہ Alloy مرکب دھاتوں سے بنائے جاتے ہیں (شکل نمبر 1) مختلف سائز کی موم بتیوں کے لیے بہت سانچوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

(2) LADLE۔ یہ پگھلے ہوئے موم کو سانچوں میں انڈیلنے کے لیے درکار ہوتی ہے۔ (شکل نمبر 2)

(3) STOVE۔ چولہا۔ یہ موم کو پگھلانے کے لیے درکار ہوتا ہے (شکل نمبر 2)

(4) Cauldron کڑاہی (شکل نمبر 2) اس میں موم پگھلایا جاتا ہے۔

بنانے کا طریقہ Manufacturing Process

(1) سانچے دو حصوں سے بنے ہوتے ہیں۔ سانچے کو باہر نکال لو تاکہ سانچے کے دو حصے الگ ہو جائیں۔ سانچے کے دونوں کو رگڑ لو اور اس کے اندر کی خالی جگہ میں ایک کپاس کا Swab جو موبل آئل یا کسی دوسرے تیل سے بھیگا ہوا ڈال دو۔ یہ سانچے سے موم بتی کو آسانی سے نکالنے کے لیے ضروری ہے۔

(2) اب بتی کے نشان کو بتی ہولڈر پر Follow کرو اور بتی کو سانچے پر باندھ دو۔ سانچے کے دونوں حصوں کو ملا کر پیچ کس دو۔

(3) کڑاہی میں پیرافین ویکس کو پگھلا دو (دھیمی آنچ میں)۔ اگر رنگین موم بتیاں بنانا ہے تو پگھلے ہوئے مادہ میں تھوڑا آئل کلر Oil Colour ملا دو۔

(4) ایک بڑا Ladle لو اور اس رنگ پگھلے ہوئے موم کو سانچے میں انڈیل دو۔

(5) چھچھلے برتن میں ٹھنڈا پانی بھر دو اور سانچے کو اس میں ڈال دو تاکہ موم جلدی سخت ہو جائے۔

(6) کچھ منٹوں میں موم ٹھوس ہو جائے گا۔ اب سانچے کو پانی سے نکال لو اس کو کھول کر موم بتی الگ کرو Excess موم کو بلیڈ سے کاٹ کر نکال دو۔

پیکنگ Packing

موم بتیوں کو مضبوط کاغذ یا دفتی کے ڈبوں میں پیک کیا جاتا ہے اور پیکٹ پر لیبل چپکا دیا جاتا ہے۔ تم اپنا لیبل خود چھاپ سکتے ہو یا بازار سے خوبصورت قسم کے چھپے ہوئے لیبل خرید کر اس پر چپکا سکتے ہیں۔

نادر موم بتیاں Novelty Candles

اگر کوئی موم بتی بنانے کی صنعت کو شروع کرنا چاہتا ہے تو اس طریقہ سے زیادہ پیسہ کمایا جا سکتا ہے اس کے لیے Artistic Shapes کی بتی کھلونے، ستارہ، جانور بنانا اور دوسری انوکھی اشکال کی بتیاں بنانا ٹھیک رہے گا یہ خاص طور سے تہواروں کے موقع پر جیسی دیوالی، بڑا دن اور شب برات، پندرہ اگست اور جنم دن کے لیے فروخت کی جا سکتی ہیں۔ کچھ ایسے ہی نمونے جو بہترین قسم کے پلاسٹر آف پیرس کے سانچے میں بنائی گئی ہیں شکل نمبر 3 میں دکھائی گئی ہیں۔ ایسے سانچے کی قیمت دس روپیہ فی سانچہ ہوتی ہے۔

Cost Economics یہ صنعت کم سے کم سرمایہ سے شروع کی جا سکتی ہیں اور اس کام میں لگا ہوا آدمی بہت سی موم بتیاں روزانہ بنا سکتا ہے۔


PLATE XXXIII
WAX MELTING PAN
POURING METHOD
MOULD
VARIOUS SHAPES OF CANDLES
PLATE XXXIII
CANDLE MAKING

SOAP MAKING

صابن بنانا

(پلیٹ نمبر 34، 34A، 34B، 34C کے اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید :۔ صفائی ستھرائی کے بعد فوراً آتی ہے اور صابن کافی حد تک صفائی میں مددگار ہے یہاں تک کہ پرانے زمانے میں انسان کو اپنا جسم صاف رکھنے کی ضرورت پڑتی تھی وہ اپنے کپڑے اور برتن وغیرہ صاف کرتا تھا۔ آج کل کی دنیا میں صابن زندگی کی اہم اشیاء میں سے ہے اس لیے صابن بنانے میں کوئی خطرہ نہیں ہے کیونکہ عام آدمی کی یہ سب سے زیادہ استعمال ہونے والی شے ہے۔ ہمارے ملک میں بہت سے صابن بنانے کے کارخانے ہیں اور وہ اچھا خاصا منافع کما رہے ہیں۔

استعمال ہونے والی اشیاء Appliances

(1) کڑھائی Frying Pan

(2) Enamel اینمل کیتلی جس میں تین کارک لگی ہوں۔ ایک تلی میں۔ ایک بیچ میں اور ایک ان دونوں کے درمیان میں جیسا کہ پلیٹ 34 کی اشکال 3، 2 میں دکھایا گیا ہے۔

(3) شیشے کی کڑھائی کا ایک ٹکڑہ A Piece of Glass Pan

(4) کاسٹک لائی ٹینک اسٹور کرنے کے لیے Caustic Lye Tank for Storage جیسا کہ پلیٹ نمبر 34A میں دکھایا گیا ہے۔

(5) تیل کا پیپہ

(6) ہانڈی

(7) ترازو اور باٹ

(8) لکڑی یا لوہے کا چمچہ یا Ladles چلانے کے لیے

(9) Segrees تیل کو پگھلانے اور چھوٹے پیمانے پر صابن بنانے کے لیے

(10) بھٹی

(11) تھرمامیٹر اور ہائیڈرومیٹر۔

(12) معمولی ڈبے۔ چاقو۔ Spatulas اسپچلا

(13) صابن کو سکھانے کے لیے Racks ریک اور الماریاں

(14) صابن کی بٹی کاٹنے والا سلیبر Slabber اور فوم کو ہٹانے والا a slabber جیسا کہ B 34 پلیٹ میں دکھایا گیا ہے۔

(15) صابن کاٹنے کے لیے ایک میز۔

(16) بٹی بنانے والے سانچے اور مہر لگانے والی مشین جیسا کہ پلیٹ C 34 میں دکھایا گیا ہے۔

کچا مال (استعمال ہونے والا) Raw Materials

معمولی صابن جانوروں کی چربی یا نباتی تیل کو کھار۔ کاسٹک سوڈا اور کاسٹک پوٹاس کو پانی میں ملا کر بنایا جاتا ہے اور کبھی کبھی دوسری اشیاء جیسے سوڈا ایش Soda Ash Silicate of Soda French Chalk چینی مٹی اور ساڑ کو بھی اس میں ملایا جاتا ہے۔ خوشبو اور رنگ کے لیے عطر اور رنگ ملایا جاتا ہے۔

تیل اور چربی Oil and Fat

مندرجہ ذیل تیل اور چربی صابن بنانے میں استعمال ہوتے ہیں اور یہ بہتر ہوگا کہ کھانے والے تیل اس میں نہ استعمال کیے جائیں۔

(1) ناریل کا تیل Coconut Oil

اس تیل سے بنا ہوا صابن سخت اور کھرا ہوتا ہے اس کا جھاگ soft اور hard دونوں طرح کے پانی سے اچھا اٹھتا ہے۔ یہ سرد Process کے لیے بہتر ہے۔ یہ زیادہ Glycerine دیتا ہے لیکن کچھ دیر کے بعد اس کا صابن بدبو دینے لگتا ہے۔ یہ زیادہ تر Tiolet Soap کی شکل میں استعمال ہوتا ہے۔

(2) مہوا کا تیل Mahua Oil

یہ گاڑھا تیل ہوتا ہے اس سے بنا ہوا صابن اچھا جھاگ دیتا ہے یہ دوسرے تیلوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے کیوں کہ یہ سستا ہوتا ہے۔

(3) السی کا تیل Linseed Oil

یہ زیادہ تر نرم اور transparent soap (روشنی گزر جانے والا) صابن کی شکل میں استعمال ہوتا ہے۔ یہ صابن آسانی سے گھریلو کام کے لیے اور toilet soaps صابن کے لیے نہیں استعمال ہوتا ہے۔ یہ صابن آسانی سے پانی میں گھل جاتا ہے۔

(4) کھاکن کا تیل Khakan Oil یہ تیل سدا بہار بوٹی کے بیج سے نکالا جاتا ہے جس کو علم نباتات

میں Salvadora Oleoids کہا جاتا ہے اس کے زیادہ اوصاف ناریل کے تیل سے ملتے ہیں۔

(5) مونگ پھلی کا تیل Groundnut oil

اس سے نرم اور اچھا صابن بنایا جاتا ہے جو جسم کی گندگی اچھی طرح صاف کرتا ہے اور جھاگ کم بناتا ہے اس کا کھال پر ردعمل بہت کم ہوتا ہے اس لیے غسل کے لیے بہت اچھا ہے یہ جلدی Saponify نہیں ہوتا۔

(6) نیم کا تیل

یہ بہت جلدی صابن میں بدل جاتا ہے اور سخت دانوں والا صابن بناتا ہے جس میں جھاگ اچھی طرح اٹھتا ہے۔ اس میں بہت سی ناچاہی خوشبو ختم ہو جاتی ہے اس صابن کو Antiseptic کی طرح استعمال ہوتا ہے۔

(7) بنولوں کا تیل Cotton Seed

کپاس کے بیجوں سے بنایا ہوا صابن کچھ دنوں کے بعد بدبو دینے لگتا ہے اس لیے اس کو دوسرے تیلوں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔

(8) Malabar Tallow مالابار کی چربی

اس کو Piney یا دھوپ چربی کے نام سے بھی جانا جاتا ہے اور ایک درخت کے بیج سے حاصل کیا جاتا ہے جو سدابہار ہوتا ہے اور جس کو Vateria Indica کے نام سے جانا جاتا ہے اس سے نہانے اور دھونے کا بہترین قسم کا صابن تیار ہوتا ہے۔ اس سے صابن بنانے کی خوبیوں میں جانور کے animal tallow سے ملتی جلتی ہے خاصیت آجاتی ہے اس لیے یہ اس کی جگہ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(9) Animal Tallow جانوروں کی چربی

یہاں پر صابن بنانے کے مقصد کے لیے جانوروں کی ہڈی کے گودا یا ہڈی کی چربی یا Bone Tallow استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے بنا ہوا صابن سخت۔ برابر خوبی والا اور ڈھیر کو ڈھیر سے جھاگ دینے والا ہوتا ہے۔ یہ صابن زیادہ دنوں تک اچھی حالت میں ٹھہر سکتا ہے۔

(10) Lard

یہ سور کا tallow ہوتا ہے اور بہت بہترین قسم کے داڑھی بنانے والے صابن کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ بہت ہی قیمتی ہوتا ہے۔

(11) Karanjia Oil کھرنج کا تیل

یہ تیل Pongamia Olabar درخت کے بیجوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ تیل کو صاف کرنے کے بعد ہی صابن بنایا جاسکتا ہے ورنہ بدبو آنے لگتی ہے یہ دوسرے تیلوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

(12) Acid Oil یہ سستا ہوتا ہے اور سخت اور اچھا صابن تیار ہوتا ہے یہ بناسپتی تیل یعنی گھی سے حاصل
کیا جاسکتا ہے۔

(13) Sludge gaad گاد کے ساتھ کسی دوسرے تیل کو ملاکر صابن بنایا جاسکتا ہے۔ گاڈ
یا Sludge بناسپتی گھی بناتے وقت حاصل ہوتی ہے۔

(14) Rosin روزن Bye-Product کی طرح Oleo-Resin-Gum
کے بھبھکا لگانے پر تارپین کا تیل بناتے وقت حاصل کیا جاتا ہے روزن جھاگ اٹھاتا ہے اور نرمی وصفائی کی
خوبیاں پیدا کرتا ہے یہ pure حالت میں نہیں لایا جاتا ہے بلکہ دوسرے تیل اور چربیوں کے ساتھ ملاکر استعمال کیا
جاتا ہے۔ یہ نہانے والے صابن میں نہیں استعمال ہوتا۔

(15) Essential oils یہ صرف بہت کم مقدار میں خوشبو پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ تیل کو ذیل
کے طریقوں پر استعمال کیا جاتا ہے۔

(1) Clove oil
(2) Cinnamon oil
(3) Anise oil
(4) Ajwain oil
(5) Lemon oil
(6) Orange peel oil
(7) Musk
(8) Essence of roses
(9) Sandal wood oil
(10) Kudà
(11) Khas

چھاریں Alkalis :

صابن میں جو alkalis چھاریں استعمال ہوتی ہیں ان کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

(1) Strong Alkalis - Caustic Soda and Caustic Potash

(2) Mild Alkalis - Potassium Carbonate and Sodium Carbonate

کاسٹک سوڈا Caustic Soda

یہ تیز چھار ہوتی ہے اور اس کا ردعمل بھی تیز ہوتا ہے اس لیے سخت صابن کے بنانے میں اس کو استعمال
کیا جاتا ہے۔ یہ پانی کو جذب کرنے والا ہوتا ہے یہ ہوا سے کاربن ڈائی آکسائڈ لیکر اس کو کاربونیٹ میں بدلتا
ہے۔ یہ سادہ نمک سے Electrolysis بنایا جاتا ہے اور اس کے بناتے وقت کلورین اور بلیچنگ پاؤڈر

Bye-Product کا پاؤڈر کی طرح نکلتے ہیں۔ یہ سوڈا ایش یعنی سوڈیم کاربونیٹ سے بھی بنایا جاتا ہے جس میں Slaked Lime کے گھول کی مناسب مقدار میں ملائی جاتی ہے۔

سوڈا ایش کے 106 حصے اور Slaked Lime 76 حصے کاسٹک سوڈا 80 حصے بناتے ہیں یعنی نتوّاں حصہ۔

کاسٹک پوٹاس Caustic Potash

کاسٹک پوٹاس کی کیمیاوی خوبیاں کاسٹک سوڈا سے ملتی جلتی ہیں لیکن ان سے بنے ہوئے صابن میں کافی فرق ہوتا ہے۔ کاسٹک پوٹاس نرم صابن بناتا ہے جبکہ کاسٹک سوڈا سے سخت صابن بنایا جاتا ہے۔ کاسٹک پوٹاس کو Wood Ashes لکڑی کی راکھ جس کو Pearl Ash کہا جاتا ہے پایا جاتا ہے جو پلانٹس Pearl Ash بناتی ہیں اور جس میں Potassium Carbonate ہوتا ہے۔ یہ ہیں Annual Weeds (1) Aghade 2) Dhatoda Vesika - Adulsa (3) وغیرہ

کاسٹک پوٹاس بنانے کے لیے گاڑھا ایلی کیارتیق ashes کے نکالنے اور پانی ملانے سے پایا جاتا ہے اور جس میں slaked lime paste ملا رہتا ہے۔ 35٪ - 30 تک عموماً خام پوٹاس کی تہہ کو بھاپ بنا کر اڑایا جاتا ہے۔ اس کو کسی بند ڈھول یا ٹن میں رکھا جاتا ہے۔

ہلکی چھاریں Mild Alkalis

اس زمرے میں پوٹاشیم کاربونیٹ اور سوڈیم کاربونیٹ آتی ہیں کیوں کہ یہ جلانے یا چرچرانے والا عمل جسم کی کھال پر نہیں رکھتی ہیں۔ یہ سیدھے طور سے تیل سے ملا کر صابن نہیں بناتی ہیں۔ یہ سیدھے طور سے Rosin اور Fatty Acids سے مل کر صابن بناتی ہیں اور بہت خوشبو دیتی ہیں اس لیے ایسے صابن کے بناتے وقت بہت ہوشیاری کی ضرورت ہے ورنہ صابن Spill Over ہو جائے گا جب یہ Slaked Lime بجھے چونے سے ملائی جاتی ہیں تو یہ تیز چھار بناتی ہیں۔

نمک Sodium Chloride

پورے ابلتے ہوئے عمل میں یہ صابن کو Grain کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے یہ صابن کے بنانے میں ایک Indirect رول ادا کرتا ہے۔

پانی Water پانی ایک اہم درمیانی اہم جز ہے جو کیمیاوی عمل کے لیے تیل اور Lyes کو ساتھ لاتا ہے۔

Soap Making Process یہ ایک کیمیاوی آرٹ ہے تیل اور کاسٹک چھاروں کا ملانے کا

کاسٹک سوڈا اور پوٹاس کی مقدار ہر ایک انفرادی عمل کے لیے پہلے ہی سے طے کر لینا چاہیے۔
مندرجہ ذیل کیمیاوی رد عمل کو دکھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

Oil = Fatty Acid + Glycerine

Oil + Caustic Soda = Sodium of Fatty Acid (Soap) + Glycerine.

تیل سے نکلی ہوئی گلسرین تقریب قریب ۱۰٪۔۹ تک ہوتی ہے۔

صابن بنانے کے دو خاص طریقے ہیں پہلا Cold Process ٹھنڈا عمل جس میں (کاسٹک سوڈا) commercial lye (caustic soda) استعمال ہوتا ہے اور Warm Process جس میں leached lye. استعمال ہوتا ہے۔

Cold process صابن بنانے کے لیے مندرجہ ذیل چیزیں لینی ہوں گے about 9 lbs (4 kgs.)

Ingredients : 6 lbs. or 7.75 Kg. of Clean Fat or Oil

13 Ounce (370 gms.) or Lye.

1.2 Litres of Soft Water.

(1) چربی کو صاف کرنے کے لیے اس کو پگھلاؤ اور اس کے اندر سے غیر ضروری چیزوں کو الگ کر دو اور زیادہ بہتر طریقہ اس کو برابر مقدار کے پانی کے ساتھ ابلنے کا ہے۔ strain کرنے کے لیے اس میں ٹھنڈا پانی ملا دو۔ اس کو ٹھنڈا ہونے کے لیے چھوڑ دو اور اوپری حصہ پر تیرتا FAT نکال دو۔

(2) دھیرے دھیرے Lye پانی میں ملاؤ۔ مکسچر گرم ہو جائے گی اور ہو سکتا ہے بلبلے بلبلے دینے لگے۔ اپنے ہاتھوں کو Rinse کر لو اگر Lye کر گھول ہاتھوں پر گر گیا ہے تو فوراً ٹھنڈا کر لو۔

لوہے کے برتن استعمال کرو یا مٹی یا Enamel اور لکڑی کے برتن مختلف صابن بنانے کی منزلوں کے لیے المونیم کے برتن کبھی نہ استعمال کرو کیوں کہ Lye گھول اس پر کیمیاوی اثر کرے گا۔ جسم کے درجہ حرارت تک lye solution کو ٹھنڈا ہونے دو۔ برتن کو چھو کر درجہ حرارت Check کرتے رہو۔ اپنی انگلی گھول میں مت ڈالو۔

(3) چربی کو پگھلاؤ اور جسم کے درجہ حرارت تک اس کو ٹھنڈا ہونے دو۔ خوب چلاؤ تاکہ جلدی ٹھنڈا ہو جائے۔ جب چمچ مکسچر کا تار چھوڑنے لگے۔ یہی ٹھیک درجہ حرارت ہے۔

(4) دھیرے دھیرے lye solution چربی میں ملاؤ۔ ایک ایک بوند کر کے بہت پتلی دھار سے جب ایک ہی سمت میں تری کو چلایا جا رہا ہو۔ اس وقت تک چلاتے جاؤ جب تک کہ پھر شہد کی طرح یا گاڑھی

کریم کی طرح گاڑھا ہو جائے۔ اگر تم چربی اور تیل کے مکسچر کے ساتھ یہ عمل کر رہے ہوں تو اس عمل میں ۔ منٹ لگنے چاہئیں اگر صرف تیل استعمال کیا جا رہا ہے تو اس میں کئی گھنٹے لگ سکتے ہیں۔

(5) جب مکسچر شہد یا کریم کی طرح گاڑھا ہو جائے تو اس کو سانچوں یا Colling فریم میں انڈیل دو یہ ایک بچھلا لکڑی کا بکس ہوتا ہے جو گرم پانی میں ڈبوئے ہوئے کاٹن کا کپڑے سے لائن کیا ہوتا ہے۔ یہ کپڑا بہت بڑا ہونا چاہیے تاکہ بکس کے کناروں سے دو ایک انچ نکلتا رہے۔ یہ صابن کو الگ کرنے میں مدد کرتا ہے

کو ۴۸ گھنٹوں کے لیے دھوپ میں رکھ دو۔ سوکھی جگہ پر جہاں خلل انداز کوئی نہ ہو سکے۔ اگر اس دوران میں کوئی خلل انداز ہوتا ہے تو اس کے اجزاء الگ ہو سکتے ہیں۔

(6) Bars نکلی ہوئی جگہ میں ٹوٹا ہوا تاکہ ہوا جا سکے اس کے چاروں طرف۔ خشک اور گرم جگہ پر ان کو 2 سے ۶ ہفتہ تک چھوڑ دو جب صابن سخت ہو جائے تو اس کو استعمال کیا جا سکتا ہے۔

گرم طریقہ Warm process

(1) صابن کیتلی میں تیل انڈیلو اور اس کو ۴۰° تک گرم کرو۔

(2) جب درجہ حرارت مل جائے۔ اس میں ضرورت کے حساب سے کاسٹک سوڈا ملا دو اور اچھی طرح چلاؤ اور کچھ وقت کے لیے چھوڑ دو۔

(3) تم دیکھو گے کہ سوجی کی طرح مکسچر سفید کھردرے دانے بنا دیتی ہے۔ کچھ عرصہ تک چلاتے جاؤ اور ۱۰ منٹ کے لیے اس کو چھوڑ دو تاکہ یہ زیادہ سے زیادہ دانے بنا سکے یہ چلانے اور ٹھہرنے کے عمل کو بار بار کرتے رہیے کل مکسچر پکی ہوئی سوجی کی صورت میں آجاتی ہے یہ عمل اس وقت تک کرتے رہو جب تک پوری مکسچر شہد یا دہی کی شکل کا گاڑھا نہ ہو جائے۔

(4) اس منزل پر تیل اور کاسٹک کی مکسچر تین حصوں میں ہوتی ہے۔ کاسٹک سوڈا free oil اور نرم brown curd جیسے جیسے مکسچر کو چلایا جاتا ہے دہی والا حصہ گاڑھا ہوتا جاتا ہے کاسٹک سوڈا lye اور تیل غائب ہوتے جاتے ہیں آخر کار سب تیل اور کاسٹک lye غائب ہو جاتا ہے اور کل مکسچر شہد یا جیلی جیسی ہو جاتی ہے۔

(5) اس منزل پر اگر تم کوئی خوشبو صابن میں ملانا چاہتے ہو تو عطر یا Essential Oil ملا کر اس کو چلا سکتے ہو۔

(6) اب مکسچر کو cooling frame میں انڈیل دو اور اس کو خشک اور گرم جگہ میں چھوڑ دو اس وقت تک جب تک صابن سخت نہیں ہو جاتا ہے یہ عمل قریب قریب 3 سے ۶ دن تک عام طور سے لیتا ہے۔

(7) سطح کو خشک رکھنے کے لیے صابن کا ٹھوس بلاک فریم سے نکالنے کے لیے ہوا میں رکھا جاتا ہے اس کے پہلے

کہ مختلف سائز میں کاٹا جائے۔

(8) کاٹنے سے پہلے تہہ کو کھرچ دو جو ناہموار ہو جیسا کہ پلیٹ 34 C میں دکھایا گیا ہے۔ صابن کو تارسے کاٹو اور Slabs کو bar میں کسی تار یا Cutter کے ذریعہ سائز کے حساب سے کاٹو۔ آپ ان چھڑوں کو بازار میں فروخت کرسکتے ہیں یا ان سے cakes ٹکیاں بناسکتے ہیں اور ان ٹکیوں کو پورا عمل ختم کرنے کے بعد بھیجا جاسکتا ہے۔

Finishing Operation مہر لگانے والی مشین یا Dies مختلف شکل سے کیا جاسکتا ہے۔ جیسی سائز کاٹنا ہو یہ پلیٹ 34 D کی اشکال میں دکھایا گیا ہے۔



FIG. 1



FIG. 2

SOAP STAMPING MACHINE

صابن کو اسٹامپ کرنے کی مشین

PLATE XXXIV D



FIG. 1



FIG. 2



FIG. 3

TABLE FOR BAR & CAKE CUTTING

صابن کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں کاٹنے کی میز اور اوزار

PLATE XXXIV C


SECTIONAL ELEVATION
FIG. 1
BOLT & NUT
FIG. 2
ISOMETRIC VIEW OF SOAP SLABBER
FIG. 3
CAKE CUTTING FRAME
FIG. 4
FIG. 5
PILING OF SOAP BAR
FIG. 6
SLAB MARKER
BAR CUTTER FRAME
FIG. 7
BAR CUTTER
FIG. 8
WIRE
SOAP SLABBING BY SINGLE WIRE
FIG. 9
SOAP SLABBER
صابن کی پیڑی بنانے کی ترکیب
PLATE XXXIV B



سوڈا ملانے والا حوض , PLATE XXXIV A



ARRANGEMENT OF SOAP BOILING KETTLE & FURNACE

PLATE XXXIV

BEE KEEPING

شہد کی مکھیاں پالنا

(پلیٹ 35 اور 35A سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی: کھادی اینڈ ولیج انڈسٹریز کمیشن ۔ ارلا روڈ ، وِلے پارلے بمبئی

Khadi and Village Industries Commission

Irla Road Vile Parle Bombay, - 56

تمہید:۔ شہد دنیا میں سب سے زیادہ روح افزا اور صحت مندانہ کھانا مانا گیا اور اس کی غذائیت کی حیثیت سب سے اونچی ہے۔ یہ اس کے بارے میں انسان قدیم زمانے سے جانتا تھا لیکن پھر بھی انسان نے شہد کی مکھیوں کو پالنے کی کوشش نہیں کی اور کسی نے یہ سوچا بھی نہیں تھا کہ ان مکھیوں کو پالنا بنا کر شہد کے چھتے سے باقاعدہ اور موقع موقع پر شہد دستیاب کیا جا سکے گا یہ Huber صاحب کی صرف وجہ سے ہے کہ شہد کی مکھیوں کے لیے نئے مکانات بنائے گئے اور شہد کی مکھیوں کے پالنے کے ہنر کو سائنس اور ٹیکنالوجی سے متعلق کیا گیا۔ شہد کی مکھیوں کی صنعت اب اتنی مکمل ہو چکی ہے کہ کوئی بھی معمولی ٹریننگ کے بعد اس کام کو شروع کر سکتا ہے اور اس کے ذریعہ روزی روٹی کما سکتا ہے اس کی اہمیت دن بدن (Seeds) بیجوں کو حاصل کرنے اور پھلوں کی فصل کے نقطۂ نگاہ سے بڑھتی ہی جا رہی ہے بہت سے غیر ملکوں میں اسی مقصد کے لیے کاشتکار پھول آنے کے موسم میں شہد کی مکھیوں کو کرایہ پر لے کر یہ کام کرتے ہیں اور ان کی پیداوار 25% بڑھ جاتی ہے۔ شہد کے چھتے سے حاصل کیے ہوئے موم کی خوبیوں اور استعمال کے بارے میں بتایا جا چکا ہے اور موم نے Cosmetic اور پالش کی صنعت کا بہت اہم اور قیمتی Item ہو گیا ہے۔

اس تجارتی صنعت کو چلانے کے لیے Equipments includes the beehive box, Smoker اور Extrator چاہئے عام طور سے Hive Box ٹیک کی لکڑی کا بنا ہوتا ہے ایک بکس میں بہت سے حصے ہوتے ہیں جیسے Gamhar چیمبر اور فلور بورڈ وغیرہ اس میں دو چیمبر ہوتے ہیں ایک کو Top Cover کہتے ہیں جو شہد کے لیے ہوتا ہے اور دوسرا چیمبر کو Super Chamber کہتے ہیں Brood Chamber کے لیے ہوتا ہے یہ چیمبر میں ہٹائے جانے والے 8 سے 10 فریم ہوتے ہیں جن میں ایک دوسرے کے متوازی Comb لگے رہتے ہیں جیسا کہ پلیٹ نمبر 33 میں شکل 2 اور 4 میں دکھایا گیا ہے۔

جیسا کہ پلیٹ 35A کی شکل 1 میں دکھایا گیا ہے۔ شہد کی مکھیوں کے ساتھ کام کرتے وقت ایک دھواں

پیدا کرنے والا اوزار استعمال کیا جاتا ہے تاکہ وہ کاٹ نہ سکیں یا ڈنگ نہ مار سکیں ایک extractor (شکل نمبر 3) کو اوپری comb فریم سے شہد نکالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

شہد صرف شہد نکلنے والے موسم ہی میں نکالا جاتا ہے جو اس خطہ کی زرعی آب و ہوا اور floral پھوٹنے کے حالات پر منحصر ہوتی ہیں۔

شہد کی مکھیوں کی قسمیں Type of bees

ایک A bee colony کل biological unit ہوتی ہے جس میں ہزاروں worker bees ہوتے ہیں اور سیکڑوں Drone ہوتے ہیں اور صرف ایک ملکہ ہوتی ہے۔ قدرت نے ان کو اندھیرے میں موم کے چھتے میں رہنے کی صلاحیت دی ہے۔ چھتے کی ہر کوٹھری میں انڈے۔ لاروا۔ پیوپا Larvae and Pupea کہا جاتا ہے۔ چھتے کے نچلے حصے میں کرہ کی شکل میں یہ سب ہوتے ہیں اوپر اور ہر طرف اکٹھا کئے ہوئے Brood Pollen کی Bin ہوتی ہے اور اس کے بعد شہد اکٹھا کیا ہوتا ہے۔

(Workers) مزدوروں کی تعداد زیادہ ہوتی ہے اور ان کا خاص کام کالونی کی ہر لحاظ سے نگرانی کرنا ہوتا ہے۔ کنواری ملکہ کو حاملہ کرنے کے لیے Drones یا نر شہد کی مکھیاں ہوتی ہیں۔ ملکہ انڈا دینے والی مشین کی طرح کام کرتی ہے اور صرف یہی ایک بالغ مادہ مکھی ہوتی ہے جو جوڑا کھانے کے بعد وہ چھتے سے باہر نہیں جاتی ہے۔ صرف (Swarming) یا دوسری کالونی کی بنیاد ڈالتے وقت کو چھوڑ کر)۔ کالونی کی ضروریات کو پورا کرنا اور adjustment کرنا وغیرہ انتظامات میں شامل ہوتا ہے۔ یہ صرف اس وقت ہو سکتا ہے جب مکھیوں کو غور سے دیکھا جایا کرے کالونیز کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے تاکہ ان پر دشمنوں اور امراض کا حملہ نہ ہو سکے اس کے پہلے کہ ملکہ انڈا دینا بند کر دے اور دیگر انتظامات رک جائیں، موسم کے اشتراک میں Swarming ہوتی ہے اور جب ذرا بھی افراط ہوتی ہے۔ گندے موسم میں جب قدرتی Bee Flora کی گندگی ہوتی ہے تو ان کالونیز کو شربت سے پالنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

ہر پھول اور پودا، کا ہر حصہ شہد کی مکھی کو Nectar نہیں دیتا ہے۔ کچھ چنیدہ پودے ہوتے ہیں جن کے پھولوں کے پاس مکھیاں Pollen اور Nectar کے لیے جاتی ہیں۔ ان پودوں کو Bee Flora کہا جاتا ہے۔ کچھ مندرجہ ذیل پودے لکھے جاتے ہیں جو Ornamental Plants ہیں۔

پھول Cosmos Poppy Portula Corn Flower Coral Creeper (سورج مکھی) Zinnia وغیرہ۔

پھل کیلا apples, سیب - بیر۔ چیری۔ امرود banana, berries, citrus,

جامن۔ بیری وغیرہ۔

فصل۔ مکی سرسوں taramira, toria, berscem, Berseem Maize

تل۔ جوٹ Sorghum

درخت وغیرہ

صندل sandal, Drumstick املی Tamarind Soapnut نیم وغیرہ

سبزیاں۔ زیادہ تر سبزیاں لیکن ان سے بہت کم نکٹر اور پالن ملتا ہے۔

1. Bee is Farmer's Honey : M. Naim, Indian Farming, January 1973.

2. IS : 1515:1969 : Indian Standards Institute, 9, Bahadur Shah Zafar Marg, New Delhi.

3. Shahad Udyog : Om Prakash, Sarvodaya Prakashan, Chowk Bazar, New Delhi.

PLATE XXXV A

مدھو مکھی سے شہد نکالنے والا کاریگر



FIG.1

FIG.2

A SKILLED BEE KEEPER IS PLAYING THE BEE BY HIS HAND

چھتے سے شہد نکالنے کی مشین

FIG.3

EQUIPMENT USED FOR EXTRACTING HONEY FROM BEEHIVES



FIG.4

SMOKE PRODUCING EQUIPMENT

BEE KEEPING

PLATE XXXV



FIG 1

NEW HOUSE OF BEES



FIG 2

COMPARTMENT OF BEE'S NEW HOUSE

FIG 3

FRAME CONTAINING HONEY



FIG 4

CORRECT METHOD OF INSPECTING THE BEE'S HOUSE

BEE KEEPING

شہد کی مکھی پالنے کی ترکیب

ذرائع رسل و رسائل و بار برداری --

Material Handling and Transport

حرفِ آغاز: بوجھ کو سر پر ہاتھ پر لیجانا عام عمل ہے۔ مزدور، آدمی، عورتیں اور بچے۔ عمارتیں بنتے وقت۔ بازار میں۔ ریلوے اسٹیشن پر اور دوسری جگہوں پر بوجھ ڈھوتے وقت دکھائی دیتے ہیں۔ یہ بوجھ ڈھونے کا طریقہ اور سامان اور چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانے کا طریقہ بہت قدیم ہے اور نااہل اور تھکاوٹ لانے والا ہے۔ تمام دنیا میں ایسے اوزار اور طریقے۔ اشیاء کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے ایجاد کیے گئے جو آسان اور تھکاوٹ کم لاتے ہیں۔ لیکن ہندستان میں اب بھی ہم ایسے طریقے استعمال کر رہے ہیں جو غیر سائنسی اور ناکارہ ہیں۔ بیل گاڑی جو ریل کے بعد ہمارے ملک میں سامان ڈھونے کا اہم ذریعہ ہے اس پر ریسرچ یا ترقیاتی نظر کے لیے ہم نے اس کو بالکل الگ چھوڑ رکھا ہے اسی طرح رکشا جو شہری علاقوں میں غریبوں کو روزگار فراہم کرتا ہے اس پر بھی ہم نے کوئی ترقیاتی نظر نہیں ڈالی ہے۔

دیہات اور گاؤں میں ٹرانسپورٹ میں نہیں استعمال ہوتے ہیں اور اگر ان تمام ذرائع پر ترقیاتی نگاہ سے سوچا جائے اور ان میں توسیع کی جائے تو یہ دیہی ٹرانسپورٹ کو آگے بڑھا سکتے ہیں اور گاؤں کی غریبی کا حل ثابت ہو سکتے ہیں اس باب میں کچھ نئے ڈیزائن کے اوزار اور طریقے جو تجربات سے توسیع دیے گئے ہیں بیان کیے جاتے ہیں۔

A WINCH USED IN DIGGING WELL

کنواں کھودتے وقت جو WINCH استعمال ہوتا ہے

(پلیٹ نمبر 43 سے متعلق نشان ملاحظہ فرمایئے)

فرینڈس رورل سنٹر، رسولیا، مدھیہ پردیش

متعلقہ ایجنسی :- Friends Rural Centre, Rssulia, M.P.

تمہید - سادہ Winch کو استعمال کرنے سے کھدی ہوئی مٹی جو کہ کنواں کھودتے وقت نکلتی ہے اس کو اٹھانے سے ہمارا کام جلدی اور ہلکا ہو جاتا ہے۔ ایسا Winch گاؤں کا بڑھئی بنا سکتا ہے۔ ڈیزائن اور بنانے کا طریقہ نیچے دیا ہوا ہے لیکن کوئی ضروری نہیں کہ اس کی ناپیں ہو بہو وہی رکھی جائیں۔ کسی بھی مضبوط لکڑی کو اس کے لیے منتخب کیا جا سکتا ہے۔

یہ Winch پانی سے بھری بالٹی کو کنویں سے کھینچنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اشیاء Materials

(1) دو Beams جو تقریباً 12 × 7" × 3" کی ناپوں کی ہوں۔ یہ کسی بھی 7" قطر والے لٹھے کے مرکز سے چیر کر بنائی جا سکتی ہیں۔ اور پھر دو طرف مربع کر دی جاتی ہیں۔

(2) دو ٹکڑے Upright ممبر کے لیے 3½ × 6" × 2" سائز کے۔

(3) ایک رولر 7" قطر کا تقریباً اور 8، 3" کی لمبائی کا۔ اس کو مناسب قطر کے لٹھے کے بیچ سے چیر کر نکالا جا سکتا ہے اور پھر دو نصف حصوں کے درمیان Steel Shaft لگانے کے لیے رکھائی سے نالی سی بنائی جا سکتی ہے جس کے دونوں سروں پر دستے لگے ہوئے ہوں۔ Winch Roller کو گھمانے کے لیے ہر ایک رولر کے سرے پر Shaft تقریباً 8" باہر نکلا رہنا چاہیے۔ ایک مربع انچ shaft زیادہ مناسب ہوگا کیوں کہ یہ رولر کے اندر آزادی سے گھومنے سے روکتا ہے۔ رولر کے باہر کے حصوں کو Bearing کی طرح کام میں لایا جاتا ہے۔

(4) تین ٹکڑے ½" پائپ کے اس میں سے دو 4" لمبے ہوں اور ایک 9"، 3 لمبا ہو۔

(5) تین ٹکڑے 1½" چھڑ کے جس کا قطر 3/8" ہو اور جن کے دونوں سروں پر چوڑیاں کٹی ہوں اور واشر اور پیچ 2"، 4" اور 8"، 4" لمبائی کے لگے ہوں۔

(vi) One steel shaft 1" square 5' long rounded for and at each end.

(vii) 4½" × 6" bolts with washers.

(viii) Two handles made of ½" × 1½" one on each side steel flat or of wood to turn the roller.



WELL DIGGING WINCH

کنواں کھودنے کا اوزار

چھوٹا سامان ڈھونے کی گاڑی
WHEELBARROW

(پلیٹ 37، 37A اور 38 کے اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید WHEEL BARROW ہندوستانی سماجی حالات کے بالکل مطابق ہیں۔ جہاں کم وزن کا سامان کی ضرورت مٹی کی کھدائی کے لیے پیش آتی ہے اور جس کو صرف تھوڑی دور ہی لے جانا ہوتا ہے۔ ہندوستان میں عام رواج اس کام کے لیے عورتوں کو مزدور رکھنا ہے جو اپنے سر پر ٹوکری میں اٹھا کر بوجھ لے جاتی ہیں۔ ان عورتوں کو بہت دقت کا سامنا کرنا پڑتا ہے کیوں کہ سر پر بوجھ اٹھا کر اور اس کو لمبی دوری تک لے جانا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس لیے Wheel Barrows کو کام میں داخل کرنا بہت ضروری ہو گیا ہے جس کی مدد سے زیادہ وزن اور زیادہ لمبی دوری تک آسانی سے لے جایا جا سکتا ہے۔ دور وسطیٰ میں Wheel Barrow استعمال یورپ میں ہوتا تھا حالاں کہ اس کی ایجاد چین میں کی گئی تھی ذیل میں اس کا بیان کیا جاتا ہے۔ اس کی خصوصیات یہ ہیں۔

(1) بڑی قطر کا پہیہ کا استعمال Rolling Resistance کو کم کر دیتا ہے اور کھردری سڑکوں پر آسانی فراہم کرتا ہے۔

(2) وزن کا Disposal پہیہ کے چاروں طرف تاکہ کھینچنے والے کے وزن میں کمی لائی جا سکے۔

(3) کندھے کے فیتوں کا استعمال جو ایک دستہ سے دوسرے دستہ تک کندھے سے ہوتا ہوا Diagonally ڈالا جاتا ہے اور جس سے بازوؤں پر Strain کم کیا جا سکتا ہے۔

(4) پتلی پگڈنڈیوں اور کھردری زمین پر صرف ایک پہیے کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(5) Pneumatic ٹائر کا استعمال کیا جا سکتا ہے اگر مناسب Pneumatic پہیہ دستیاب نہیں نہیں ہوتا ہے لکڑی کے پہیے بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ: اشکال میں بنانے کا طریقہ صاف طور سے ظاہر کیا گیا ہے۔ Wheel Barrows کو لکڑی کے تختوں، بانس اور رسیوں سے بھی بنایا جا سکتا ہے اب اس میں Brake بھی لگا دیا گیا ہے تاکہ چلانے والا ڈھال پر اس کو کنٹرول کر سکے اور یہ اس جگہ بھی کام کرتا ہے جہاں رفتار کو کم کرنا ہوتا ہے۔ اس Brake کے ڈیزائن کو ہاتھ سے چلائی جانے والی گاڑی میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔

پلیٹ نمبر 38 میں عام استعمال ہونے والا بھارت میں Wheel Barrow کا سادہ ڈیزائن میں دکھایا گیا ہے اس کی ناپوں سے لوہار دیہی علاقوں میں آسانی سے اس کو بنا سکتا ہے۔



EQUIPMENT FOR WHITE CLAY POTTERY.


PLAN OF POTTERY KILN
PLATE XXVI
FIG.1
SECTION ON A-A UPTO FLOOR
FIG.2
SECTION ON A-A EARTH WORK & LIME CONCRETE IN FOUNDATION
FIG.3
FIRE BOX 1
FIRE BOX No 2
FLUE PASSAGE
FIRE PASSAGE



چینی مٹی سے بنائے ہوئے سامان اور اس کے آلات



چینی برتنوں کے لیے بھٹی

POTTERY KILN



SINGLE WHEEL BARROW WITH BRAKES

PLATE XXXVII

PLATE XXXVIII



WHEEL BARROW

چھوٹا ٹھیلا دو پہیوں والا



SINGLE WHEEL BARROW WITH BRAKES

ایک پہیے کا ٹھیلا بریک کے ساتھ

PLATE XXXVII A

THREE GEARED CYCLE RICKSHAW

تین گیئر والا سائیکل رکشا

(پلیٹ 39 کے اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید: سائیکل رکشا بہت اہم نقل و حرکت کا ذریعہ چھوٹے اور چھوٹے قصبات کے لیے ہے اب یہ دیہاتوں میں بھی رائج ہو رہا ہے۔ یہ نسبتاً کم اجرت پر ادسط درجہ کے خاندان کے لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتا ہے بد قسمتی سے رکشا ڈرائیور کو چڑھائی پر بہت محنت کرنی پڑتی ہے۔ اس کا braking (روکنے) کا سسٹم بھی بہت خراب ہوتا ہے اسی وجہ سے اکثر حادثات کا شکار ہوتا ہے۔ جس میں اکثر رکشا چلانے والا کبھی کبھی زخمی ہو جاتا ہے اور اس کا رکشا اتنا ٹوٹ جاتا ہے کہ مرمت بھی نہیں کرائی جا سکتی۔ رکشا میں انجن لگانے کی کوشش کی گئی جس سے اس کی بنیادی قیمت تو بڑھ گئی اور Running قیمت غریبوں کے حدود سے بھی باہر نکل گئی اور یہ کامیاب نہ ہو سکا۔ موزوں ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن نے کچھ تجربات کئے اور تین گیئر کے Hub کی دریافت کی اور اس کے Braking سسٹم میں ترمیم کی جس سے رکشا کی کارکردگی بغیر قیمتیں بڑھائے ہوئے کافی حد تک بڑھ گئی۔

بناوٹ (1) کسی بھی سائیکل کے بازار سے تین گیئر Hub کا Attachment خرید لیجئے جیسا کہ شکل نمبر 1، 2 میں دکھایا گیا ہے۔ اس Hub کو خاص طور سے ڈیزائن کئے ہوئے Bracket میں Fit کر دیجئے، جو سائیکل رکشا کے فریم کے نیچے ہے۔ ایک Pedalling Chain گیئر ہب کے بڑے گیئر تک چڑھا دیجئے اور دوسری چین (Chain) کو گیئر سے Rear Axle تک Fix کر دیجئے۔

(2) رکشا کے سامنے فریم میں ایک پیڈل Pedal لگا دیجئے جس کی Cable تینوں پہیوں سے جڑی ہوں اور جن میں روکنے کا سسٹم ہو Hand Brake سسٹم جو موٹر کار میں استعمال ہوتا ہے اس کو بھی یہاں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ایک مرتبہ پیڈل دبایا جاتا ہے تینوں پہیے رک جاتے ہیں اور تھوڑی دیر کے لیے مکمل رکشا رک جاتا ہے۔

کیسے چلانا چاہیے۔

تار جن پر نشان لگے ہوتے ہیں اور دستہ سے جڑے ہوتے ہیں انہیں کی مدد سے تین گیئر hub کو چلایا جاتا ہے۔ رکشا کو پہلے گیئر پر Start کیا جاتا ہے جو Driving Gear کو تیزی سے متحرک کرتا ہے لیکن Rear Axle گیئر کو دھیرے سے حرکت دیتا ہے اس طرح سے Torque کو بڑھاتا ہے اور لگائی جانے والی جسمانی طاقت کو کم کرتا ہے۔ یہی گیئر کو اوپری چڑھائی پر استعمال میں لایا جا سکتا

ہے۔ ایک مرتبہ جب گاڑی کچھ رفتار پکڑ لیتی ہے۔ تب گیر استعمال کرنا چاہیے۔ جب گاڑی نارمل رفتار پکڑ لے تو دوسری یا تیسری گیر استعمال کرنا چاہیے۔

(2) بریک لگانے کے لیے سامنے پیڈل کو پیر سے ہلکے سے دباؤ اور دھیرے دھیرے پیڈل کو چھوڑ دو جب گاڑی بالکل رک جائے۔

قیمتیں

		Rs.
(1)	Three-Geared Hub Attachment	160.00
(2)	Brackets	10.00
(3)	Brake Cables, Pedal, etc.	50.00
	Total میزان	220.00

22% کی بڑھتی صرف موجودہ عام رکشا کی قیمت پر ہوتی ہے۔

نوٹ:۔ A.T.D.A. نے ایک نیا رکشہ بھی ڈیزائن کیا ہے جو کہ بہت ہی اچھا ہے۔ دریافت کرنے پر اس کی ڈیزائننگ کا طریقہ بتایا جا سکتا ہے۔



PLATE XXXIX THREE GEARED CYCLE RICKSHAW

BULLOCK CART

بیل گاڑی

(پلیٹ نمبر ۵۷ کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی:- (1) National Institute of Management, Bangalore.

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ۔ بنگلور

مولانا آزاد ٹکنالوجی کالج۔ بھوپال

(2) Maulana Azad College of Technology, Bhopal

تمہید :- دیہی علاقوں میں بیل گاڑی کی اہمیت کھیتی باڑی کے ساز و سامان اور اناج کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے تک بہت ہے۔ یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ ان کی تعداد ملک میں قریب 13 Million کے ہوگی اور ان کا استعمال ملک کی 2/3 بار برداری کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

تقریباً ۳۰ ڈیزائن دیہات میں رائج بیل گاڑیوں کے ہیں جو ایک یا دو بیل سے کھینچی جاتی ہیں کبھی کبھی زیادہ بوجھ کے لیے تین یا چار بیلوں کا بھی استعمال ہوتا ہے۔ موجودہ بیل گاڑی کا ڈیزائن جس کے پہیوں پر ڈنلپ ٹائر چڑھے ہوتے ہیں اور جس کو ڈنلپ گاڑی بھی بولا جاتا ہے۔ قدیم بیل گاڑی سے ۲-۳ گنا بوجھ زیادہ لے جایا جا سکتا ہے کیوں کہ پرانی بیل گاڑی میں لوہے کے ٹائر لکڑی کے پہیوں پر چڑھے ہوتے ہیں یہ بیلوں کو کھینچنے میں بہت مدد دیتے ہیں اور پیشل روڈ کو بھی خراب کرتے ہیں۔

بیل گاڑی کی کارکردگی بڑھانے کے لیے بہت سی ایجنسیاں (گورنمنٹ اور رضاکارانہ) ریسرچ کا کام کر رہی ہیں لیکن ابھی تک ان سے منظور شدہ ماڈل بازار میں نہیں آسکا ہے۔ ایسا سوچا جاتا ہے کہ ایک کمیٹی ان تمام چیزوں پر سوچنے کے لیے مقرر کی جائے جو بیل گاڑی کی بناوٹ میں ترمیم کر سکے اور اس کی کارکردگی بڑھا سکے کچھ ایجنسیوں نے بہت سی تجاویز پیش کی ہیں لیکن جیسا مسٹر راماسوامی Institute آف مینجمنٹ بنگلور کا کہنا ہے کہ جتنی سادہ بیل گاڑی معلوم ہوتی ہے اتنی اس کی ٹکنالوجی نہیں ہے۔ نئے ڈیزائن اور ماڈل۔ دیہی سڑکوں۔ ضلع کی سڑکوں اور شاہراہوں پر چلنے والی بیل گاڑیوں کے بنانے ہوں گے جس میں بیل گاڑی کے وزن کو کم کیا جائے لیکن اس کی کھینچنے کی طاقت میں کوئی کمی نہیں آنی چاہیے۔ ان ڈیزائنوں میں اس کا بھی خیال رکھا جائے کہ ان سے کس قسم کا بوجھ ڈھویا جاتا ہے۔

جانور جو بیل گاڑی کو کھینچتا ہے اس پر بھی ریسرچ کرنا ہوگا۔ کہ وہ محض زیادہ سے زیادہ کتنا بوجھ لے

جاسکتا ہے۔ جس سے اس کی صحت پر اثر نہ پڑے۔ مولانا آزاد کالج آف ٹکنالوجی بھوپال نے ایک بیل گاڑی ڈیزائن کی ہے جو پلیٹ نمبر ۱۵ میں دکھائی گئی ہے۔ اور جس کو اگزامن کے لیے جلد ہی میدان میں لایا جاتا ہے۔ خاص نکات جو قدیمی بیل گاڑی پر ترقی کرنے کے ڈیزائن میں نگاہ میں رکھے جاسکتے ہیں ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

(1) بیل گاڑی کا ہلکا وزن جو بیلوں کو مزید بوجھ ڈھونے میں مددگار ہو۔

(2) ایک خاص Load Bearing Truss (2) دھکے کو جذب کرسکے یا کم کرسکے۔

(3) Special Bearing (3) بیرنگ۔

(4) Special Attachment to Yoke (4) جوا کو بہتر بنانا۔

(5) جوٹ کی بوریوں میں پیال بھر کر بیلوں کے کندھوں پر جوا رکھا جاتا ہے تاکہ ان کو کھینچنے میں آسانی ہوسکے۔


ANGLE SECTION PLACED AT
LOAD BEARING TRUSS WITH SHOCK ABSORBING MECHANISM (A)
LONG MEMBERS (B)
ANGLE SECTION
MAIN AXLE
SPLITPIN
HUB
OIL CAN
BEARING CAP
SPECIAL TYPE OF ROLLER BEARING
16SPOKES MM M S BARS
120Cm
155Cm
SIDE VIEW
BACK ELEVATION
SPECIAL ATTACHMENT TO YOKE
7MMØ BARS 10 Cm LONG
AXIAL Ø
OUTER RIM THICKNESS 5MM
INNER RIM THICKNESSOF 3MM
10CmØ
FLAT PLATES WIDTH 50MM THICKNESS 5MM
CHANNEL SECTION (50x30x3)
M. S. FLAT (50x5)
DETAIL AT A
POUCH MADE OF GUNNY BAG FILLED WITH STRAW FOR THE COMFORT OF BULLOCKS ATTACHED TO YOKE
WOODEN PIN
CAGE FOR FIXING UP ROLLERS
TAG WELDED
UNEQUAL ANGLES (50x30x3MM)
DETAILS OF BULLOCK C.RT
DETAIL AT B
نئی بیل گاڑی کا ڈیزائن
BULLOCK CART DESIGN
PLATE XL

Health and Hygiene

حرفِ آغاز :۔ حفظانِ صحت صرف امراض کو اچھا کرنے کے لیے نہیں ہے بلکہ امراض کو روکنے اور Sanitation کو توسیع دینے، صحت مندانہ خوراک اور عوام کو صاف ستھرا رکھ کر تندرست زندگی گزارنے کے لیے بھی ہے۔ دیہات کے غریب لوگوں کو قیمتی میڈیکل Care دینا بہت مشکل ہے لیکن یہ مشکل نہیں ہے کہ ان کے معیار زندگی کے حالات کو ان ہی کے وسائل اور واقفیت سے بدلا جائے تاکہ وہ صحت مندانہ زندگی گزار سکیں۔ گاؤں کے وید، حکیم، مڈوائف اور دوسرے لوگ اس زمرے میں تربیت یافتہ بنائے جا سکتے ہیں اور ان کو کچھ آلات بھی فراہم کروائے جا سکتے ہیں تاکہ وہ گاؤں میں خدمت کر سکیں۔

اس باب میں کچھ صحت کی تراکیب پر روشنی ڈالی گئی ہے جو گاؤں میں Sanitary پاخانہ بنا کر، صاف ستھرا پینے کا پانی فراہم کر کے اور دیہی ہیلتھ اسکیم کی تنظیم کر کے اور بچوں کے باقاعدہ وزن وغیرہ لینے سے متعلق ہیں۔ دوسرے طریقے اور تراکیب بھی ہیں جن کو دیہاتوں میں لاگو کیا جا سکتا ہے جن کو موزوں ٹکنالوجی کی ہیلتھ اور ہائی جین کی اسکیم کے تحت رکھا جا سکتا ہے۔ یہ بہت حد تک ہیلتھ اور زندگی کے حالات کو عوام میں توسیع دے سکتی ہیں اور ان میں خرچہ بھی زیادہ نہیں ہو سکتا۔

SANITARY LATRINES FOR VILLAGES

گاؤں کے لیے سینٹری پاخانے

(دیکھیے پلیٹ نمبر 41، 41A، 41B، 41C اور 41D کی اشکال ملاحظہ ہوں)

متعلقہ ایجنسی Friends Rural Centre, Rasulia,

فرینڈز رورل سنٹر رسولیا District Hoshangabad, M.P. مدھیہ پردیش

تمہید ۔ دیہی فضا خاص طور سے گاؤں سے ملے کھیت غلاظت سے بھرے رہتے ہیں کیوں کہ گاؤں کے باشندے ان کو رفع حاجت کے لیے استعمال کرتے ہیں اور یہ مکھیوں کی نسل بڑھانے، امراض و جراثیم اور کیڑے مکوڑوں کے بڑھانے میں مددگار ہوتے ہیں جس سے عوام کی تندرستی پر گہرا اثر پڑتا ہے بارش کے موسم میں یہ چیزیں بہت خراب حالت میں پہونچ جاتی ہیں کیوں کہ بھیگا ہوا گوبر ایک طرف اور دوسری طرف بھیگا ہوا فضلہ بدبو پیدا کرتا ہے اور جس سے مکھیوں کی افزائش ہو جاتی ہے جو Gastro Intestinal امراض اور ہیضہ جیسے امراض کو پھیلانے کی ذمہ دار ہوتی ہیں اور جن کی وجہ سے بہت سے آدمیوں کی جان چلی جاتی ہے۔ وہاں حالات کچھ بہتر ہیں جہاں گڈھے والے پاخانے استعمال کیے جاتے ہیں لیکن service Latrines کمائے جانے والے پاخانوں کے حالات بدتر ہیں۔ کچھ اداروں نے دیہی پاخانوں کے ایسے ڈیزائن نکالے ہیں جو دیہاتوں میں مقبول ہوں، عام طور سے ان کا لگایا جانا بھی کم خرچ کا ہے۔ ان اداروں میں .Friends Rural Centre, Rasulia and Planning, Research and Action Institute, Lucknow رسولیا اور پی آر اے آئی لکھنؤ کا خاص طور سے نام لیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے دیہاتوں میں اچھے اور کارآمد ڈیزائن بنانے کے تجاویز پیش کئے ہیں۔

Plastic Mould For Sanitary Latrine پلاسٹک کا سانچہ سینیٹری پاخانہ کے لیے

Rasulia ڈیزائن ایک اچھا طریقہ دیہی لوگوں کو اپنا پاخانہ ڈھالنے کے لیے بتاتا ہے اس لیے ایک پلاسٹک کا سانچہ استعمال کیا جاتا ہے اس سانچہ کے مختلف حصے شکل 3، 2، 1 میں پلیٹ 41A میں دکھائے گئے ہیں۔

باہری حصہ پلاسٹک کے دو حصوں کے سانچے سے بنایا جاتا ہے جو کہ مستقل طور سے ایک دوسرے سے باندھ دیے جاتے ہیں۔ باندھنے کے لیے پلاسٹک کا فیتہ جھکی طرف استعمال کیا جاتا ہے اور پھر ان کو جکڑ دیا جاتا ہے۔

دو اسی طرح کے فیتے مختلف سمت باہری سانچے کو مکمل کرتے ہیں۔ یہ دونوں فیتے نکالے جا سکتے ہیں۔

اندرونی حصہ بھی دو ٹکڑوں سے بنایا جاتا ہے یعنی Bowl پیالہ اور Trap Part جیسا کہ شکل

نمبر ۵ میں دکھایا گیا ہے۔

اندرونی اور باہری سانچوں کے حصوں کو مناسب نسبت سے 12 Roofing Bolts سے جوڑا جاتا ہے۔ اول پارٹ کے تلی کے کناروں پر دس بولٹ لگائے جاتے ہیں اور 2 Trap Part کے Base سے جوڑے جاتے ہیں۔

سانچوں کی مدد سے پاخانوں کے ڈھالنے کا طریقہ ذیل میں بیان کیا جاتا ہے۔

سینیٹری پاخانوں کا ڈھالنا Casting The Sanitary Latrines

(۱۶ اور ۱۶/8 پلیٹ سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمائیے)

پلیٹ نمبر ۱۶ کی شکل نمبر ۱ میں جیسا کہ دکھایا گیا ہے مزید سہارا دینے کے لیے اندرونی سانچہ میں ایک Stiffener کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اندرونی سانچہ کا بڑا والا حصہ بند دو اور اس کو متوازی حالت میں ٹھیک جگہ میں گاڑ دو۔ قریب ویسٹر کنکریٹ کو لاؤ جس میں ایک حصہ سیمنٹ اور دو حصہ بالو اور ۳ حصہ 1/4 سے 3/4 تک بڑے پتھر کے ٹکڑے ہوں اور اس میں کافی پانی ملاؤ۔ سانچے کی خالی جگہ کو پوری طور سے بھر دو یعنی اس کچر تک کنارے تک بھر دو۔ اس کو ہوا کے بلبلے نکالنے کے لیے کچھ ہلاؤ۔ اس کو ۲۴ گھنٹوں کے لیے Set ہونے کو چھوڑ دو۔ اب Stiffener کو نکال لو سانچے کو الٹ دو اور ہوشیاری سے بنا ہوا پاخانہ کا ڈھانچہ نکال لو۔

تاہم کم درجہ حرارت سے متعلق اس موضوع پر بہت ریسرچ اور تحقیقی کام کرنے کی ضرورت ہے کیوں کہ شمال میں جہاں سخت جاڑا پڑتا ہے بہت کم گیس حاصل ہو پاتی ہے۔ کچھ ایسے بھی مسائل ہیں جن کا تعلق digestion cycle کے وقفہ کو کم کرنے اور گیس کو مناسب طور سے حاصل کرنے سے ہے۔ ملک کے بہترین دماغوں اور دانشوروں کے ذریعہ اس موضوع پر ریسرچ ہونا چاہیے۔ اس کے پہلے ہم اس اسکیم میں اونچے پیمانے پر ہندستان کے دیہی عوام میں لاگو کریں۔ یہی شمسی توانائی۔ ہوائی چکی۔ آبی توانائی کے لیے ٹھیک ہے۔ ان سے متعلق آلات و اوزاروں و اسکیموں پر کافی تحقیقات کی ضرورت ہے۔ ان کو دیہی ماحول کے مطابق ڈھالا جا سکے۔ رہٹ۔ گرا۔ بلدیو بالٹی یا پانی کے پہیہ سے متعلق تراکیب پر کافی توسیع اور تجدید کی ضرورت ہے۔

کچھ ایسے آلات جو بہت پہلے وجود میں آئے تھے یا ابھی ایجاد ہوئے ہیں دیہی علاقوں کے لیے بہت مناسب پائے گئے ہیں اور آنے والے باب میں اس کا تفصیل بیان کیا جا رہا ہے۔



CASTING OF RINGS.

چھلے کی ڈھلائی



CONSTRUCTION OF FORMS.

گولاکار پلیٹ کو بنانا

FORMS FOR CASTING WELL RINGS

فورم کنوئیں کے گھیرے ڈھالنے کے لیے

(پلیٹ 52 اور 52A کے اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی :- Friends Rural Centre, Rasulia, M.P.

تمہید :- کنواں کھودنے کا ایک جدید طریقہ کنوئیں کے سیمنٹ کے گھیرے بناتا ہے۔ کھودنے اور گھیرے
بٹھانے کا کام ساتھ ساتھ چلتا ہے۔ مٹی نکلتی جاتی ہے اور گھیرے نیچے دھنستے جاتے ہیں۔ اس میں اینٹ کی جوڑائی
اور سیمنٹ کی پلاسٹرنگ کی بھی ضرورت نہیں کیونکہ یہ گھیرے کانکریٹ سے Pre-Fabricated
ہوتے ہیں۔ اس کام نے اتر پردیش، مدھیہ پردیش اور بہار کے صوبوں میں کافی زور پکڑا ہے۔ گھیرے اور اس
کے دوسرے لوازمات مقامی طور سے لوہاروں اور مزدوروں Semi Skilled Mechanics
کے ذریعہ بنائے جا سکتے ہیں۔

بنانے کا طریقہ

دو Angle Iron کو ایسا Drill کیا جاتا ہے کہ ان میں 8 3/8" بولٹس کھپ سکیں اور ان
کو ساتھ ساتھ جکڑ دیا جاتا ہے دوسرے faces میں Rivet سوراخ ڈرل کیے جاتے ہیں۔ 2' x 9 1/2' سائز
کی لوہے کی چادریں زمین پر لٹا دیا جاتا ہے اور Angle Iron کو دونوں سرے پر Partitioned
کر دیا جاتا ہے۔ ہتھوڑوں سے پیٹ پیٹ کر چادر کو بیلن نما Cylindrical بنا دیا جاتا ہے۔ اس کی
سائز کو 3" یا 4" کے موٹے چھلے کے بنانے کے لیے Adjust کر دیا جاتا ہے اندرونی Form کو ہتھوڑے
سے پیٹا جاتا ہے اور اس وقت Angle Iron کو اوپر کی طرف رکھا جاتا ہے اور باہر کی Form
والے Angle Iron کو نیچے کی جانب رکھا جاتا ہے اور اب ان کو ساتھ ساتھ بولٹ کر دیا جاتا ہے اور رنگ
کی شکل میں کسی خرابی کو ہتھوڑوں سے پیٹ پیٹ کر درست کر دیا جاتا ہے جب اندرونی Form کی Flange
Angle Iron. ہے اسی طرح لکڑی کے ٹکڑے کو تیار کر کے Drill کر دیا جاتا ہے اور دو Joint
Flanges کے درمیان Insert کر دیا جاتا ہے تاکہ اس کی side 1/4" face والی باہر رہے
اور اس کو 3/8" x 2 1/2" بولٹ Bolts سے سہارا دیا جاتا ہے۔

سامان جو درکار ہے۔

Materials required

		Number	Size
1.	14 swg. black iron sheet	1	2'×9'4"
2.	14 ,, ,, ,, ,, ...	1	2'×11'
	or, if that size is not available, then ..	2	2'×6'
3.	Wood piece	1	2'×2"×1¼"
4.	Bolts and nuts	2	3/8"×2½"
5.	,, ,, ,, ...	10	1"/4"×3/4"
6.	Iron rivets	24	3/16"×3/4"
7.	Roofing bolts and nuts	10	1/4"×3/4"
8.	Angle iron 1¼"×1¼"×1/8" ..	2	2' long
9.	,, ,, 1¼"×1¼"×1/8" ..	12	1/6" long

PRECAST REINFORCED CONCRETE WELL-LINING RINGS

کنکریٹ چھلوں کا کنواں

(پلیٹ 52 A کے اشکال ملاحظہ فرمایئے)

متعلقہ ایجنسی :- Friends Rural Centre,

فرینڈس رورل سنٹر Rasulia, M.P. رسولیا مدھیہ پردیش

ڈھلنے کا طریقہ :- Form کو زمین پر برابر کنکروں پر بچھایا جاتا ہے اور زیادہ بہتر ہے کہ ان کو کانکریٹ پلیٹ فارم پر بچھایا جائے۔ ہر ایک کاسٹنگ سے پہلے ان کو ایک مرتبہ تیل سے Wipe کر دینا چاہیئے وہ سطح Form کی جو سیمنٹ کی سطح سے Entact میں آتا ہے اس کو بھی تیل سے Wipe کر دینا چاہیئے جیسا کہ شکل نمبر ۱ اور 2 میں دکھایا گیا ہے۔ اندرونی فورم کو ایک جگہ Assemble کر لینا چاہیے اور باہری فورم کو اس کے چاروں طرف پوزیشن دے دینا چاہیئے۔ اس مطلب کے لیے لکڑی کے تین بلاک استعمال کیے جاتے ہیں۔ پھر Reinforcing چھڑیں اپنے صحیح مقام پر رکھی جاتی ہیں فورم کے 3" نچلے حصہ اور 3" اوپری کنارے کی دوری سے چھوڑ کر دو چھلے ½ اسٹیل چھڑ کے چاروں طرف ڈالے جاتے ہیں جیسا کہ دکھایا گیا ہے یہ اپنی جگہ پر تین سیدھی عمودی چھڑوں سے رکھے رہتے ہیں اور نچلے اور اوپری حصہ کو پکڑنے اور Lifting Loops کو فورم کرنے کے لیے بھی کام میں آتے ہیں۔ یہ چھلے اور اکٹھا کئے جاتے ہیں جیسا کہ شکل نمبر 3 اور 4 میں دکھایا گیا ہے۔

اور پھر کانکریٹ مکسچر کو نیچے دیے طریقہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

حجم سے ایک حصہ سیمنٹ۔ حجم سے دو حصہ بالو اور حجم سے تین حصہ پتھر کے ٹکڑے یا دریائی گریول کو نسبتاً لیا جاتا ہے ان کو اچھی طرح ملایا جاتا ہے سکھایا جاتا ہے اور پھر اس میں کافی پانی ملایا جاتا ہے تاکہ یہ سخت شکل اختیار کرے۔

سیمنٹ بالو اور گریول کو ہمیشہ ایک ناپنے والے کانٹینر Container سے ناپنا چاہیے اس کو ڈھیلے طور سے نہیں بھرنا چاہیے۔ بلکہ ہلا کر اسی طرح بھرنا چاہیے۔ پانی کی مقدار کو بھی ناپ لینا چاہیے اور یہ مقدار صرف اسی وقت کم و زیادہ کرنا چاہیے جب پتھر عموی حالت سے زیادہ سوکھا یا بھیگا ہو۔ اگر بالو۔ گریول دگنی سیمنٹ اور پانی کی نسبت غلط ہے تو چھلے مضبوط نہیں بنیں گے اور رکھے جانے و استعمال کرنے کے دوران یہ ٹوٹ یا چٹک سکتے ہیں۔

پھر کمپر کو اندرونی اور باہری Forms کے درمیان رکھا جاتا ہے اور ـــــــ اسٹیل کی چھڑ سے چاروں طرف سے Tap کیا جاتا ہے اور اس طرح چاروں طرف کی جگہ بھر جاتی ہے جب اندرونی Form کو باہری فورم کی سطح تک بھر دیا جاتا ہے۔ اوپری حصہ کو Trowel سے چکنا کیا جاتا ہے اور اس کو Loops ہونے کے لیے اسی حالت میں ۲۴ گھنٹہ کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے۔ آپ کو یقین ہو جانا چاہیے کہ اٹھانے والے Forms چھلّے کے باہری کنارے کے نزدیک رہیں۔

۲۴ گھنٹہ کے بعد Forms کو ہٹایا جا سکتا ہے۔ دو بولٹ جو اندرونی Forms کو ہٹایا جا سکتا ہے اس کو کھولا جا سکتا ہے اور لکڑی کے ٹکڑے کو نکالا جا سکتا ہے۔ اندر کی طرف Tap کرنے سے لکڑی کے Spacer کو نکال لیا جاتا ہے اس سے اندرونی Form نکل آتا ہے کچھ ہلکی طرح tap کرنے سے اس کو کنکریٹ کے چھلے سے نکالا جا سکتا ہے اور اس کو اٹھایا جاتا ہے۔ باہری فورم کو دو بولٹ کو کھولنے سے جو اس کو جکڑے ہیں الگ کیا جا سکتا ہے اور کنکریٹ کا چھلا ٹوٹ یا چٹک نہ جائے اس کے لیے بہت ہوشیاری کی ضرورت ہے کیوں یہ ابھی سخت نہیں ہوا ہے۔ چھلّوں کو وہیں چھوڑ دینا چاہیے جہاں وہ ڈھالے گئے ہیں اور ۲ دن تک کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کرنا چاہیے۔ اس دوران میں ان کو تر رکھنا چاہیے کیوں کہ کانکریٹ کے تر کرنے سے ہی Set ہوتی ہے۔ یہ بھیگے بورے یا بھیگے پیال کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد دونوں site پر لے جائے جا سکتے ہیں اور رول کیے جا سکتے ہیں اور جب تک ضرورت نہیں ان کو stored کیا جا سکتا ہے۔

خاص فرسٹ چھلا بنانے کے لیے باہری فورم کو Insert ٹکڑے کے ساتھ assembled اسمبل کیا جاتا ہے اور reinforcing کو فورم میں نیچے کی طرف الٹ کر رکھا جاتا ہے اور اندرونی فورم کے تحت اٹھانے والے Loops کو اندرونی طرف جھکایا جاتا ہے جب form کو بھرا جاتا ہے تو اوپری کا حصہ کو چکنا کیا جاتا ہے کہ اس کا جھکاؤ اندر کی طرف رہے تاکہ Ted والا چھلا کا باہری کنارہ ایک کاٹنے والا کنارہ بنا سکے اور یہ آسانی سے زمین میں دھنس سکے جیسا کہ شکل نمبر 5 اور 6 میں دکھایا گیا ہے۔


PLATE LIII
LIFTING LOOP ON ORDINARY RING IS ON OUTSIDE
DETAIL OF RING CLAMP
1¾" x ⅛" IRON
ROUND IRON THREADED ONE END.
ROUND IRON CUT AS NEEDED
SPECIAL FIRST RING. LIFTING LOOPS ARE ON INSIDE
FIG. 1.
FIG. 3.
BARPOLI TYPE WELL
METHOD OF LOWERING OF RINGS INTO A WELL. A WINCH CAN BE USED INSTEAD OF TRIPOD.
FIG. 2.
بارپولی کنواں

RING WELL INSTALLATION

(پلیٹ III کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی : Friends Rural Centre, Rasulia, M.P.

Precast Reinforced Concerete Well- Lining Rings بنانے کا طریقہ

۴ فٹ قطر والی استعمال کی جاتی ہیں۔ کنویں کے لیے منتخب کی ہوئی زمین پر ایک انچ زیادہ والا دائرہ Special First Ring کے قطر سے کھینچا جاتا ہے۔ نشان لگایا ہوا دائرہ کھودا جاتا ہے۔ دیواریں بالکل عمودی رکھی جاتی ہے اور قطر کی بیچ بیچ میں جانچ کی جاتی ہے۔ کھودائی اس وقت تک جاری رہتی ہے جب تک کنواں مضبوط Stable نہ ہو جائے یا پھر جب تک کنویں میں پانی کا سوتا نہ آ جائے جب سوراخ کی گہرائی کچھ فٹ سے زیادہ ہو پہنچ جائے تو ایک عام Winch کو سوراخ کے اوپر رکھ دیا جاتا ہے اور کھودی ہوئی مٹی کو بالٹیوں یا ٹوکریوں سے نکال لیا جاتا ہے تاکہ کام کرنے والے لوگ آسانی سے داخل ہو سکیں اور باہر جا سکیں۔

اگر کنواں مضبوط نہیں ہوا ہے پھیل رہا ہے یا پھٹ رہا ہے اور اگر پانی نکل آتا ہے تو چھلے کنویں میں ڈال کر جوڑ دیے جاتے ہیں۔ چھلے ڈالنے کا مقصد دیواروں کو سہارا دینے کا ہے اور پتھر اور مٹی کا اندر کام کرنے والوں کے اوپر سے گرنے سے بچانے کے لیے بھی ہے۔ یہ چھلے مکمل پکے کنویں کی دیواریں بناتے ہیں۔

چھلے ڈالنے کے لیے پہلے کنویں کی Base کو ہموار کیا جاتا ہے اور خاص پہلے چھلے کو اس کی تلی تک نیچے گرا دیا جاتا ہے۔ اس خاص چھلے کا قطر وہی ہوتا ہے جو دوسرے چھلوں کا ہوتا ہے لیکن اس کا باہری قطر دوسرے سے 2" انچ زیادہ ہوتا ہے اور اس کا نچلا کنارہ زمین میں دھنسنے کے لیے ایک کاٹنے والی edge کا کام کرتا ہے چھلے کا باہری بڑا قطر اس بات کی یقین دلاتا ہے کہ جیسے ہی پہلا چھلا کھدائی کے دوران نیچے جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دوسرے چھوٹے چھلے بھی اندر کی طرف دھنستے جاتے ہیں۔

جیسے جیسے دوسرے چھلے ایک ایک کر کے کنویں میں نیچے کیے جاتے ہیں۔ ایک آدمی کنویں کے اندر اتر جاتا ہے اور ان چھلے کو ایک کے اوپر دوسرا کرتا جاتا ہے جب کنواں اوپر تک چھلے سے بھر جاتا ہے تو اٹھانے والے Loops جو پہلے چھلے میں لگے ہوتے ہیں اس کو سب سے اوپر چھلے کے rim سے Clamp کر دیا جاتا ہے اور ان کو ایسا کس دیا جاتا ہے اور ان کو سب چھلے ایک ساتھ ایک pipe پر متحرک ہو سکیں۔ جب چھلے بٹھا دیے جاتے ہیں اور جکڑ دیے جاتے ہیں۔ ایک آدمی کنویں میں اتر جاتا ہے اور وہ زمین کو اس 3

سے کھودتا ہے کہ چھلے اندر دھنستے چلے جاتے ہیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ اوپر والا آدمی یقین کرے کہ تمام چھلے سیدھے چل رہے ہیں۔ جب چھلے کچھ فٹ اندر دھنس جائیں تو clamps کو نکال لینا چاہیے اور زیادہ چھلے اوپر کی طرف جوڑ دینا چاہیے اور پھر clamps کو نکال لینا چاہیے یہ Extending $\frac{1}{4}$ گول Reinforcing چھڑوں کے ذریعہ کی جاسکتی ہے۔ نیچے مٹی کی کھدائی اور اوپر چھلے جوڑنے کا کام اس وقت تک جاری رہتا ہے جب تک کنواں مکمل نہیں ہو جاتا ہے جب پانی کی سطح مل جاتی ہے تو کام اسی طرح جاری رہتا ہے۔ کنوئیں کے اوپر کے لوگ پانی کو نکالتے جاتے ہیں یہاں تک کہ پانی کا سوتا زور سے نکلنے لگتا ہے۔

بارپولی ٹائپ کا کنواں Barpoli Type Well

یہ کنواں اس طرح کھودا جاتا ہے جیسے Rasulia ٹائپ کا کنواں کھودا جاتا ہے لیکن صرف ۳ چھلے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اگر مٹی چھلے کے اوپر مضبوط نہیں ہے یا Crumbling تو Temporary لکڑی کی Shuttering استعمال کی جاسکتی ہے جب مطلوبہ گہرائی پالی جاتی ہے اور کافی پانی نکلنے لگتا ہے تو چھلوں کو Heay Reinforced کانکریٹ کے ڈھکن سے فٹ کر دیا جاتا ہے اس میں ایک سوراخ ہوتا ہے اور ایک سیمنٹ کا پائپ بھی لگا ہوتا ہے یہ پائپ اوپر تک لگا ہوتا ہے۔ اگر Shuttering کو استعمال کیا گیا ہو تو اس کو الگ کر دیا جاتا ہے اور سوراخ کو بھر دیا جاتا ہے صرف کنکریٹ پائپ کو چھوڑ کر۔ اور اس کے چاروں طرف ایک سیمنٹ کا پلیٹ فارم بنا دیا جاتا ہے۔ سوراخ میں hand pump فٹ کر دیا جاتا ہے۔ اس طرح ایک اچھا کنواں بنایا جاسکتا ہے جو صاف اور بغیر امراض والا پانی کم قیمت پر سپلائی کر سکتا ہے۔

کچھ ضروری اعداد و شمار

Some important data

1.	Dia. of the finished well	4. ft.
2.	Depth of the finished well	60 ft.
3.	Gallons of water/hr.(max.)	10,000
4.	No. of men working	5
5.	Total time to complete	3 weeks
6.	Total volume of earth excavated	10,000 cu. ft.
7.	Average excavated vol./man/day	5 cu. ft.

8. Approximate cost of labour, material and pump Rs.4,000/-

Ring Wells طریقہ ہے۔ معمولی کنووں کی گہرائی بڑھائی جا سکتی ہے۔

Planning Research And Action Institute, Lucknow

نے ضلع شاہجہاں پور اور پیلی بھیت میں 4 ft. قطر والے ring-wells بنانے میں sixties.
کے دوران کافی کارکردگی دکھائی ہے۔ ان کی تکنیک قریب وہی تھی جیسا اوپر بیان کیا گیا ہے۔


PLATE LIV A
OIL HOLE
UPPER SECTION
LOWER SECTION
HOLLOW FILLED WITH COTTON TO ACT AS OIL GLAND.
TRANSVERSE SECTION THROUGH BLOCK B.
ROD
FIG.5.
WASHERS
OIL HOLE
UPPER SECTION
LOWER SECTION
ROD
BOLT TO HOLD LINK
BOLT FOR ATTACHING TO BARREL HEAD
D
C
A
B
BOLTS REQUIRED.
1. TWO BOLTS ½" x 3½" ARE USED TO FASTEN LINK TO HANDLE AND HANDLE TO BLOCK.
2. ONE BOLT 3/8" x 3" USED TO FASTEN HANDLE TO ROD.
3. ONE BOLT 3/8" x 1½" DOWN ROD LOCKS (3) ABOVE IN ROD.
4. TWO BOLTS ½" x APPROPRIATE LENGTH FASTEN BLOCK TO HEAD AND BARREL.



PUMP FOR VILLAGE USE

گاؤں کے لیے ہاتھ پمپ خود سے تیار کرنا

HAND PUMPS FOR VILLAGE USE

ہینڈ پمپ دیہاتوں کے استعمال کے لیے

(پلیٹ ۱۷ L اور ۱۷ A L سے متعلقہ اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی :- Friends Rural Centre, Rasulia,

District Hoshangabad, M.P.

تمہید :- ہینڈ پمپ ہندوستان میں پینے کے پانی کو صفائی اور حفاظت سے نکالنے کے لیے دیہی علاقوں میں استعمال ہوتے ہیں۔ اس کے سارے لوازمات کسی بھی لوہے کے بیوپاری کے یہاں مل جاتا ہے۔ ہینڈ پمپ کو دیہی سطح پر بنایا جا سکتا ہے اور پانی نکالنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے دیہی سطح پر ہینڈ پمپ بنانے کا کام نے بخوبی انجام دیا ہے جس کا بیان نیچے کے سطور میں کیا جاتا ہے۔

بنانے کا طریقہ Method of Construction

(1) Handle دستہ :- یہ کسی سخت لکڑی کے ٹکڑے (دیسی ہند سال کی لکڑی) سے کاٹا جاتا ہے یہ 28" لمبا اور $2\frac{3}{4} \times 2\frac{1}{2}$ دست کا ہوتا ہے جیسا کہ شکل نمبر میں دکھایا گیا ہے جو زیادہ تر بجلی دیہاتوں میں استعمال کرنے والی سادہ Lathe لیتھ پر آسانی سے بنایا جا سکتا ہے جو زیادہ تر بجلی دیہاتوں میں استعمال کرتے ہیں۔ ایک slot $\frac{3}{4}$" چوڑی کاٹ لی جاتی ہے تاکہ اس کے سرے پر چھڑ لگائی جا سکے۔ دوسرے سوراخ جیسا کہ شکل میں دیا ہے ویسے بنائے جاتے ہیں۔

(2) Rod چھڑ جیسا کہ شکل نمبر 2 دکھایا گیا ہے یہ Mild اسٹیل کی بنائی جاتی ہے اس کا قطر $\frac{3}{4}$" ہوتا ہے اور لمبائی 16 انچ ہوتی ہے ایک سوراخ سرے سے ایک انچ دوری چھوڑ کر $\frac{3}{8}$" قطر کا کیا جاتا ہے۔ ہر ایک سے $\frac{1}{2}$" گہرائی کے اور $\frac{3}{8}$ قطر کے سوراخ ساری چھڑ میں ڈرل کیے جاتے ہیں یہ دو سوراخ کو $\frac{3}{8}$" ٹلگے سے tapped کیا جاتا ہے ایک سوراخ میں ایک انچ لمبا مشین بولٹ پیچ سے جکڑ دیا جاتا ہے جو Cross Wire کے اندر چلا جاتا ہے۔ دوسرا plunger چھڑ کے اوپری سرے تک پہونچ جاتا ہے۔

(3) لنک (LINK)

جیسا کہ شکل نمبر 3 میں دکھایا گیا ہے یہ flat-steel strap iron لوہے کے دو ٹکڑوں سے بنا ہوتا ہے جو $10\frac{1}{2}$" لمبے اور $\frac{1}{2}$" موٹے اور $2\frac{1}{2}$ چوڑے ہوتے ہیں۔ اس میں دو سوراخ $\frac{1}{2}$" انچ کے اس کے

بیچ میں ڈرل کیے جاتے ہیں جو کناروں سے آ کی دوری پر ہوتے ہیں۔ دونوں ٹکڑوں میں ایک ساتھ ہی سوراخ ڈرل کیے جاتے ہیں تاکہ سوراخوں کی spacing ایک جیسی ہو۔

(۶) بلاک (BLOCK) یہ کسی سخت اور مضبوط لکڑی کے ٹکڑے سے بنایا جاتا ہے۔ جیسے سال وغیرہ کی لکڑی سے جیسا شکل ۶ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ Lever Mechanism کی Base بنتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ یہ چھڑ کے لیے Guide Bushing کا کام دیتا ہے اور پمپ کے بیرل سے mechanism کے باندھنے کا بھی کام دیتا ہے۔ اگر اس بلاک کو صحیح ڈھنگ سے بنایا جائے تو یہ زیادہ اچھی طرح اور زیادہ دنوں تک کام کرے گا۔ لکڑی کو Seasoned کر لینا چاہیے اور یہ چکنی نہ ہونا چاہیے اور تب ایک مربع بلاک 2½" × 2½" × 9" ناپوں کا تیار کیا جاتا ہے جیسا کہ شکل نمبر میں دکھایا گیا ہے۔ چار سوراخ D ، C ، B ، A ڈرل کیے جاتے ہیں سوراخ B ایک بلاک کے سرے سے ¾" کی دوری پر کیا جاتا ہے اور اس کی دوری 3" دوسرے سرے سے ہوتی ہے اور یہ ¾" قطر کا ہوتا ہے تاکہ یہ چھڑ کے Bushing کا کام انجام دے سکے۔ سوراخ A اور C ½" قطر کے ہوتے ہیں اور یہ پمپ بیرل کے اوپری حصہ کو بلاک کے Bushing کے بولٹ کرنے میں کام آتے ہیں۔ سوراخ D کو ایک جانب سے دوسری جانب ڈرل کیا جاتا ہے اور ¾" کی دوری پر تلی سے ہوتا ہے یعنی سوراخ C اور D کی درمیانی دوری ہے۔

پھر بلاک کو دو ٹکڑوں میں چیرا جاتا ہے جو Plan کے ٹاپ سائڈ کے نیچے ہوتا ہے۔ دو سوراخ B اوپری سرے کے نیچے داہنے ٹکڑے میں Chisel کاٹنے کے بعد بڑھائے جاتے ہیں تاکہ یہ چھڑ کے چاروں طرف Oil Well بنا سکیں پھر ⅛" کا سوراخ اس زاویہ پر جو اس سے اوپری سکشن بناتا ہے ڈرل کیا جاتا ہے دوسرا Oil Hole E پر ڈرل کیا جاتا ہے جو سوراخ D سے ملتا ہے جیسا کہ شکل ۶ اور ۵ میں دکھایا گیا ہے۔

SHOLAPUR-TYPE PUMPHEAD

شولاپور ٹائپ پمپ ہیڈ

(پلیٹ IV B ،L IV C ،L IV G ،L IV D ،L کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

مشمولہ رابرٹ طیب جی

Robert Tayabji, UNICEF, 9, Jorbagh,

New Delhi.

تمہید:۔ ایک بہت کارآمد پمپ ہیڈ War on Want Mission، جالنا، مہاراشٹر نے ڈیزائن کیا تھا۔ اس میں ترمیم و تجدید شولاپور Well Surface شولاپور اور Unicef نے کیا اور اس کا نام شولاپور ٹائپ پمپ دے دیا گیا۔ یہ ایک Submergible (ڈوبنے والا) ٹائپ پمپ ہے اور جس کا والو Submerge Valve کی سطح پانی میں ڈوبا رہتا ہے اور یہ ایک جڑی ہوئی چھڑ کے ذریعہ چلائے جانے والے دستہ سے منسلک رہتا ہے یہ پانی Suction Head پر نہیں منحصر ہے اور اس سے پانی کو کسی بھی گہرائی سے کھینچا جا سکتا ہے UNICEF نے مزید اس میں ترقیاتی رجحانات دکھائے ہیں۔

پمپ کی تفصیلات Description of the Pump

پلیٹ L IV B میں ایک مکمل پمپ دکھایا گیا ہے اس کے خاص حصے ہیں Head پانی کا ٹینک Pedestal اور Casing Pipe جس کے ذریعہ جوڑنے والی چھڑ پانی کی سطح تک جاتی ہے اور Piston سے منسلک ہو جاتے ہیں جس میں Valve لگا ہوتا ہے جو پانی اوپر کھینچتا ہے جب دستہ کو نیچے دبایا جاتا ہے تو پسٹن اوپر جاتا ہے اور Casing Pipe میں پانی چڑھ آتا ہے کچھ مرتبہ پمپ کے دستہ کو چلانے پر پانی۔ پانی کے ٹینک تک آجاتا ہے اور وہاں سے برتن تک آجاتا ہے کیوں کہ پانی کا حجم پسٹن کے دونوں طرف متوازن رہتا ہے اس لیے دستہ کو چلانے کے لیے زائد طاقت کی ضرورت نہیں پڑتی ہے اس لیے یہ آسانی اور سہولت سے کام کرتا ہے۔

شولاپور ٹائپ پمپ ہیڈ Sholapur Type Pumphead

سب پمپ ہیڈ میں ایک ہی Mechanism کام کرتا ہے کہ دستہ کی حرکت کو جڑی ہوئی چھڑ کو منتقل کر دیتا ہوتا ہے جو آگے پسٹن اور والو کو منتقل ہو جاتی ہے۔

روایتی پمپ ہیڈ ایک پیچیدہ سسٹم ہوتے ہیں Pivets اور Sliding Parts کا ہوتا ہے جس کو باقاعدہ صاف کرنے اور تیل دینے کی ضرورت پڑتی ہے لیکن شولاپور پمپ ہیڈ ایک مکمل بند Mechanism

ہوتا ہے جس میں Heavy Duty Boller Chain ہوتی ہے جو اس کی اہمیت کو بڑھاتی ہے اور اس کو دیرپا بناتی ہے۔ پمپ ہیڈ کے تین خاص حصے ہوتے ہیں۔ جو ذیل میں دیے جاتے ہیں۔

(1) ہیڈ جس میں دستہ اور کام کرنے والا mechanism شامل ہے۔

(2) پانی کا ٹینک یا ریزر وائر جو پمپ سے آسانی سے پانی بہاتا ہے اور انہی کو ضائع ہونے سے روکتا ہے:

(3) Pedestal یا اسٹینڈ جو پانی کے ٹینک اور ہیڈ کو روکے Pedestal کو اسٹیل پائپ سے بنایا جاتا ہے اور اس لیے روایتی ڈیزائن سے یہ ہلکا اور کارکردگی میں اچھا ہوتا ہے جیسا کہ شکل نمبر 2 پلیٹ LIVC میں دکھایا گیا ہے Pedestal کے نکلے ہوئے تین پیر ہوتے ہیں جو سیمنٹ کے پلیٹ فارم میں گڑے ہوتے ہیں۔

پمپ ہیڈ کو کھڑا کرنا Installing A Pumphead

پہلے ٹیوب ویل Casting Pipe کے اوپر pedestal کو فٹ کر دیا جاتا ہے پھر اس کے تینوں پیر سیمنٹ کی بنیاد میں گاڑ دیے جاتے ہیں۔ کاسٹنگ پائپ اور pedestal کے درمیان کی جگہ میں سیمنٹ بھر دی جاتی ہے اور اس کو سخت کر دیا جاتا ہے اور اس سے فائدہ یہ ہے کہ ضائع شدہ پانی ٹیوب ویل میں داخل نہیں ہو سکتا ہے اور نہ بھراؤ ہو سکتا ہے۔ یہ پلیٹ LIVD کا شکل نمبر 3 میں دکھایا گیا ہے دستہ کی ایک مناسب اونچائی پر چلائے جانے والے کے لیے لگایا جاتا ہے اس کا Pivat پلیٹ فارم کے قریب 102 cm انچ اوپر رکھا جاتا ہے۔

HandPump Convereion Head

زیادہ تر ہینڈ پائپ اس کے حصے نہ حرکت کرنے کی وجہ سے کام کرنا بند کر دیتا ہے۔ شولاپور پمپ ہیڈ کی کاسٹ آئرن باڈی بہت ہی کم بدل جاتی ہے کیوں کہ اس میں کوئی the moving parts نہیں ہوتا ہے اس کا مقصد صرف اوپر کے mechanisms کو support کرنا ہوتا ہے۔

یہ ممکن ہے کہ روایتی پمپ ہیڈ کو ڈیزائن کو شولاپور پمپ ہیڈ کے ڈیزائن سے بدل دیا جائے یہ شولاپور کے ڈیزائن کا mechanism بہت اہمیت کا اور باعتبار ہوتا ہے۔ UNICEF اور شولاپور Well Service نے ایسے ڈیزائن بنائے ہیں اور کچھ اہم نشان دہی کی ہے جس سے ان کو آسانی سے اونچے پیمانہ پر بنایا جا سکتا ہے۔ ہینڈ پمپ کی مرمت اور ان کے ہیڈ کو بدلنے میں مندرجہ ذیل کی باتوں کا خیال رکھنا ہوتا ہے۔

(1) معمولی پمپ پر conversion heads کو لگانا

(2) پلیٹ فارم اور نالیوں کا بنانا۔

(3) وقت وقت دوسرے حصوں کو بدلنا جیسے سلنڈر۔ پسٹن اور واشر washers وغیرہ۔

(1) قیمتیں :- قیمتوں کا تخمینہ نیچے دیا جاتا ہے جو فی زمانہ دوراں ہو رہی ہیں۔

	Rs.
Cost of Conversion Head	300
Cost of New Platform And Drain	250
Cost of New Cyclinder if Needed	250
Total	800

(2) مکمل سٹولا پور ٹاپ پمپ بورنگ کے علاوہ قریب ۱۰۰۰ روپے خرچ ہوں گے۔



FIG. 2 PLATE LIV C



FIG.1

INDIA MARK II HAND PUMP

انڈیا مارک II ہاتھ پمپ

PLATE LIVB

شولاپور پمپ نصب کرنا

INSTALLATION OF SHOLAPUR HANDPUMP



FIG. 3

PLATE LIVD

آبی پمپ

HYDRAULIC RAM

(پلیٹ LV اور LVA کے اشکال ملاحظہ فرمائے)

تمہید:۔ پانی کو پمپ کرنے کے لیے خودکار Hydraulic Ram استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ پہاڑی علاقوں کے لیے زیادہ کارآمد ہوتا ہے جہاں کافی اونچائی سے پانی نیچے گرتا ہے۔ اس سطح تک جو پانی کے منبع سے اونچی ہے Rams کچھ پانی کے حصے کو ہی پمپ کرتا ہے۔ اس کا اصول شکل نمبر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ Ram انہیں جگہوں پر استعمال ہو سکتا ہے جہاں پانی کی سپلائی لگاتار اور کافی ہو اور پانی کافی اونچائی سے گرتا ہے۔ اس کے فائدے ذیل میں دیے جاتے ہیں۔

(1) اس کے لیے کسی انسانی یا دوسرے منبع کی ضرورت نہیں ہوتی اور یہ معمولی قیمت پر چلایا جا سکتا ہے۔

(2) اس کے صرف دو متحرک حصے ہوتے ہیں اور اس کی دیکھ ریکھ بہت سستی اور سادہ ہے۔

(3) اس کی کارکردگی بہاؤ کی Wide Range کے لیے بہت زیادہ ہے۔

(4) ہر ورکشاپ میں سادہ لوازمات سے بنایا جا سکتا ہے۔

Ram کا ڈیزائن کرنا عام قسم کے Ram ۲ سے ۱۵ لیٹر فی منٹ کے بہاؤ والے منبع سے چلائے جا سکتے ہیں اور یہ ۵۰ میٹر کی اونچائی تک کام کر سکتے ہیں۔

Blake Hydram نے جو فہرست بنائی ہے اس سے Ram نکلنے والے پانی کی سپلائی کی مقدار وغیرہ کا حساب لگایا جا سکتا ہے۔ نیچے دی ہوئی ٹیبل میں Ram ¾ حجم پانی پمپ کر سکتا ہے۔

Supply Head = 4 Meters مثال Example
Delivery Head = 30 Meters
Ram لگ بھگ (1.15 x 1000 x 3/4) لیٹر فی روز پانی پمپ کرے گا۔

Ram کی Pumping Rates ٹیبل نمبر ۱ سے جو Blake Hydram نے بنایا ہے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

ایسا دیکھا گیا ہے کہ Ram کا لگایا جانا ضرورت کے مطابق پانی پمپ کرنے کے لیے کوئی بڑا نہیں ہے۔ اس لیے ایک Duplicate Ram اصل ram کے برابر درست کرایا جا سکتا ہے۔ نکاس پائپ وغیرہ رکھا جا سکتا ہے یا پھر دوسرا لیا جا سکتا ہے۔ بہت سے ram کی قطار کے لیے جیسا کہ شکل نمبر ۲ میں دکھایا گیا ہے۔

ram انسٹالیشن کا سب سے ضروری حصہ Drive Pipe ہے۔ یہ منبع سے ram تک پانی لے جانے کا کام کرتا ہے اور واٹر Hammer کی Pressure Surge رکھتا ہے Drive Pipe کا قطر اور لمبائی بہت اہم ہیں اور اچھی کارکردگی کے لیے لمبائی کی نسبت قطر سے 100 گنے سے زیادہ ہونا چاہیے۔ نکاس پائپ یا The delivery pipes کسی بھی میٹیریل سے بنایا جاسکتا ہے اور اس کی اندرونی سوراخ 20 mm قطر کی ہونی چاہیے۔ ram سے بڑی دوری تک پانی پمپ کیا جاسکتا ہے لیکن اس حالت میں Delivery Head کافی اونچا ہونا چاہیے۔

ٹینک میں head کافی بڑا ہونا چاہیے تاکہ یہ ریزرو میں زیادہ پانی لے سکے اور peak ضروریات پر اچھی سپلائی دے سکے۔ یہ زیادہ اچھا رہے گا کہ ایک Overflow Pipe ٹینک میں لگا دیا جائے تاکہ فاضل شدہ پانی کو پھلواری تک لے جا سکے۔

رام کی بناوٹ Construction of The Ram

جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے اس کا Drive Pipe 30 mm bore. کا ہوتا ہے۔ اور اس کی باڈی 50 mm اندرونی bore والی Pipe Fitting بنائی جاتی ہے۔

(الف) Impulsive Valve ۔ (جیسا کہ شکل 5 اور 5c میں دکھایا گیا ہے) 50 mm چوڑی دار پائپ والی Valve Plates کے اوپر Weld کرنے سے بنایا جاتا ہے جس کے پیندے کا قطر 30 mm ہوتا ہے یہ پائپ Connection کے اندر Lip بنا دیا ہے جو 30 mm چوڑی ہوتی ہے اور چاروں طرف Impulsive Valve Washer کی Seating کا کام کرتی ہے والو پلیٹ Valve Setting Area کے اوپر رگڑ دیا جاتا ہے تاکہ یہ والو واشر کو رگڑنے سے بچا سکے۔ دو بڑھائے ہوئے پیچ جن کا قطر 6 mm ہوتا ہے۔ valve plates پلیٹ پر Valve Spring کو روکنے کے لیے لگائے جاتے ہیں۔

(ب) Valve Spring کو Mild اسٹیل کی پتی جو 650 mm لمبی اور 30 × 2 mm کراس سیکشن کی ہو جیسا کہ نشان دہی کی گئی ہے اور شکل میں دکھایا گیا ہے۔ ڈرل کے بنایا جاتا ہے۔ اسپرنگ کو 50 mm گول پائپ کے چاروں طرف لگا کر موڑ دیا جاتا ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔ سنٹرل لائن کو پٹی پر بولٹ دو۔ اس سے اسپرنگ ڈرل سوراخ کے ساتھ صحیح پوزیشن میں آجاتا ہے۔ والو پلیٹ پر اسپرنگ کو بولٹ کر دیجیے۔ والو پلیٹ میں بڑے ہوئے سوراخ Impulsive Valve Stem کو صحیح Seating کے لیے Adjust کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔

(ج) Impulsive Valve Washer کو 6 mm قطر کے بولٹ سے بنے ہوتے ہیں جو پ اور واشر

جو والو پلیٹ سے اسمبل کیے جاتے ہیں اور والو اسپرنگ میں بنائے جاتے ہیں۔

رکھ، آخر میں Spring Tension کو Valve Stroke Adjusting Bore نے جوڑ دیا کہ
Ram زیادہ سے زیادہ اہلیت سے کام کر سکے Impulsive Valve Assembly کو رام سے ہٹایا جا سکتا ہے
spring
کو کھول کر اس کا رکھ رکھاؤ کیا جا سکتا ہے اور پھر پائپ کنکٹر اور والو پلیٹ کو بھی کھولا جا سکتا ہے ایک بہتر لیکن پیچیدہ
Impulse Valve بھی بنایا جا سکتا ہے جیسا شکل نمبر 3 اور 3 میں دکھایا گیا ہے۔

Making The Delivery Valve

یہ والو پانی کو Ram میں واپس بہنے سے روکتا ہے جب Pressure Impulse ختم ہو جاتا ہے۔
اس لیے یہ ایک Non Return Valve ہے جو آسانی سے Welding یا Brazing
سے بنایا جا سکتا ہے اور 3 mm کے اسٹیل پلیٹ کے ٹکڑوں کو ڈرل کر کے 30 mm پائپ کنکٹر کے ٹیوب کی حالت
میں پلیٹ کو چاہی ہوئی شکل میں کاٹا جاتا ہے اور ریت کر چکنا کر لیا جاتا ہے تاکہ Pipe Connector
کے سرے میں ٹھیک سے بیٹھ جائے اور اسی حالت میں یہ Weld یا Blaze کر دی جاتی ہے۔ پلیٹ سے
ایک ربر کا Washer لگا دیا جاتا ہے اور اسی حالت میں جکڑ دیا جاتا ہے۔ واشر کو ڈھیلا ہونا چاہیے تاکہ پانی آسانی
سے گزر سکے لیکن پانی کے دباؤ کو ہوا کے چیمبر سے روکنے کے لیے اس کو Tight بھی ہونا چاہیے۔ پیالے والا
واشر جو ربر والو کے اوپر لگا ہوتا ہے والو کو اپنی جگہ رکھتا ہے۔ Air Valve کو Delivery
Valve کے نیچے اور pipe connector کی Side میں 1 mm قطر کا چھوٹا سوراخ
ڈرل کر کے بنایا جا سکتا ہے۔ یہ جزوی طریقے سے Fine Wire Split Pin کے ذریعہ
بند ہوتا ہے جو Ram میں دباؤ کی تبدیلی سے حرکت کرتا ہے۔ سوراخ کے کھلنے اور ہوا کو داخل کرنے کے لیے
Air Valve کو Delivery Pipe Outlet کے مخالف سائڈ میں رکھا جاتا ہے ورنہ
ہوا جو Air Chamber میں داخل ہو رہی ہوتی ہے Delivery Pipe کے نیچے رکھا
جائے 50 mm قطر کے واٹر پائپ کو ایک میٹر کی لمبائی میں کاٹ کر Air Chamber بنایا جاتا ہے اس کے
دونوں سروں پر چوڑیاں ہوتی ہیں ایک سرے کو Delivery Pipe سے پنچ کے ذریعہ کس دیا جاتا ہے T
Junction
Pipe فٹنگ اور اوپری سرے کو Cap سے بند کر دیا جاتا ہے۔ Mounting پیر کسی بھی طرح کے لوہے کے
ٹکڑے سے بنائے جا سکتے ہیں اور ram باڈی کے چاروں طرف ڈرل کی حالت میں جھکائے اور بولٹ کیے جا سکتے ہیں جو پیرین
کے ساتھ بولٹ کیے جا سکتے ہیں جب ram سائٹ پر اسمبل کیا جاتا ہے اور اس کو مستقل Fisture بھی بنانا
ہوتا ہے۔

سائٹ پر رام کو یکجا کرنا Assembling the ram at the site

(1) بہت سے پائپ کے Joint Compound. کو استعمال کرتے ہوئے پائپ Fitting کو اسمبل کیا جاتا ہے۔ یہ مضبوطی سے پیچ سے جکڑ دیے جاتے ہیں اور صحیح پوزیشن کے لیے رام کی اسمبلی Assembly کے لیے Adjust کیے جاتے ہیں۔ ان کو مکمل طور سے ٹپکنے leaks. سے بری ہونا چاہیے۔

(2) Impulse اور Delivery Valve کو آزادی سے حرکت کرنا چاہیے اور جب رام بند کر دیا جائے تو ٹھیک طور سے والو پلیٹ پر بیٹھ جانا چاہیے۔

(3) Ram Level کو اٹھائے والے پیر دب پر جاہے ہوے Site پر Set کرو اور اس کے Drive اور نکاس پائپ منسلک کر دو یکشن کرنے سے پہلے ان پائپس کو پانی سے اچھی طرح دھولو۔

(4) Drive Pipe کو جہاں تک ممکن ہو سیدھا بچھانا چاہیے۔ تاکہ کوئی Sharp موڑ نہ رہ سکے۔

(5) Drive Pipe سے متعلق Inlet ہمیشہ پانی میں ڈوبی رہنا چاہیے ورنہ ہوا پائپ میں داخل ہو جائے گی اور Ram کو کام کرنے سے روک دے گی۔

کارکردگی How It Works

شکل نمبر ۱ میں ram کی کارکردگی ایک نمایاں سیدھی ڈائگرام کے ذریعہ سے کی گئی ہے۔

منبع سے پانی نیچے کی طرف Drive Pipe میں بہتا ہے اور Impulse Valve کے ذریعہ ہو کر بھاگتا ہے جب پانی Valve Impulse سے ہو کر بہتا ہے تو اس کی رفتار بہت تیز ہوتی ہے۔ یہ بہاؤ اور اوپری طاقت جو والو پر لگتی ہے Valve کو یکبارگی بند کرنے کی ذمہ دار ہوتی ہے اور Drive Pipe میں پانی کا کام رک جاتا ہے۔ رکے ہوئے پانی کے کام کا Momentum رام میں اچانک دباؤ کے بڑھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ جو اگر بہت زیادہ نکاس والو پر ہوا کے چیمبر کے دباؤ پر حاوی ہو جاتا ہے اور پانی کھلا ہو کر ہوا کے چیمبر میں جانے دیتا ہے اور پھر Header Tank تک اس کو پہنچا دیتا ہے۔

Ram میں Pressure Surge کسی حد تک ہوا کے چیمبر میں پانی کے بھاگنے سے کم ہو جاتی ہے Ram کی باڈی میں Pressure Pulse کے Drive Pipe سے واپسی ٹکراؤ سے کچھ Suction پیدا ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے نکاس والو بند ہو جاتا ہے اور یہ Ram میں پمپ کیے ہوئے پانی کو پھر واپس آنے سے روک دیتا ہے Impulse Valve نیچے گر جاتا ہے اور پھر پانی باہر بہنا شروع ہو جاتا ہے اور اسی طرح یہ چکر چلتا رہتا ہے۔

Ram کو ایسے Adjust کیا جاتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ پانی اس سے حاصل کیا جا سکے اور یہ عام طور سے اس وقت ممکن ہے جب Ram ایک منٹ میں 75 مرتبہ beats کرتا ہے۔

رام کے لیے جگہ کا انتخاب کرنا Selection of Site For The Ram

یہ جاننا ضروری ہے کہ مخصوص Ram چاہی ہوئی مقدار کی پانی کی سپلائی کر سکتا ہے یا پھر اس کے لیے بڑا لگانے کی ضرورت ہے۔ جیسے ہر پانی کے بہاؤ کو ناپا جاتا ہے۔ اور یہ جان لیا جاتا ہے کہ یہ چاہی پانی کی سپلائی دے سکے گا۔

زیادہ تر ram بڑی اہلیت سے کام کرتے ہیں اگر ان کا Supply Head Delivery Head کا $\frac{1}{3}$ ہوتا ہے۔ سروے کے آلات سے منبع اور رام کے درمیان کا فرق header tank اور رام کے درمیان کا فرق ناپ لینا چاہیے۔

رام کا رکھ رکھاؤ Maintenance of the ram

یہ ضروری ہے کہ گرد کو Drive Pipe کے اندر جانے سے روکا جائے اور یہ دیکھنا چاہیے کہ سوکھی پتیاں Entry کو بلاک نہ کر دیں۔ اس لیے یہ ضروری ہو جاتا ہے۔ دریا یا چشمہ کی سپلائی سے ایک Take Off پر Grating لگا دی جائے تاکہ پتیاں واپس نہ بہہ سکیں اور Sump پر Feeder tank Slit اکٹھا کرنے کے لیے لگا دینا چاہیے۔

رکھ رکھاؤ میں ذیل کے نکات کا خیال رکھنا چاہیے۔

(a) گرد و غبار کو صاف کرنے کے لیے Ram کو کھول لینا چاہیے اور اس کے حصوں کو صاف کر لینا چاہیے۔

(b) پائپ سسٹم میں ہوا کے Locks کو صاف کر دینا چاہیے۔

(c) اس کی Tuning کو Adjust کر لینا چاہیے۔ اور ڈھیلے بولٹس کو کس لینا چاہیے۔

(d) والو کی ربر بدل دینا چاہیے اور والو کی Seating کو Adjust کر لینا چاہیے۔

(e) Drive Pipe کو جانے والا پانی کا بہاؤ، پتیوں، گرد و غبار سے صاف ہونا چاہیے۔ Filters اور Gratings کو صاف کر لینا چاہیے۔

اس کے رکھ رکھاؤ میں زیادہ زحمت کی ضرورت نہیں ہوتی اور یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ اگر مقامی Technician کو اس کی Tunings اور Adjustment میں تربیت دی جائے جو کم سے کم ہفتہ میں ایک مرتبہ اس کی دیکھ ریکھ کر سکے۔

اب یہ ہائیڈرولک پمپ ہندوستان میں غازی آباد اور کانپور میں بھی بننے لگا ہے اور کئی صوبے یو۔ پی، بہار

کے گڑھوال ڈویژن میں نصب کئے گئے ہیں اور وہ اطمینان بخش طریقے سے چل رہے ہیں۔

TABLE 1

DAILY PUMPING RATES FOR RAM PUMP (litres of water)

Supply Head (metres)	Delivery Head (metres)										
	5	7.5	10	15	20	30	40	50	60	80	100
1	400	200	150	80	70	50	30	20			
2		550	390	250	200	130	80	60	50	30	
3			650	450	320	220	150	130	100	70	40
4				650	430	300	200	150	130	90	60
5				750	550	370	300	250	200	120	90
6					700	450	350	300	250	150	120
7						550	410	320	270	200	150
8							450	370	300	250	150
10							600	450	400	300	230
12							750	550	470	350	280
14								650	550	400	330
16									620	470	370
18									700	520	420
20										600	450



HYDRAULIC RAM FOR PUMPING WATER

پانی سے چلنے والا ریم (پانی اوپر اٹھانے والا)

PLATE LV



HYDRAULIC RAM FOR PUMPING WATER

پانی کا ریم بنانا

PLATE LV A

ہاتھ سے چلانے والا پمپ

HAND OPERATED SUCTION PUMP

ALL DIMENSION ARE IN cm.



FRONT ELEVATION

SIDE VIEW

PLATE LVI

Hand Operated Suction Pump

ہاتھ سے چلایا جانے والا چوس پمپ

(۱۷ پلیٹ کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی : Allahabad Polytechnic, Allahabad

تمہید Low Lift پمپ کی بہت ضرورت ہے۔ جو چھوٹی کھائیوں، ٹینک اور نچلے رقبہ کے برسات کے پانی کو اٹھا سکے۔ دیہاتوں میں لوگ اس کام کے لیے بالٹیاں یا ٹوکریاں استعمال کرتے ہیں جو دوسروں پر رسی سے مضبوطی سے ہوتی ہیں اور اس کام میں دو آدمی لگے ہوتے ہیں۔

بناوٹ

پمپ کی ڈرائنگ اور ڈیزائن شکل میں دکھائی گئی ہے۔ یہ دو آدمیوں کے ذریعہ کام میں لائی جاتی ہے۔ ہر جانب Livers لیورس کام کرتے ہیں۔ پانی بڑی آسانی سے باہر آتا ہے۔ والو واشر خاص قسم کی ربر سے بنایا جاتا ہے لیکن اس کو کارک یا ٹرک کے اندرونی ٹیوب سے بھی بنایا جا سکتا ہے Delivery Pipes اور suction کو چھوڑ کر تمام حصے لوہے کی چادر سے بنائے جاتے ہیں یہ 20 فٹ کی گہرائی سے پانی کو اوپر اٹھا سکتا ہے۔

اس کی قیمت ۵۰ روپیہ ہوتی ہے جو آج کل دوگنی ہو چکی ہے۔

GOBAR GAS PLANT

گوبر گیس پلانٹ

(پلیٹ L VII ، L VII A ، L VII B ، L VII C کے اشکال ملاحظہ ہوں)

متعلقہ ایجنسی Khadi and Village Industries Commission Irla Road Villeparle Bombay

کھادی اور گرام ادیوگ کمیشن ارلا روڈ ولے پارلے بمبئی All State Khadi Boards

تمہید : آج کے دور میں گوبر گیس پلانٹ یا بائیو گیس پلانٹ کے لیے کسی تمہید کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ دور حاضرہ کی جدید ٹکنولوجی ہے۔ اگر اسکیم کے مطابق اس کو استعمال کیا جائے تو دیہی زندگی میں انقلاب پیدا کر سکتی ہے۔

کیسے چلائی جاسکتی ہے How Operated

گوبر گیس پلانٹ (گوبر میتھین گیس پلانٹ) جو اس پلانٹ کو نام دیا گیا ہے۔ حیوانی اور نباتاتی ضائع شدہ جیسے گوبر۔ پاخانہ۔ مرغیوں کا اخراج۔ زرعی پیداوار پروڈکٹ۔ گھاس۔ جڑی بوٹیاں۔ پتیاں۔ کنبھی اور دوسرے ضائع شدہ اشیاء کو ہوا کی غیر موجودگی میں خمیر میں بدلتی ہے۔ پلانٹ کو کھڑا کر دینے کے بعد صرف یہ کام رہ جاتا ہے۔ ڈائجسٹر ان سیال اور جاندار اشیاء کا مرکب ہے ڈالی جاتی رہے (ضائع شدہ اشیاء اور پانی 1:1 کی نسبت سے) اور میتھین Methane گیس خود بخود ہوتی رہتی ہے۔

بنائی ہوئی چیزوں کی نوعیت Nature of Product

Methane گیس کو کھانا پکانے۔ روشنی کرنے اور انجن چلانے کے کام میں لاتے ہیں۔ اسی لیے نکلے ہوئے سیال کو کھاد کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

گیس کی Value Calorifiv B.th.U. 550 ہوتی ہے اور Non Luminous لو کی طرح F ۸۰۰ درجہ حرارت پر جلتی ہے اور کھاد کی زرخیزیت کی قیمت -/500 ہوتی ہے نائٹروجن Oxidation کے نقصان کو بچا کر حاصل ہوتی ہے۔

بناوٹ Construction

پلانٹ کے حصے گاؤں میں بنائے جا سکتے ہیں اگر لوہار اور مشین کے کاریگر وہاں موجود ہیں۔ اس کے بنانے اور کھڑے کیے جانے کے لیے تربیت یافتہ کارندے Khadi And Village Industries Commission

سے مدد کے لیے مل سکتے ہیں اور لکھنؤ میں مسٹر محمد ابراہیم اس کی ٹیکنالوجی کے خاص طور پر ماہر ہیں۔

اس کے دو حصے اہم ہوتے ہیں۔

(۱) ڈائجسٹر Digester

یہ ایک طرح کا کنواں ہوتا ہے جو اینٹوں سے بنایا جاتا ہے یہ زمین کی سطح کے نیچے کھود کر بنایا جاتا ہے اس کی گہرائی قریب 12 (3.5 میٹر) اور 20 (6 میٹر) ہ 12 اور اس کا قطر 4 (1.2 میٹر) اور 12 (3.5 میٹر) ہوتا ہے جو پلانٹ کی وسعت کے حساب سے بدلتا ہے۔ کنویں کے بیچ میں ایک Partition دیوار ہوتی ہے جو اس کو نصف دائرے کے کمپارٹمنٹ میں بانٹ دیتی ہے کنویں کی تہہ تک دو جھکے ہوئے سیمنٹ پائپ Inlet اور Outlet کے لیے جاتے ہیں۔ یہ پارٹیشن دیوار کے دونوں جانب لگے ہوتے ہیں اور Slurry Pit inlet tank کے اندر اور and outlet tank. ٹینک کی اوپری سطح پر کھلتے ہیں۔

گیس ہولڈر Gas Holder

یہ ہلکی اسٹیل کی چادر کا بنا ہوا ایک ڈھول ہوتا ہے۔ یہ ایک cap. کی طرح کنویں کے منہ پر چڑھا ہوتا ہے جہاں سلری میں ڈوبا رہتا ہے اور اس مقصد کے لیے بنائے ہوئے کنویں کے اندر Ledge پر ٹھہرتا ہے یہ ڈھول اوپر اٹھتا ہے جیسے جیسے اس میں گیس جمع ہوتی ہے۔ اسی طرح جمع کی گئی گیس اوپر لگے ہوئے پائپ سے ضرورت کے مطابق ٹیپ کھول کر لے جائی جاتی ہے۔

(۳) پائپ لائن اور تندور Pipe Lines And Oven

یہ گیس باورچی خانہ تک لے جائی جاتی ہے یا اس کو گیس پمپ میں استعمال کیا جا سکتا ہے یہ 100 میٹر یعنی 300 فٹ کی دوری تک لے جائی جا سکتی ہے۔ اس کا دباؤ بہت کم ہوتا ہے 3" (75 cm) سے 6" (150 cm) واٹر کالم۔ لیکن یہ دباؤ باورچی خانہ کے اسٹوو یا گیس پمپ کے کافی ہوتا ہے۔

قیمت (نیچے دی ہوئی قیمتیں آج کے دور میں دونی سے زیادہ ہو چکی ہیں)

Cost	Size of plant in cu. meter gas/day	Estimated cost in Rs.
	1.6 (60 cu. ft.)	1,500.00 approx.
	2.75 (100 ,,)	2,000.00
	4.00 (150 ,,)	3,000.00 ,,
	5.50 (200 ,,)	4,000.00 ,,
	6.75 (250 ,,)	5,000.00 ,,

اونچے پیمانے والی تجارتی کام کے لیے 2500 cu ft. وسعت کی پلانٹ بھی بنائی جا سکتی ہیں Khadi & Village Industries Commission گوبر گیس پلانٹ لگانے کے لیے قرضہ اور چھوٹ بھی دیتا ہے اب صوبائی سرکار نے بھی بایو گیس پلانٹ بنوانے پر امداد دیتی ہے۔ اور بینک سے تخفیف شدہ سود پر قرضے بھی مل جاتے ہیں۔

کھادی کمیشن اور ریاستی حکومتوں کی کوششوں سے دیہاتوں میں زیادہ سے زیادہ بایو گیس پلانٹ لگائی جاتی ہیں لیکن پھر بھی ان کی مقبولیت میں کچھ وجوہات کی وجہ سے رکاوٹ پڑ رہی ہیں۔ جاڑے کے موسم میں بہت کم گیس دستیاب ہوتی ہے اس لیے کاشتکار اس کی کارکردگی پر پوری طرح سے بھروسہ نہیں کرتے۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے موزوں ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن Central Drug Research Institute Lucknow سے تعاون کر کے ریسرچ کا کام انجام دے رہے ہیں۔

موجودہ ترقیات

تقریباً دس برس سے چین سے آئی ہوئی بایو گیس کی ٹکنالوجی بہت مقبول ہو گئی ہے۔ یہ اینٹ، سیمنٹ اور گارے سے بنتی ہے اور بالکل زمین دوز ہوتی ہے اس کے اوپر غلے اور دوسرے سامان رکھ سکتے ہیں اور مویشی بھی باندھ سکتے ہیں اس جدید ڈیزائن میں لاگت بھی KVIC ڈیزائن کے مقابلے میں ۴۰ فیصدی کم آتی ہے۔

نوٹ :۔ بایو گیس انٹرنیشنل لکھنؤ اور موزوں ٹکنالوجی کے ادارے نے اس میں خاصی مہارت حاصل کر لی ہے۔



GOBAR GAS PLANT

(FOR 100 CUBIC FEET GAS PER DAY. SCALE: 3/8" = 1' OR 1cm = 30cm)

PLATE LVII A



METHOD OF JOINING GAS HOLDER TO MAIN GAS PIPE.
(NOT TO SCALE)

پائپ گیس سلنڈر سے جوڑنا

BIO-GAS PLANT ACCESSORIES

بائیوگیس پلانٹ کے لوازمات

(پلیٹ 8 VII تا کے اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید : بائیوگیس پلانٹ میں بنی ہوئی بائیوگیس بالکل pure methane نہیں ہوتی ہے بلکہ اس میں بہت سی گندی گیسیں بھی شامل ہوتی ہیں۔ typical کمپوزیشن ذیل میں دیا جاتا ہے۔

CH_4 (Methane)	68.8%
CO_2 (Carbon dioxide)	29%
N_2 (Nitrogen)	1%
H_2 (Hydrogen)	1%
CO (Carbon monoxide)	0.1%
O_2 (Oxygen)	0.1%
H_2S (Hydrogen sulphide)	Trace

گیس کی Calorific Value میتھین کی فی صد موجودگی پر منحصر کرتی ہے۔ اس لیے یہ ضروری ہے کہ بائیوگیس سے غیر ضروری گیسوں کو نفی کر دیا جائے خاص کر co 2 کاربن ڈائی آکسائڈ کو جو کہ نسبتاً بہت زیادہ مقدار میں موجود ہوتی ہے یہ بائیوگیس کی Calorific Value فی یونٹ حجم کے لیے کم دیتی ہے۔ اسی طرح 25 H کی ذرا بھی موجودگی دھات کے بنے آلات ڈبلوں پر دخل انداز ہو سکتی ہے اس مقصد کے لیے دو بائیوگیس کی Accessories کا نیچے بیان کیا جاتا ہے اور بائیوگیس پلانٹ لگاتے وقت ان کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

چھاننے والا ٹینک Filtration Tank

جب گیس گوبر سے بنائی جاتی ہے تو صرف HOS ہائڈروجن سلفائڈ کی کسی حد تک موجودگی ہوتی ہے۔ لیکن دوسرے نباتاتی ضائع شدہ اشیاء اس میں ڈالی جاتی ہے تو اس کی فی صد بڑھ جاتی ہے اس کی موجودگی دھات کے بنے پائپ اور دوسرے آلات پر Corrosion کا اثر پیدا کر سکتی ہے جب یہ گیس جلانے کے کام میں لائی جاتی ہے۔

Filteration Tank جیسا کہ شکل نمبر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ یہ Gobar Gas Experiment
Station Ajitmal, Etawah, U.P. میں ڈیزائن کیا ہے اور تمام تجرباتی منازل پر یہ
کامیاب پایا گیا ہے گیس ایک برتن سے گزاری جاتی ہے جس میں لوہے کے ٹکڑے اور Ferric Oxide
بھرے رہتے ہیں جو HS2 جذب کر لیتے ہیں اور بغیر HS2 کی موجودگی کے گیس Outlet پائپ سے باہر آتی ہے۔
Lime Water Scrubber یہ اگر شکل نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے۔ فلٹر پائپ سے
گیس کو چونے کے پانی سے گزارا جاتا ہے اور Agitator کو بھی کبھی کبھی کام میں لایا جاتا ہے اور اس طرح
CO_2 چونے کے پانی میں جذب ہو جاتا ہے اور بایو گیس جس میں CO_2 موجود نہیں ہوتی Outlet
پائپ سے باہر آتی ہے چونے کے پانی کو وقتاً فوقتاً بدلنا پڑتا ہے۔

PLATE LVII B



GAS BURN CARBURETOR

GAS BAG FOR 5 TO 14 H.P. ENGINES



FIG. 1



FIG. 2

FILTRATION TANK

سلفائڈ کو جذب کرنے کا آلہ

LIME WATER SCRUBEER

چونے کا پانی کاربن ڈائی آکسائڈ کو جذب کرنے کا آلہ

GOBAR GAS PLANT APPLIANCES

(پلیٹ LXXVI کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

تمہید: جب گیس گوبر گیس پلانٹ کے باہر آتی ہے تو یہ کئی کام کے لیے استعمال ہو سکتی ہے یہ کھانا پکانے۔ روشنی دینے اور انجن چلانے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے پکانا اور روشنی لینا دو ایسی چیزیں ہیں جن کا استعمال گاؤں میں زیادہ کیا جاتا ہے اور ان کے ذریعہ ایندھن کی بھی بچت ہو سکتی ہے اس کے لیے ہم کو گوبر گیس سے متعلق آلات اور Appliance کی ضرورت پیش آتی ہے

نے مختلف مقاصد کے لیے ایسے آلات ڈیزائن کئے ہیں اور ان کو معیاری بنایا ہے جو ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں۔

(1) برنر چولھا Burner ہر ایک cu. ft. گیس کو پوری طور سے جلانے کے لیے 9 Cuft ہوا کی ضرورت ہوتی ہے اس مقصد کے لیے گھر پر ٹین کے بکسوں سے بنائے گئے برنر اس ضرورت کو نہیں پوری کر سکتے ہیں۔ مزید گیس اور بغیر ضرورت گیس کو جلاتے ہیں۔ شکل نمبر 1، 2 میں معیاری برنر کھادی اور ویلیج انڈسٹریز کمیشن نے ڈیزائن کیا ہے دکھایا گیا ہے برنر کو ایک آدمی کے پکانے جلنے والے کھانے کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے جیسا کہ شکل نمبر 1 میں دکھایا گیا ہے۔ ایک چھوٹا برنر جو 6.0 Cuft گیس فی گھنٹہ کام میں لیتا ہے۔ پانچ افراد کے خاندان کے لیے مناسب ہوگا اس سے بڑی فیملی کے لیے 16 cu.ft گیس فی گھنٹہ کام میں لینے والا برنر موزوں ہوگا جیسا کہ شکل نمبر 1 میں دکھایا گیا ہے۔

گیس لمپ Gas Lamps

کھادی کمیشن نے ایک ویسا مناسب لمپ ڈیزائن کیا ہے جس کی بتی اسی طرح ہوتی ہے جیسی کہ پیٹرومیکس میں استعمال کی جاتی ہے جیسا کہ شکل نمبر 3 اور 4 میں دکھایا گیا ہے وہ ایک بتی کی صورت میں حاصل کیے جا سکتے ہیں وہ قریب قریب 3 cu. ft. گیس فی بتی فی گھنٹہ استعمال کرتے ہیں اور اچھی خوبصورت روشنی دیتے ہیں۔ بتی کی زندگی بڑھانے کے لیے نیچے دی ہوئی اشیاء ضروری ہے۔

(1) لمپ کو مضبوطی سے ایک جگہ پر رکھنا چاہیے اور اس کو حرکت سے بچانا چاہیے۔

(2) اس کو پانی سے بچانا چاہیے۔

(3) گیس کا دباؤ ہمیشہ برابر Uniform رہنا چاہیے۔

(۴) لیمپ کے اندر moths کالک وغیرہ لگنے سے بچانا چاہیے۔

(۵) شیشہ کو ہوشیاری سے صاف کرنا چاہیے۔

(۶) لیمپ کو ہوشیاری سے جلانا چاہیے۔

PLATE LVII C



GOBAR GAS BURNER
FIG. 1

BIO GAS BURNER
FIG. 2



BIO GAS LAMP
FIG. 3



BIO GAS LAMP
FIG. 4

GOBAR GAS BURNER & BIO GAS LAMP گوبرگیس چولہااور لیمپ

Household and Domestics

گھریلو اور خانہ داری

حرف آغاز :۔ لوگوں کو آرام دہ زندگی گزارنے کے لیے اور ماحول میں اچھی تبدیلی لانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ گھر میں کچھ اہم تبدیلیاں کی جائیں اور اسی وجہ سے Home Living Technology کو توسیع دینے کی ضرورت ہے۔ گھر کی عورتوں کو گھر کے معمولی کاموں کے لیے سخت محنت کرنی پڑتی ہے۔ گوبر کے اپلوں کا جلانا اور چولہے میں لکڑیاں سلگانا۔ کھانا تیار کرنا۔ برتن مانجنا وغیرہ وقت لینے والے۔ محنتی اور غیر دلچسپ کام ہیں۔ مغربی ممالک بجلی کے آلات Gadgets بہت سارے آلے اور سامان ہوگئے ہیں جو گھر کی عورتوں کے کام جیسے کھانا پکانے۔ برتن انجنے۔ پلیٹیں اور برتن دھلنے اور جھاڑو لگانے میں مدد کرتے ہیں۔ مستقبل میں بہت عرصے تک ہندوستان میں ان سہولتوں کو کام میں لانا ناممکن سا معلوم ہوتا ہے تاہم اگر باضابطہ کام اس سمت میں کیا جاتا ہے تو بہت سے Gadgets آلات گھریلو کاموں میں شامل کیے جاسکتے ہیں جو گھر کی عورتوں کے کام کو آسان بنادیں گے۔ ترقی یافتہ چولہے۔ دھوپ چولہے اور شمسی آبی ہیٹر کو سہولتوں کے لیے گھریلو کاموں میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اور اس طرح گھر کے اندر کی غیر دلچسپ محنت مشقت کے کاموں کو آسانی سے انجام دیا جاسکتا ہے۔ ان آلات کا گھریلو کاموں میں شامل کرنا زندگی کی طرف رجحانات میں تبدیلی اور ترقی کا باعث ہوگا اس لیے پورے پورے خاندان کو فائدہ پہونچ سکتا ہے۔

اسی وجہ سے گھریلو اور خانہ داری کے Appliances کو اس ڈائرکٹری میں ایک علاحدہ باب کی طرح لیا گیا ہے اور ان کا تفصیلی بیان کیا گیا ہے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس سمت مناسب آلات کے توسیع کی ضرورت ہے اس کے لیے اس سمت میں ریسرچ کرنے اور گھریلو مسائل کو حل کرنے کے لیے ملک کے انجینیر اور سائنس دانوں اور ٹکنالوجسٹ کو اپنا دماغ لگانا چاہیے۔



SOLAR WATER HEATER

دھوپ سے گرم پانی کرنے کا آلہ

PLATE LVIII

SOLAR WATER HEATER

شمسی آبی ہیٹر

(VIII پلیٹ سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمائیے)

کس طرح کام کرتا ہے How Operated.

شمسی آبی ہیٹر پانی کے درجہ حرارت کو گرمی اور جاڑوں کے مہینے میں سورج کی کرنوں سے اٹھانے کا کام کرتا ہے۔ کام کرنے کا سسٹم اور اس کی بناوٹ ذیل میں دی جاتی ہے۔

پانی Stroage Tank اور آبی ہیٹر دونوں میں بھرا جاتا۔ جیسے جیسے سورج کی کرنیں پانی کو گرم کرتی ہیں گرم پانی اسٹوریج ٹینک کے اوپری حصہ کی طرف اٹھتا ہے اور ٹھنڈا پانی ٹینک کی نلی سے ہیٹر کی طرف آجاتا ہے۔ پانی کا درجہ حرارت جاڑوں میں 3-30 P.M پر (55 C) 135 F° تک جا سکتا ہے اور گرمیوں میں 149F° یعنی (65°C) تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ پانی برتن مانجھنے اور صاف کرنے میں استعمال ہو سکتا ہے۔ اس سے کپڑے بھی دھوئے جا سکتے ہیں اور جاڑوں میں اس پانی سے نہایا بھی جا سکتا ہے (پانی جمع کرکے حوض (اسٹوریج ٹینک) میں لگے ہوئے TAP نل سے پانی نکالا جاتا ہے۔ اگر اسٹوریج ٹینک کو FELT پیال وغیرہ سے INSULAT. کیا جائے ... تو اس کا درجہ حرارت اور آگے کو بڑھایا جا سکتا ہے۔

بناوٹ Construction

شمسی آبی ہیٹر کو دو Galvanised چادروں 70 x 35 اور 16 S.W.G سے بنایا جاتا ہے وہ ایک دوسرے سے 28 Galvanised بولٹ سے جو 1/4" قطر والے اور ایک انچ لمبے ہوتے ہیں کس دیے جاتے ہیں ایسا پانی کے وزن سے پیدا ہونے والی sagging ٹیڑھے پن کو روکنے کے لیے کیا جاتا ہے دونوں چادریں ایک انچ کی دوری سے الگ رکھی جاتی ہیں کیونکہ یہ ہیٹ ہیٹر کو روکے رہتی ہے۔ تاکہ یہ عمودی پڑنے والی سورج کی کرنوں سے 20° کا زاویہ بنا سکے ہیٹر کو Dull کالے پینٹ سے رنگ دیا جاتا ہے۔

اسٹوریج کے لیے ایک 70 لیٹر Capacity کا Galvanised Sheet Metal سے بنا اور ڈھکن بنایا جانے والا برتن استعمال کیا جاتا ہے۔ لچکدار ربڑ پائپ یا Galvanised لوہے کے پائپ سے اسٹوریج ٹینک کے اوپری حصہ کو ہیٹر کے اوپری حصہ کو جوڑ دیا جاتا ہے۔ اسی طرح ٹینک کی نلی کو ہیٹر کی نلی سے جوڑ دیا جاتا ہے۔

Tools and materials- اوزار اور سامان

(i) Galvanised sheet metal—two pieces 35′×70′ 16 s.w.g. لوہے کی چادر

(ii) 70-litre galvanised sheets metal tank, with removable lid and 1″
70 لیٹر کا ڈھکن اور ہٹانے والا ڈھکن
hose connector, one near the top and one near the bottom.
ایک انچ کا ربر پائپ اوپر اور نیچے کی طرف

(iii) Galvanised sheet metal pipe : 4 pieces, 2″ long and 1″ in dia. for connectors. لوہے کا پائپ 4 ٹکڑے 2″ لانبے 1″ قطر کے

(iv) Rubber hose pipe : 2 pieces, 50″ long and 1″ dia
ربر کا پائپ دو ٹکڑے 50 لانبے اور 1″ قطر

(v) Galvanised bolts : 28, ¼″ dia. and 1″ long بولٹ 28 - 1″ لانبے اور ¼″ قطر

(vi) Metal washers for ¼″ bolts : 56 لوہے کا واشر 56 عدد ¼″ بولٹ

(vii) Rubber washers for ¼″ bolts : 56 ربر واشر 56 عدد ¼″ بولٹ کے لئے

(viii) Mud bricks اینٹ

(ix) Black paint کالا بھدا رنگ

ٹھٹھیروں کے اوزار۔ ہتھوڑی۔ رانگ چڑھانے والا اوزار
(x) Tinsmiths tools—hammer, anvil, soldering equipment, tinsnips

(xi) Hand drill and ¼″ bit ہاتھ کا برما ¼″ کا

(xii) Screw driver پیچ کش

(xiii) Pliers and ¼″ spanner پلاس اور ¼″ کا رنچ

Cost : Approximately Rs. 200 قیمت اندازہ دو سو روپے

یہ تخمینہ اب غلط ہو گیا ہے۔ قیمت کسی بنانے والے سے لگائی جائے۔

قیمت۔ ہیٹر کے گرم پانی کے حوض کے لیے قریب 200 روپیہ جو کہ زمانہ دو لانے سے بھی زیادہ بڑھ چکی ہے۔

HAND WASHING MACHINE

ہاتھ سے کپڑا دھونے والی مشین

(پلیٹ LIXA ، LIX کی اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی Vita Inc. 3706 Rhodes Island Ave. Mt. Rianier, MD. 20822, U.S.A.

تمہید : ہندستان میں کپڑے یا تو پتھر پر پیٹ کر قدیمی طریقہ سے دھوئے جاتے ہیں یا پھر بہت ماڈرن اور پیچیدہ طریقے بجا پیسے لانڈری میں دھلتے ہیں۔ گھر کی عورتیں اور پیشہ ور دھوبیوں کو کپڑا دھونے کے لیے جسمانی محنت کرنا پڑتی ہے۔ ان کو کپڑوں میں صابن لگانا، دھونا اور ان کو تہہ کرنا پڑتا ہے۔ اگر کوئی ایسی مکینکل ترکیب نکالی جائے جو اس وقت لینے والے محنت کش اور غیر دلچسپ طریقہ کو آسان بنا سکے۔ تو بہتر ہوگا۔

میکینکل دھونے والا مشین بجلی سے چلتی ہے اور یہ پانی بھی بدلتی رہتی ہے۔ اس میں Tumbling گھمانے اور ڈولانے کا Agitating Action خاص انتظام ہے ایک بنیادی کپڑا دھونے والی مشین جس میں گھمانے اور ڈلانے کا خاص عمل ہے۔ کچھ لاگت لگا کر اور اوسط درجہ کی ہنر مندی سے بنائی جاسکتی ہے۔ کپڑا دھوتے وقت ایک آپریٹر Washing System اور Timing کو کنٹرول کرتا ہے۔

بنانے کا طریقہ Method of Construction

باہری ڈھول۔ جیسا کہ Sketch میں دکھایا گیا ہے دی ہوئی لائن پر چاروں طرف 55 گیلن والی پیتل کی ڈھول کو جو اچھی حالت میں ہیں اور جس کے اندر سوراخ نہ لگا ہو کاٹا جاتا ہے۔ اور کھردرے کناروں کو ریتی سے چکنا کیا جاتا ہے۔ ان کو سیدھا کر کے پینٹ کیا جاتا ہے ڈھول کے سارے اندرونی حصہ کو Enamel Paint سے رنگ دیا جاتا ہے۔

لکڑی کے ٹکڑے کٹے ہوئے کناروں کے چاروں طرف ایسے لگائے جاتے ہیں تاکہ لکڑی کا کنارا 1/8" دھات کے کنارے سے اوپر رہے۔ دو SKIDS کو ڈھول کی تلی سے اندری طرف کے پیچوں سے کس دیا جاتا ہے۔

(ii) اندرونی ڈرم ۔ یہ دائرہ نما کناروں والی ہوتی ہے اور لکڑی کے ½3 ٹکڑوں سے بنی ہوتی ہے۔ اس میں سایہ ایک الگ کیا جانے والا حصہ ہوتا ہے جس میں رکھ کے گندے Linen کو لکڑی کے ڈرم میں ڈال دیا جاتا ہے۔

مجموعی طور سے لکڑی کے ڈرم کی ناپیں ایسی ہونی چاہیے تاکہ اس کے کٹے ہوئے سوراخ کے ذریعہ

گزرا جاسکے۔ اس کی اسمبلنگ کے لیے پیتل کے پیچ استعمال کیے جاتے ہیں اور اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ کوئی بھی پیچ ڈرم کی سطح سے اوپر نہ ابھار ہے سب پیچوں کے سر نیچے ہونا چاہیے اور یہ اچھی طرح سطح سے نیچے جکڑا ہونا چاہیے منسلک پٹی کے درمیان 1/8 اور 3/8 کی جگہ ہونا چاہیے۔ یہ دھونے والے کپڑوں کی سائز پر آدھی انچ قطر کا سوراخ چاروں طرف پانی کو آسانی سے بہنے کے لیے کر دینا چاہیے

(iii) اندرونی لکڑی کا ڈرم کے اندر گھمایا جاتا ہے ایک Shaft جو یا تو مضبوط بانس جس کا قطر 2" ہو یا اسٹیل ٹیوب کا ہو یہ باہری ڈھول کے دونوں سروں پر لگے Bearings سے گزرا جاتا ہے Shaft کے ایک سرے پر دستہ لگا ہوتا ہے یہ secured مضبوطی سے لکڑی کے ڈھول کے دونوں طرف جکڑا رہتا ہے یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ ڈرم کی اسمبلی کے لیے 4 فٹ لمبائی کا بانس start کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے لکڑی کے ڈرم کے سرے پر بورڈ کے مرکز میں سوراخ بنائے جاتے ہیں یہ سوراخ اتنے بڑے ہونے چاہیے کہ ان میں بانس ڈالا جاسکے اور جب کنارے بنائے جاتے ہیں تو وہ صحیح دوری پر رکھے جاتے ہیں اور اس طرح فائنل اسمبلی ڈرم کی شروع ہو جاتی ہے۔ ہر پٹی کو صحیح طور سے لگانے کے بعد یہ جانچ کر لی جاتی ہے کہ ڈرم Warping نہیں کر رہا ہے اور اس میں بانس آسانی سے گھوم سکتا ہے۔ آخر میں ¾" قطر کے سوراخ دونوں سروں میں ہوشیاری سے کاٹے جاتے ہیں یہ دو اور مددگار ممبر بانس کے بیچوں بیچ میں ہوتے ہیں۔

لکڑی کے ڈرم کے نکالے جانے والے حصہ کو اپنی جگہ پر مضبوطی سے پکڑنا چاہیے اور ساتھ ہی ساتھ اس کو پکڑا رکھنے اور نکالنے کے لیے آسانی سے کھل جانا چاہیے۔ ڈھکن کو مضبوطی سے بند کرنے کے لیے موٹر کار کے ٹیوب کے ٹکڑوں کو استعمال کیا جاسکتا ہے لکڑی کے ½4 × ½4" سائز کے ٹکڑے جن کے مرکز میں سوراخ ہو تاکہ ان میں بانس آسانی سے گھوم سکے Oil Drum پر Bearing کی طرح کام کرنے کے لیے بولٹ کر دیے جاتے ہیں۔

Assembly

لکڑی کے مربع نما ٹکڑے ہر ایک کنارے پر لگا دیے جاتے ہیں جن میں 3/8" قطر کے Galvanised نٹ اور بولٹ لگے ہوتے ہیں bearing کے ایک کنارے پر بانس صحیح لمبائی تک دھکیلا جاتا ہے تاکہ یہ باہر صحیح طور سے Protrudes ہو سکے۔ اب لکڑی کے ڈھول کو Oil ڈرم تک اوپر اٹھانے کے لیے کسی کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ یہ صحیح پوزیشن نہیں رہ سکے جب بانس اندر گھسیٹا جاتا ہے تو لکڑی کا ٹکڑا ڈرم کے کنارے کے سوراخ پر اچھی طرح لگ جاتا ہے۔ بانس کے سوراخ اور لکڑی کے ڈرم کے کنارے کے سپورٹ کے سوراخ lined up ہوتے ہیں اور ان میں ½ قطر کے galvanized بولٹ لگا دیے جاتے ہیں اور Nuts کو مضبوطی سے کس دیا جاتا ہے تاکہ nuts جو bearing کو پکڑے رہتے ہیں، ان کو ہی کس دیا جاتا ہے۔ لکڑی کے ڈرم کو دھیرے

دھیرے لوہا جاتا ہے اور پھٹنے سے بچاتے ہوئے زنجیری nuts کو مضبوطی سے کس دیا اور ایک دستہ بانس کے لمبے حصے لگا دیا جاتا ہے۔

کارکردگی How operated

اوپر ڈھکن اٹھا کر لکڑی کے ڈرم کو دھوئے جانے والے کپڑوں سے بھر دیا جاتا ہے اور ڈھکن کو بند کر دیا جاتا ہے اور ڈرم کو پانی سے (زیادہ بہتر ہے گرم پانی) بھر دیا جاتا ہے اور شمسی آبی ہیٹر سے گرم کیا جاتا ہے سب سے سستا صابن اس مطلب کے لیے کام کرے گا اگر اس میں تھوڑا Borax اور سوڈا ملا لیا جائے تو یہ تجربہ کی بات ہوگی کہ مقامی پانی کو کونسا مکسچر مناسب ہوگا۔

بانس کے Shaft کو ہاتھ سے گھما دیا جاتا ہے جو لکڑی کے ڈرم کو گھماتا ہے یہ کپڑوں کو ڈولاتا اور ان کو اچھی طرح صابن کے گھول میں بھگو دیتا ہے اور صاف کر دیتا ہے مناسب دفعہ پر پانی بدلا جاتا ہے۔ جیسا کہ پلیٹ نمبر XA 8 کی شکل میں دیا جاتا ہے ایک سادہ اور سستی مشین آسانی سے بنائی جا سکتی ہے۔



INNER WOODEN DRUM
(OTHER END SIMILAR)

لکڑی کا اندرونی سلنڈر (بیلن)

MECHANICAL WASHING MACHINE

ہاتھ سے چلانے والی دھلائی مشین

PLATE LIX A



HAND WASHING MACHINE

ہاتھ سے چلانے والی دھلائی مشین (دستی)

SOLAR COOKER

دھوپ چولہا

(پلیٹ ۸۱ اور A ۸۱ سے متعلق اشکال ملاحظہ کیجئے)

متعلقہ ایجنسی Agricultural Tools Research Centre,

Bardoli, Gujrat

تمہید :۔ اس ادارے نے دھوپ چولہا بنانے کے لیے امکانی سعی کی ہے۔ لیکن پھر بھی اس میں بہت کام باقی ہے اور مکمل طور سے کھانا پکانے کے لیے ۱۰۰° درجہ حرارت اس چولہے سے حاصل کرنا بہت ضروری ہے لیکن جو طریقہ دھوپ چولہا بناتے وقت اور اس کو چلانے کے لیے استعمال کیا گیا ہے وہ قابل تعریف ہے اور اس کو پریکٹ بنانے کے لیے اس پر اور بھی کام کیا جا سکتا ہے۔

ایندھن بھی کھانے کی طرح ایک بنیادی ضرورت کی اشیا ہے۔ گاؤں کی عورتیں روزانہ کافی وقت ایندھن کے لیے لکڑیاں چننے میں خرچ کرتی ہیں اور اگر ایندھن خرچ کیا جاتا ہے تو اس پر کھانا کی پڑوا سے بڑا ایک لاگت خرچ ہو جاتی ہے۔ ایندھن جب جلتا ہے تو دھواں پیدا کرتا ہے جو مکان کو خراب کر دیتا ہے برتنوں کو کالا کر دیتا ہے اور آنکھوں کو خراب کرتا ہے۔ تجارتی ادارے ایندھن استعمال کرتے ہیں اور جنگلات کاٹے جاتے ہیں اور زمین کی چٹانوں سے کوئلہ اور پٹرولیم نکال کر ایندھن کی طرح استعمال کیا جاتا ہے ان کی قیمتیں آسمان کی چوٹی چھو رہی ہیں۔ ایک دن ایسا آئے گا کہ سارا زمین میں دبا ہوا ایندھن استعمال ہو چکے گا۔

شمسی توانائی مکمل طور سے صاف ہوتی ہے اور ہندوستان میں افراط سے حاصل کی جا سکتی ہے انسان قدیم زمانے سے اس توانائی کو نمک بنانے، کپڑے سکھانے اور دوسرے کاموں میں استعمال کرتا رہا ہے۔

ہندوستان میں ایک مربع سنٹی میٹر سطح پر اوسطاً سورج کی روشنی سے 450 Caloroes گرمی حاصل کی جا سکتی ہے لیکن شعاعی بکھراؤ اور Diffusion کی وجہ سے یہ تمازت کھانا پکانے کے لیے کافی نہیں ہوتی ہے اگر کسی طرح سے گرمی کو Diffusion اور Dispersal اور کنوکشن و توسط سے ضائع ہونے سے بچایا جائے اور مکمل طور سے گرمی کو جذب کیا جا سکے تو اس کو ایندھن کی جگہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ شمسی چولہے میں اسی اصول کو استعمال کیا گیا ہے۔

Construction And Design بناوٹ اور ڈیزائن

دھوپ چولہا ایک دھات کی چادر کا دوہری دیوار کا بکس ہوتا ہے۔ ایک دوہرا شیشہ کا ڈھکن بکس پر مضبوطی سے چڑھا دیا جاتا ہے جس طرح Pressure کوکر میں کھانے والی اشیاء کو رکھا جاتا ہے اسی طرح ڈبوں میں پکانے والی اشیاء کو بند کر کے دھوپ چولہا میں رکھ دیا جاتا ہے۔ بکس کالے پینٹ سے رنگے ہوئے ہیں۔ دوہرے شیشے کے ڈھکن کے ذریعہ سورج کی شعاعیں اندر داخل ہوتی ہیں بکس کا کالا رنگ 15% شمسی توانائی کو اپنے میں جذب کر لیتا ہے اور اسی توانائی کو کھانا پکانے میں کام میں لایا جاتا ہے۔ کنویکشن سے توانائی کو ضائع ہونے سے روکنے کے لیے کوکر کی دوہری دیوار کی بیچ کی جگہ کو گرمی روکنے والی Insulat اشیاء سے بھر دی جاتی ہے۔ مضبوطی سے مکمل طور سے ڈھکن کو بند کرنے سے کنویکشن کے ذریعہ توانائی کو ضائع ہونے سے روکا جا سکتا ہے۔

شمسی ریڈیائی کی Wave Length چھوٹی ہوتی ہے اور شیشہ کے ڈھکن کے اندر داخل ہو کر بکس کے اندر کے اشیاء کو گرم کر دیتی ہے لیکن Heat Radiation کی Wave Length لمبی ہوتی ہے اس لیے شیشے کے ڈھکن سے باہر نہیں آ سکتی ہے اس طرح ریڈیائی گرمی کو ضائع سے بچایا جا سکتا ہے۔ دھوپ چولہا کا ڈیزائن ایسا ہونا چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ شمسی شعاعیں کوکر میں داخل ہو سکیں اور کم سے کم توانائی مختلف ذرائع سے ضائع ہو سکتے ہیں اس میں باہری درجہ حرارت 58% سے 60% تک زیادہ رہتا ہے۔

بناوٹ دھوپ چولہے کے چار اہم حصے ہوتے ہیں۔

(1) اندرونی بکس (2) باہری بکس (3) باہری بکس (4) دوہری دیوار کا شیشہ کا ڈھکن۔ اندرونی بکس Inside Box یہ وہ جگہ ہے جہاں پکانے والا بکس رکھا جاتا ہے۔

24 Gauge Galvanised لوہے کی چادر اندرونی بکس بنانے کے لیے درکار ہوتی ہے جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے اسی سائز میں چادر کو کاٹ لیا جاتا ہے۔ دیوار کی اونچائی mm 100 ہوتی ہے۔ اوپری دیوار کی چوڑائی mm 50 ہوتی ہے جیسا کہ شکل نمبر 1 میں دکھائے ہوئے بکس کو پیٹ دیا جاتا ہے اندرونی بکس کی ناپیں اس کی سائز اور اس کے اندر کے جانے والے برتنوں پر منحصر ہوتی ہے یہ بہتر ہوگا کہ ایک template اندرونی بکس کے لیے تیار کیا جائے اگر چولہوں کو اونچے پیمانہ پر زیادہ تعداد میں ہوتا ہے۔

باہری بکس (ii) *Outer box*

اس کو لکڑی، اسٹیل یا اینٹوں سے بنایا جا سکتا ہے۔ اندرونی بکس مکمل طور سے اندر کی طرف بیٹھ جانا چاہیے اور اس کام کے لیے Insulation جیسے لکڑی کا برادہ، دھان کا پیال، گلاس، اون اور تھرموکول استعمال کیے جاتے ہیں اور یہ دونوں کام انجام دیتے ہیں۔ شکل نمبر 3 میں لکڑی کا mm 80 اونچائی والا فریم دکھایا گیا ہے اس کی لمبائی اور چوڑائی mm 80 + 80 + D برابر ہونی چاہیے تاکہ mm 80 کی جگہ

چاروں طرف Insulating Material میٹیریل کو بھرنے کے لیے ہے۔ خالی جگہ کو کسی بھی insulating material سے بھرا جا سکتا ہے اور باہری بکس اور اندرونی بکس کے کنارے airtight. کرنے کے لیے مہر بند کر دیے جاتے ہیں۔

اندرونی بکس کو Dull Black پینٹ سے رنگ دینا چاہیے اور باہری بکس کو کسی بھی رنگ سے جو آپ کی آنکھوں کو اچھا لگے۔

(iii) Cooking Boxes کھانا پکانے والے بکس۔

یہ بکسے بھی 24 Gauge. دھات سے بنائے جا سکتے ہیں۔ ان کی گہرائی کم ہونا چاہیے۔ گرمی کو جذب کرنے کے نقطۂ نگاہ سے المونیم یا پیتل اس کام کے لیے بہتر ہوں گے لیکن ان کی قیمتیں مناسب ہونی چاہیے اگر ان بکسوں کو لوہے کی چادر سے بنایا جائے تو DULL BLACK سے ان کے باہری حصہ کو پینٹ کر دینا چاہیے۔ اس کا اندرونی حصہ صاف اور Galvanised رکھا جاتا ہے اس کی اونچائی 8 سم کسی حالت میں بھی زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

(iv) دوہری دیوار والے شیشے کے ڈھکن Double Walled Glass Cover

بکس کے سائز کا فریم بنانے کے لیے 20 mm موٹی اور 50 mm چوڑی لکڑی استعمال کی جاتی ہے دو شیشے کے چادریں ایک اوپر کی طرف Fix کی جاتی ہیں اور دوسری تلی سے 20 mm کی دوری پر فریم کو باہری باڈی سے ایک طرف Hinges سے fixed کر دیا جاتا ہے اور دوسری جانب بالکل آزاد کھولنے اور بند کرنے کے لیے ڈھکن کے ایک سائڈ میں چاروں طرف ربر Bands فٹ کر دیے جاتے ہیں یا پھر بکس کے FACE پر تاکہ جب ڈھکن بند کیا جائے تو یہ airtight ہو سکے۔

مکمل شمسی چولہا شکل نمبر ۹ میں دکھایا گیا ہے۔

A—Inside box	اندرونی بکس
F—Outside box	باہری بکس
E—Double walled glass cover	دوہرے شیشے کا ڈھکن
G—Glass sheets	شیشے کی چادریں
D—Hinges	قبضہ
R—Cooking boxes	کھانے بنانے کا برتن
W—Insulating material	گرمی روکنے والی اشیا

کارکردگی

چاول، دال، میٹھے آلو، پتیوں والی سبزی وغیرہ کو اس میں پکایا جاسکتا ہے۔ روٹی، کیک وغیرہ کو اس میں بیک کیے جاسکتے ہیں۔ جس چیز کو پکانا ہو اس میں مسالہ، پیاز، پانی، تیل اور نمک ملا کر بکس کے اندر رکھ دیا جاتا ہے۔

کوکر کو کہاں رکھا جائے

اس کو سورج کی روشنی میں جہاں سایہ نہ ہو رکھا جانا چاہیے زیادہ بہتر ہوگا کہ چھت پر یا آنگن میں رکھا جائے جہاں سورج کی شعاعیں کم سے کم 3 یا 4 گھنٹے تک اس پر پڑ سکیں۔

اس کے حدود

(1) آپ ہر جگہ اس کی مدد سے کھانا نہیں پکا سکتے ہیں اس کا سورج کی روشنی میں رکھا جانا لازمی ہے۔

(2) جس دن آسمان پر بادل گھرے ہوں اس سے کھانا نہیں پکایا جاسکتا ہے اس کے لیے کوئی دوسرا انتظام آپ کے پاس ہونا چاہیے (جیسے آپ اسٹوو استعمال کرتے ہیں جب گیس سلنڈر نہیں ملتا ہے اسی طرح لکڑی یا کوئلہ اس وقت استعمال کیا جاسکتا ہے۔)

(3) اس سے کھانا پکانے میں کوئلہ اور لکڑی کے مقابلہ میں زیادہ وقت لگتا ہے لیکن ایک مرتبہ بکس پوزیشن میں رکھ دینے کے بعد وہاں حاضری دینے کی ضرورت نہیں ہے اور جب آپ اس کے عادی ہو جاتے ہیں تو پیسہ اور ایندھن دونوں بچتے ہیں۔

موزوں ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن نے بہت سے تجربات اس کوکر پر کئے ہیں اور پھر بھی زیادہ ریسرچ کا کام کرنے کی ضرورت اس کی اہمیت بڑھانے کے لیے درکار ہے۔

ATDA نے گذشتہ دس برسوں میں دھوپ چولہا بنانے میں مہارت حاصل کی ہے اور تجربوں کی بنا پر اس کے انسولیشن، بکسے کے material. میں کافی سدھار کیا ہے۔ یہ چولہا ہندوستان میں بہت مقبول ہے۔ اس کے علاوہ ATDA نے ایک جدت بھی کی ہے اس دھوپ چولہے میں دو سو واٹ کے بلب بھی لگا دیے ہیں جس سے رات میں بھی کھانا پکایا جاسکتا ہے اور دن میں بھی جب سورج نہ ہو تو کھانا بلب کی گرمی سے پکایا جاتا ہے اس کی قیمت ۷۵ روپے ہے۔


PLATE IX A
PATTERN FOR INNER BOX
FIG.1
A VIEW OF INNER METALIC BOX
FIG.2
CROSS SECTIONAL ELEVATION
OF COMPLETE SOLAR COOKER
FIG 4
FIG.3
A VIEW OF OUTER WOODEN BOX
FIG.5
SOLAR COOKER
SOLAR COOKER
دھوپ چولہا



BOX TYPE SOLAR COOKER

بکس ٹائپ دھوپ چولہا

IMPROVED "CHULAH" FOR KITCHEN

باورچی خانہ کے لیے توسیع یافتہ چولہا

(پلیٹ IX کے اشکال لاحظ فرمایے)

متعلقہ ایجنسی National Buildings Organization,

نیشنل بلڈنگ آرگنائزیشن Nirman Bhawan, New Delhi نرمان بھون دہلی

تمہید :۔ ہندوستان میں استعمال ہونے والے زیادہ ڈیزائن کے چولہوں میں گوبر کے اپلے، جلانے والی لکڑی کوئلہ وغیرہ کو ایندھن کی طرح استعمال کیا جاتا ہے جس سے دھواں نکلتا ہے اور یہ گھر کی عورتوں کے لیے ایک مصیبت ہے اس لیے چولہا سلگانا تمام گھر گرہستی کے کاموں میں عورتوں کے لیے مشکل طلب ہے۔ تھوڑا دماغ لگانے سے ایسا ترقی یافتہ چولہے کا ڈیزائن تیار کیا جاسکتا ہے۔ جس میں چمنی استعمال کی جاسکے اور چولہے کو مکمل طور سے بغیر دھواں والا بنایا جاسکتا ہے اس میں کوئلہ کوئی دوسرا ایندھن بھی جلایا جاسکتا ہے۔

تفصیل Description

اس میں دو سوراخ ہوتے ہیں جن پر برتن رکھے جاتے ہیں یہ چمنی کے سوراخ سے اندر کی طرف ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں جس پر ایک Damper لگا رہتا ہے جس سوراخ میں آگ لگائی جائے اس پر Gratings "Mild Steel 4 چھڑ کو Weld کرکے اور ایک چھلے میں بدل کے بنائی جاتی ہے۔ اس کو جلاتے وقت سوراخوں کو تاوں سے ڈھک دیا جاتا ہے چمنی کے Damper کو کھول دیا جاتا ہے جس کی وجہ سے آگ تیزی سے جلنے لگتی ہے۔ جب آگ کل طور سے جل جاتی ہے تو توا کو رکو ہٹا لیا جاتا ہے اور Damper کو مناسب طور سے Adjust کردیا جاتا ہے تاکہ آگ باقاعدگی سے جل سکے۔ راکھ اندر گرتی ہے جو سوراخوں سے نکالی جاسکتی ہے جن پر آگے کی طرف ڈھکن لگے ہوئے ہیں۔ اس چولہا کو بنانے کی قیمت ۵۰ روپیہ ہے جو آج دونی سے زیادہ ہو چکی ہے۔

چولہوں کے بہت سے مختلف ڈیزائن دوسرے اداروں نے توسیع دیے ہیں لیکن اس پر آگے ریسرچ کا کام کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کو ملک کے مختلف حصوں کے لیے مناسب بنایا جاسکے تاکہ اس سے ایندھن کی بچت ہوسکے اور دھواں کی تکالیف دور کی جاسکیں۔



BHAVNAGAR IMPROVED TYPE WITH DOWN CAST CHIMNEY
FUEL SOFT COKE

بلا دھوئیں کا کوئلہ چولہا

Housing and Construction

عمارت سازی اور تعمیرات

حرفِ آغاز ۔ مکان تعمیر کرنا جس میں اور بہت سے پروگرام اور عمل شامل ہوتے ہیں۔ بہت محنت اور زحمت کا کام ہے اور اس میں تربیت یافتہ اور غیر تربیت یافتہ مزدور لگانا پڑتے ہیں اور کم سے کم سرمایہ مشینری اور Equipment پر خرچ لگانا چاہیے۔ تعمیرات جیسے باندھ Dam بنانا، سڑک اور عمارتیں بنانا اور اسی طرح کے دوسرے کام سوکھا اور قحط کے زمانے میں مقامی لوگوں کو روزگار دینے کے لیے بھی کیے جاتے ہیں۔ اگر تعمیرات کو سوچ سمجھ کر کر دیا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ دوسرے پروگرام چلائے جائیں تو دیہات میں ترقی اور خوشحالی کا باعث بن سکتے ہیں۔ تعمیرات اور عمارت سازی کے علاوہ عوامی پیمانے پر چلائے گئے پروگرام جیسے درخت لگانا۔ دلدل اور بنجر زمین کا استعمال Soil And Water Conservation وغیرہ خاندانوں کو اضافی آمدنی دے سکتا ہے اور عوام کو کام دے سکتا ہے لیکن پیداوار کا اصلی پروگرام دیہی اور مقامی استعمال کے لیے مکان بنانے کی چیزیں تیار کرنا ہے۔

کیوں کہ تعمیرات قومی کنسٹرکشن پروگرام کا شروعاتی نکتہ بن گئے ہیں اس لیے پروگرام کو چلانے کے لیے بہت Originality نیا پن اور دور اندیشی کی ضرورت ہے۔ موزوں ٹکنالوجی جو اس کے لیے کافی ہے اور ساتھ ہی ساتھ محنت کو بچانے کے بجائے محنت کو استعمال کرنے کا نظریہ رکھتی ہے اس مقصد کے لیے استعمال کرنی ہوگی۔ سامان کا استعمال اور ان کو ٹھیک ڈھنگ سے Treat اور Fabricate کرنے میں بہت ہوشیاری اور پرواہ کی ضرورت ہے اپنی اونچی قیمتوں کی وجہ سے کنکریٹ، شیشہ، لوہا اور اسٹیل وغیرہ دیہی عمارت سازی میں استعمال کرنا مناسب نہ ہوگا۔ گارا اور چھپر سے بنے مکان بھی گاؤں کے لیے مناسب نہیں ہیں کیونکہ یہ بارش کے دوران برباد ہو جاتے ہیں اور آگ بھی پکڑ لیتے ہیں موزوں ٹکنالوجی تجویز کرتی ہے کہ ان کو بنانے کے بعد Water Proof Fire Proof (آگ اور پانی سے محفوظ) اور Terminate Realstant (کیڑوں سے محفوظ) کر دینا چاہیے۔ چھوٹے ڈیزائن والے موزوں مکانات کی ضرورت ہے جو کم لاگت سے بنائے جا سکیں لیکن ان میں ہوا کے آنے جانے اور حفظانِ صحت کا ٹھیک سے انتظام ہے۔

اس باب میں کچھ تراکیب اور طریقے کم لاگت سے عمارت سازی کے کام کو ترقی اور توسیع دینے کے لیے بتائے گئے گیا۔



DESIGN FOR TWO ROOMED HOUSE.

PLATE LXIIA

دوکمروں کا رعائتی مکان



ایک کمرے کا کم دام والا مکان

HOUSE FOR LOW INCOME GROUP

کم آمدنی والے گروپ کے لیے مکان

دیہی مکانات کی اکائی۔ نیشنل بلڈنگ آرگنائزیشن، نرمان بھون، نئی دہلی

(XII کے اور XII A کے پلینوں سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمائیے)

Rural Housing Cell, National Building Organisation, متعلقہ ایجنسی

Nirman Bhavan, New Delhi.

بغیر زمین والے مزدوروں کے لیے ایک کمرے کے مکان

اس کی بنیاد ۹" چونے کی کنکریٹ اور اینٹوں سے ڈالی جاتی ہے۔ بنیاد کی بھرائی دوم درجے کی اینٹوں سے اور lime mortar سے کی جاتی ہے۔ اس کا Mud Mortar Superstructure گارا میں تعمیر کیا جاتا ہے Lintel دروازوں کے چوکھٹے Shutterings وغیرہ مقامی لکڑی سے بنائے جاتے ہیں اور اس کام کے لیے مہوا یا آم کی لکڑی استعمال کی جاتی ہے پہاڑی بانس یا Split بانس یا کھجور بیال کے شتر باندھ کر ڈالنے کے بعد چھت کو Naria کھپریل، منگلور کھپریل وغیرہ سے بنایا جاتا ہے۔ فرش کچا مٹی کا ہوتا ہے اور اس کو وقتاً فوقتاً پنڈور یا گوبر سے لیپا جاتا رہتا ہے۔ باورچی خانہ اور غسل خانہ پاخانہ میں سیمنٹ پلاسٹر (1:6) 3" چونے کی کنکریٹ کے اوپر پکے بنائے جاتے ہیں۔ دیواریں Lime Flushed ہوتی ہیں اور سفیدی پوتی جاتی ہیں اور Bore Hole پاخانے بنائے جاتے ہیں اور یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ Water Seal Latrine بنائے جائیں حالانکہ ان کی لاگت کچھ زیادہ لگتی ہے۔

Cost estimate قیمتوں کا تخمینہ	روپے Rs.
1. Plinth area main building—192 sq. ft. at Rs. 4.16 per sq. ft. فرش کا رقبہ ۱۹۲ مربع فٹ ۴.۱۶ روپے فی مربع فٹ کی در سے	800.00
2. Goat shed or poultry shed 30 sq. ft. at Rs. 1.50 per sq.ft. بکری یا مرغی کا سائبان ۳۰ مربع فٹ ۱.۵۰ Rs کی در سے	45.00
3. Bore hole latrine .. : .. سنڈاس پاخانہ	150.00
4. Hedging and drains .. .. جھاڑیاں اور نالیاں	60.00
Total کل Rs.	1055.00

موجودہ تخمینا لاگت ۵۰۰۰ روپے۔

Two-roomed house for marginal farmers

دو کمروں کا مکان معمولی کاشتکاروں کے لیے

قیمتوں کا تخمینہ

Cost estimate *

		Rs.
1.	Plinth area main building—500 sq. ft. at Rs. 4.16 per sq. ft. خاص عمارت کی بنیاد سازی وغیرہ	2,080.00
2.	Bath room—25 sq. ft. at Rs. 2.50 per sq. ft. ..	52.60
3.	Cattle shed and fodder shed 150 sq. ft. .. .. مویشیوں اور چارہ کاٹنے کے لیے شیڈ	262.60
4.	Bore hole latrine .. .. بور ہول والا پاخانہ	150.00
5.	Hedging and drain.. .. .. .. نالیاں اور نابدان	75.00
	Total کل میزان	2,620.20

*It would be preferable to install water seal latrines though they cost more.

لیکن یہ قیمتیں فی زمانہ دونے سے بھی زیادہ بڑھ چکی ہیں۔ موجودہ تخمینا لاگت تقریباً دس ہزار روپے

AIR SEASONING OF TIMBER

لکڑی کو ہوا کی مدد سے تیار کرنا

(پلیٹ III سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمائیے)

متعلقہ ایجنسی :- 1. National Building Organization, New Delhi

2. Forest Research Institute, Dehradun

تمہید :۔ درخت سے دستیاب کی ہوئی بھیگی ہوئی لکڑی دیرپا نہیں ہوتی اور سوکھتے ہی اس میں درار پڑ جاتے ہیں، چٹک جاتی ہے اور سکڑنے پر ٹوٹ بھی جاتی ہے یہ by fungi, پھپھوندی، کیڑوں مکوڑوں borers, اور termites, کی وجہ سے جلدی سڑ بھی جاتی ہے اس لیے یہ عمارت سازی اور تعمیر کے کام میں نہیں لائی جاسکتی ہے جب تک اس کو سوکھا نہیں لیا جاتا ہے اور چند چاہے ہوئے طریقہ سے کنٹرول نہیں کر لیا جاتا ہے۔

لکڑی کو آسان اور سستے طریقہ سے سوکھانے کے لیے (جنگلات اور Yards وغیرہ) میں ذیل کی ترکیب دی جاتی ہیں۔ اگر ان طریقوں کو استعمال کیا جائے تو لکڑی کا چٹکھنا۔ سڑنا اور پھٹنا ضائع ہونا روکا جاسکتا ہے۔

تیار کرنے یا موسمیانے کا طریقہ Method of Seasoning

(i) لٹھے (Logs) لٹھے اگر جلدی سے نہیں بیچے جاسکتے ہیں تو ان کو کاٹنے کے بعد اچھی طرح stacked کر دینا چاہیے ان کا Barks نکال دینا چاہیے۔ ان کو جلدی سے جلدی چیر لینا چاہیے اور تب اچھی طرح stacked کر دینا چاہیے لٹھوں کو Space کی طرح استعمال کیا جاتا ہے۔ لٹھوں کے سروں اور تختوں کے سروں کو سیلنگ رقیق مادے سے پینٹ کر دیا جاتا ہے یا پھر Asphalt سے یا ان کے اوپر بروجلٹ کرتے ہوئے لٹکنے والی اشیاء جیسے کینواس یا پلائی ووڈ سے سایہ کر دینا چاہیے اس سے سروں کو چٹکنا رک جائے گا۔

Stacking And Seasoning شہتیر یا سلیپر۔ Heay Beams Or Sleepers ان کی آسانی سے کسی غیر مستقل چھت کے نیچے کی جاتی ہے ان کی Stacking Crosaway طریقہ سے کرنا چاہیے اور ان کی پوزیشن کچھ جھکی ہوئی چاہیے تاکہ بارش کا پانی بہہ جائے اور ہوا کے بہاؤ کے لیے Stack کے اوپر اور نیچے جگہ چھوڑ دینا چاہیے دوسری ترکیبیں وہی ہیں جو لٹھوں کے ساتھ کی جاتی ہیں۔

(iii) تختے Planks

تختوں کی Stacking (تہ بہ تہ سجاوٹ) کے لیے ہوا کا بہاؤ خاص فیکٹر ہے۔ یونی فارم Spacers لمبائی چوڑائی میں منتخب کرلینا چاہئے اوران کو ایک دوسرے کے اوپر Stack کر دینا چاہیے۔ بے ترتیب Spacers کا استعمال لکڑی میں درازیں اور warps پیدا کرسکتا ہے۔ تختوں کو ایک دوسرے کے اوپر یا کسی Support سے جھکاؤ رکھا جاسکتا ہے۔ stacked کی اوپری سطح پر بھاری وزن رکھنا چاہیے۔ سوکھنے کے بعد تختے سیدھے رہ سکیں۔ بے ترتیب stacking: سوکھنے کے عمل میں خلل انداز ہوتی ہے۔

General Requirement For Air Seasoning موسمانے کے لیے ضروریات

(1) وہ جگہ جہاں Stacking کی جارہی ہے صاف، ہموار اور خشک ہونا چاہیے۔

(2) Stack سے چھلکا اور ضائع شدہ لکڑی نکال دینا چاہیے۔

(3) Base کی بنیاد اینٹوں کے بلاک سے بنائی جاسکتی ہے جن کی آپس کی دوری 50cm - 60 ہونا چاہیے۔ اچھی سیزنڈ لکڑی کے متوازی شہتیروں یا تختوں کو امتیازی طور سے Stack کرنا چاہیے اور ان کو ایک بلاک میں رکھنا چاہیے۔ $1'' \times 1\frac{1}{2}''$ spacers, کے بلاک جو اچھی طرح سیزنڈ کیے گئے ہیں اور ان کی مدد سے تختوں وغیرہ کو ان کے اوپر رکھنا چاہئے

(4) Spacera کو UNIFORM موٹائی کا ہونا چاہیے جو تختوں کی قطاروں کو الگ کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے اوپر 60 - 30 سنٹی میٹر کی دوری پر رکھنا چاہیے اور زیادہ تعداد میں ہونا چاہیے تاکہ sagging روکی جاسکے۔

(5) Stack کی چوڑائی عام طور سے 200 cm سے زیادہ نہ ہونا چاہیے۔

(6) جہاں تک ہوسکے ایک سائز کی لکڑی ایک ساتھ stacked کرنا چاہیے۔

(7) سڑی ہوئی لکڑی کو فوراً stack سے نکال دینا چاہیے۔

(8) stack کے ہر حصہ کو آسانی سے ہوا پہنچنا چاہیے۔

(9) ان کا باقاعدہ معائنہ ہوتا رہنا چاہیے تاکہ ان کو سڑنے اور خراب ہونے اور پھیلنے سے بچایا جاسکے۔

سہولتیں Advantages

Air seasoning بہت سستی ہے اور اس میں کسی کیمیکل یا اشیا کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ seasoning کے بعد لکڑی ہلکی، مضبوط، دیرپا اور سڑنے سے بچنے والی۔ کام کے لیے آسانی ہو جاتی ہے اور اس کا پینٹ اور پالش کرنا آسان ہونا چاہیے۔



AIR SEASONING OF TIMBER

لکڑی کا قدرتی طور پر سوکھانا اور کام کے قابل بنانا

GRASS AND PALMYRA THATCH FOR ROOFING

چھت کے لیے گھاس اور پلمیرا تھیچ

(پلیٹ ۱۷ اور ۱۸ سے متعلق اشکال ملاحظہ فرمایئے)

مشاورتی ایجنسی :- National Buildings Organisation

نیشنل بلڈنگ آرگنائزیشن New Delhi نئی دہلی۔

تمہید :- مکان کو رہائش کے قابل بنانے کے لیے بہت زیادہ وقت اور پیسہ خرچ ہوتا ہے۔ فراغ شدہ بلڈنگ میٹیریل کو پھر سے جلانے اور لگانے کے لیے جیسے لکڑی۔ بانس۔ گھاس۔ تھیچ اور پلمیرا پیال پھر سے رکھنے کے لیے بہت دقت ہوتی ہے۔ ایسی نباتاتی اشیاء جلدی سڑنے والی ہوتی ہیں اور ان پر فنگی اور کیڑوں کا حملہ ہوتا ہے بہت جگہ ہر سال آگ لگنے سے بھی بربادی آجاتی ہے اور خاص طور سے دیہی علاقوں میں۔

دیہی مکانوں کی کوالٹی بڑھانے کے لیے گھاس اور پال میرا پتوں کے ساتھ روکنے والے اقدام کرنا بہت ضروری ہیں کیوں کہ یہ چھت ڈالنے کے لیے کام میں آتی ہیں۔

National Building Organisation Delhi نے ایک سستہ اور اطمینان بخش طریقہ Preservative Treatment کیڑے لگنے اور سڑنے کے علاوہ آگ سے بچاؤ کے لیے نکالا ہے۔ اور اس ترکیب سے گھاس، تھیچ کی زندگی جو قریب تین سال کے ہوتی ہے اس کو ۱۰، ۱۵ سال تک بڑھایا جاسکتا ہے اور اسی طرح پلمیرا پتیوں کو ۵ سال کے بجائے ۱۰ سال تک دیرپا بنایا جاسکتا ہے۔

1. *Treatment against fungi and insects* فنگی اور کیڑوں سے بچانے کے طریقے

(a) Chemicals required کیمیکل جو چاہیے (antiseptic treatment)

(i) Copper sulphate (neela thotha) نیلا تھوتھا

(ii) Sodium dichromate (surkh kahi) سرخ کاہی

(iii) Acetic acid (tezab sirka) تیزاب سرکہ

(b) Preparation of solution محلول تیار کرنا

(i) ہوشیاری سے 8 kg نیلا تھوتھا (8 kg of copper sulphate) اور 8 kg Sodium Dichromate یعنی سرخ کاہی کو ۱۰۰ لیٹر پانی (۱۰ مٹی کے تیل کے ٹین) میں گھولو۔

(ii) اس گھول میں 50gms سرکا کا تیزاب ملا دو۔

نیلے تھوتھے کے روا توڑنے کے لیے ان کو Pebble (گٹی) کی سائز میں بدل کر Sodium Dichromate سرخ کاہی کے ساتھ ایک رات کے لیے پانی میں چھوڑ دیا جاتا ہے۔ گرم پانی بھی اس کام میں آسانی پیدا کرتا ہے اور ان رووں کو جلدی توڑ دیتا ہے۔ سرکا کے تیزاب کو ہوشیاری سے استعمال کرنا چاہیے تاکہ اس سے آپ جل نہ سکیں۔

2. *Treatment against fire and decay* (Fire retardant-cum-antiseptic treatment)

آگ لگنے اور سڑنے کے خلاف کیے گئے تدارک

(a) Chemicals required کیمیکل جو درکار ہیں

(i) Copper sulphate (neela thotha) نیلا تھوتھا

(ii) Boric acid (boric amal) بورک ایسڈ

(iii) Zinc chloride (kupyatu ncaraya) زنک کلورائڈ

(iv) Sodium dichromate (surkh kahi) سرخ کاہی

(b) Preparation of solution گھول تیار کرنا

۴ کلوگرام بورک ایسڈ، 1KG نیلا تھوتھا، 5KG زنک کلورائڈ اور 6KG سرخ کاہی یعنی sodium dichromate کو ایک کرکے 20 گیلن (5 مٹی کے تیل کے ٹین) پانی میں ڈالو اور اچھی طرح ملا دو اور ان کا گھول بنالو۔

تجربہ Equipment مختلف سائز کے کانٹینر گھول بنانے اور اشیا کے گھول میں ڈبونے کے لیے درکار ہوتے ہیں اور ان کا انحصار گھاس اور پالیسار کی چیزوں کے قسم پر ہے کیوں کہ جس چیز کے ساتھ عمل کرنا ہوتا ہے اس کو کئی گھنٹے کئی دن تک ڈبو کے رکھنا پڑتا ہے اس لیے بڑے بڑے Containers ہی لینا مناسب ہوگا۔ اگر اشیا کی مقدار زیادہ نہیں ہے تو آدھا ڈرم جیسا کہ شکل نمبر ۱ میں دکھایا گیا ہے۔ اس کام کے لیے مناسب ہوتا ہے جیسا کہ شکل نمبر ۲ دکھایا گیا ہے۔ ڈرم کو کاٹا جا سکتا ہے اور کٹے ہوئے حصے کو الٹ دیا جاتا ہے اسکو Platform کی طرح چیزوں سے گھول کو نچوڑنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس طرح اشیا کو سوکھنے کے لیے جانے کے

پہلے گھول کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکتا ہے۔

جیسا کہ شکل نمبر 3 میں دکھایا گیا ہے۔ بڑے پٹرول ڈرم کو دو حصوں میں کاٹ کر جوڑا جا سکتا ہے اور کنٹینر کو بڑا بنایا جا سکتا ہے چوبی یا دوسرے بلاک کو اسٹینڈ کی طرح استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ڈرم wobbling نہ کر سکے۔

کنکریٹ یا اینٹوں کے گڈھوں کو جو کنکریٹ سے lined ہوتے ہیں اور جیسا کہ شکل نمبر 4 میں دکھایا گیا ہے جہاں ممکن ہو استعمال کیے جا سکتے ہیں لیکن ان کے استعمال سے پہلے اور بعد میں بخوبی صاف کر لیا جائے تاکہ ان میں ڈالے ہوئے اشیا میں زہر نہ پیدا ہو سکے۔

4. Treatment طریقہ

(i) جس شے کے ساتھ عمل کرنا ہے اس کو کچھ دنوں کے لیے سوکھنے کے لیے ہوا میں چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ اس میں نمی 15% سے 12% کے قریب ہی رہ جائے۔ اس سے کچھ کیمیادی اجزا کے Fixation میں بھی مدد ملتی ہے جن اشیا میں 20% سے زیادہ نمی ہوتی ہے ان کے ساتھ مشکل سے عمل کیا جا سکتا ہے اور اس کی وجہ سے گھول کافی پتلا ہو جاتا ہے۔

(ii) جن اشیا کو کاٹنا ہے یا کوئی شکل دینا ہے تو یہ پہلے ہی کر لینا چاہیے۔

(iii) پھوس Thatch کو عام طور سے پھاڑتے ہوئے بانسوں سے باندھ دیا جاتا ہے اور ان پر تیج کے ساتھ ہی عمل کیا جانا چاہیے۔ بانسوں کا پہلے سے کاٹ لیا جاتا ہے اور جس سائز میں بنانا ہوتا ہے بنا لیا جاتا ہے اس کے بعد ان کو حوض میں ڈبویا جاتا ہے۔

(iv) پتیاں یا گھاس کے بوجھ۔ ڈھیلے کر لیے جاتے ہیں یا ڈھیلے باندھ کر Preservation گھول میں ڈبوئے جاتے ہیں ان کو لوٹ دینا چاہیے تاکہ چاروں طرف سے وہ ڈوب سکیں اور گھول میں جذب کرنے میں کوئی خلل نہ پڑے۔ یہ پوری طرح سے یقین ہو جانا چاہیے کہ گھاس یا پتیاں پوری طور سے گھول کی سطح کے نیچے ڈوب جائیں۔

(v) بانسوں کو تیج کے ساتھ یا الگ جیسا مناسب ہو ڈوبانا چاہیے۔ اگر بانسوں کی لمبائی کنٹینر سے زیادہ ہے تو ان کو گھول میں ایک سرا نکلتے ہوئے رکھنا چاہیے پھر اسی عمل کو بدل کر کرنا چاہیے۔ تاکہ دوسرا سرا ڈوب جائے جیسا کہ شکل نمبر 5 دکھایا گیا ہے۔

(vi) کیڑوں سے بچانے کے لیے Antiseptic Treatment کے لیے چھ گھنٹہ گھاس ۔ تیج کو اور 24 گھنٹہ پالیرا پتوں کو گھول میں ڈبونا ہوگا۔

آگ ۔ سے بچنے اور سڑنے سے بچانے کے لیے Treatment لیے 32 گھنٹہ گھاس ۔ تیج کو 48 گھنٹہ پالیرا پتوں کو گھول میں ڈبونا کافی ہوگا۔

قیمتیں Cost

(1) ایک کلوگرام Ingredients کی اوسط قیمت جو اُگ اور سڑنے سے بچانے کے لیے کام میں آتا ہے 5 روپیہ ہوتی ہے یہ ۱ کلوگرام گراس بیج یا دس پالیرا بیجوں کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اس طرح پچاس روپیہ فی کلوگرام گراس بیج یا ایک پالیرا پتی کے پڑتا ہے۔

(2) ingredients جو کیڑے مارنے کے لیے یا ان کے حملے کے بچاؤ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اس کی اوسط قیمت فی کلوگرام Rs/150 ہے جو ۲۰ کلوگرام بیج گراس یا ۲۰ پالیرا بیجوں کے لیے کافی ہوتا ہے۔ اس طرح سے یہ 15 روپیہ فی کلوگرام بیج گراس یا ایک پالیرا پتی کے لیے بیٹھتا ہے۔

(3) دو آدمی ایک دن میں ایک کوئنٹل بیج پر کام کرسکتے ہیں۔

(4) ۱۱۰ لیٹر کے دو صفت ڈرم یونٹ یا ایک یونٹ کے ڈرم کی قیمت ۱۰۰ روپیہ ہے جس میں وارمنگ کی قیمت بھی شامل ہے یہ چار یا پانچ برس تک کام میں لایا جاسکتا ہے۔

موجودہ قیمت بہت بڑھ گئی ہے پتہ چلانے کی ضرورت ہے۔

PLATE LXIV

FIG. 1



FIG. 2

CONTAINERS REQUIRED FOR THE TREATMENT OF GRASS AND PALMYRA THATCH FOR ROOFING.

عمل کے لیے حوض بنانا



METHOD OF TREATMENT

FIG. 3

FIG. 5

TREATMENT OF GRASS & PALMYRA THATCH FOR ROOFING.

پامیرا تھیچ پر عمل



BRICK PIT FOR THE TREATMENT

FIG. 4

اینٹوں کا حوض

گھاس۔ کھر۔ پتاور۔ تاڑ کے پتے کو آگ
سے بچانے کی ترکیب (آگ مزاحم چھت)

CINVARAM BLOCK PRESS

سنوارم بلاک پریس

(پلیٹ نمبر LXV سے LXVA تک کی اشکال ملاحظہ ہوں)

متعلقہ ایجنسی : Inter American Housing Centre

انٹر امریکن ہاؤسنگ سنٹر Bogota Colombia بوگوٹا، کولمبیا

ملتبیہ : معمولی مٹی سے کھپریل اور عمارتی بلاک بنانے کے لیے ہمیشہ ایسی مشین کی ضرورت رہی ہے جو کم قیمت کی بھی ہو اور آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ بھی لے جائی جا سکے۔ اس ضرورت کو سنوارم بلاک مشین جو انٹر امریکن ہاؤسنگ سنٹر بوگوٹا کولمبیا نے بنایا ہے پوری کرتی ہے۔ یہ بہت دنوں سے ترقی یافتہ ممالک میں جن میں ہندوستان بھی شامل ہے کام میں لائی جاتی رہی ہے۔ اس مشین سے بنائے گئے کھپریل اور بلاک کی بہت قسمیں اور فوائد ہیں۔ ان کو آسانی سے بنایا جا سکتا ہے۔ یہ بہت سستے ہیں اور آسانی سے اٹھائے جا سکتے ہیں اور ان کو پکانے کی ضرورت نہیں پڑتی ہے۔ مشین لے جانے میں کوئی خرچ نہیں ہوتا کیوں کہ اس کو لپیٹ کر رکھا جاتا ہے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے لے جایا جا سکتا ہے۔ بلاک SITE سائٹ کے نزدیک بنائے جاتے ہیں۔

آلات، Equipment

سنوارم بلاک پریس جو شکل نمبر 7 میں دکھایا گیا ہے۔ وزن 63 کلو گرام وزن ہوتا ہے اور اس کی نابیں 24 × 37 × 56 cm ہوتی ہیں ذیل میں اس کی تفصیلات دی جاتی ہیں۔

Application force of lever	36 kg.	لیور کا دباؤ
Bearing strength of fully cured blocks	14-35 kg/cm.^{2}	بنائے ہوئے بلاک کی طاقت
Size of block	9 cm. × 14 cm. × 29 cm.	بلاک کا سائز
Size of tile	5 cm. × 14 cm. × 29 cm.	ٹائل یا کھپریل کا سائز

(5)	دو آدمیوں سے ایک دن میں بنائے ہوئے بلاک کی اوسط تعداد	300—500
(6)	دو کمرہ والے مکان کے لیے اوسط بلاک کی تعداد	2500
	50 کلو گرام سیمنٹ سے بنائے بلاک کی اوسط تعداد	150

چار سانچے مختلف قسم کے بلاک اور کھپریل بنانے کے لیے موجود ہوتے ہیں (9)

دوسری اشیا جن کی ضرورت پڑتی ہے ۔ (1) چوڑے منہ والا گلاس (JAR)

1 wide-mouth glass jar

6 mm. to 10 mm mesh wire screen (2) 6 mm - 10 mm والی جالی والی تار کی اسکرین

Box, inside dimension (60×4×4) cm. (3) بکس جس کی ناپ (60×4×4) cm ہو

Fine sieves (4) بہت چھوٹے خانوں والی چھلنی

Suitable mixing boards (5) مناسب ملانے کے لیے تختہ

(120×250 cm.) and (250×250 cm.)

Bottomless measuring box (6) بغیر تلی والا ناپنے والا بکس

Bottomed measuring box (7) Shovels پھاوڑہ

Sprinkling can (8) چھڑکنے والا برتن

Mounting board (250×20×5) cm. تختہ

4 bolts 1.5 cm.dia.×8 cm. long 4 بولٹ 1.5 قطر اور 8 لمبی میٹر لیا

8 workers are required for one machine (11) 8 مزدور جو ایک مشین پر کام کر سکیں

Processes طریقے

(i) *Particle determination test* ذرات کی جانچ

اس جانچ سے مٹی کا تجزیہ کیا جاتا ہے اور بالو کی مٹی یا ذرات سے معلوم کی جاتی ہے۔

مٹی کو 6 mm اسکرین سے گذار دو (a)

اس کو چوڑے منہ والے جار میں یہاں تک ڈالو کہ یہ آدھا بھر جائے (b)

جار کو پانی سے بھر دو اور اس کو ڈھک دو (c)

2 چائے کے چمچ کے برابر نمک اس میں ملا دو تاکہ ذرات جلدی سے بیٹھ جائیں (d)

دو منٹ تک جار کو خوب اچھی طرح ہلا دو (e)

ہموار جگہ پر جار کو سیٹ کر دو (f)

مٹی آدھ گھنٹے میں بیٹھ جائے گی۔ بالو تہ میں جلدی سے بیٹھ جائے گا۔ آخر میں مٹی یا silt کے ذرات بیٹھ جائیں گے۔ تہوں کو بالو کی مٹی یا silt سے نسبت جاننے کے لیے ناپو۔ ایسی زمین کی مٹی استعمال کرو جس میں کم سے کم $\frac{1}{3}$ بالو، 30% مٹی یا silt کے درمیان ہو۔ ایسی مٹی مناسب بالو یا مٹی ملا کر بنائی جا سکتی ہے۔ اس جانچ کا

(ii) *Compaction test*

اس جانچ کا تعلق زمین کی packing quality سے ہے جو نمونہ میں موجود مٹی کی فی صد پر منحصر ہوتی ہے۔

(۱) مٹھی بھر سوکھی screened earth لو اور اس کو اس وقت تک نم کرو کہ دبانے پر ہاتھ میں ایک مٹی کا گولا بن سکے لیکن اتنا زیادہ نم نہ ہونا چاہیے کہ ہتھیلی پر پانی کے نشانات چھوڑ جائے۔

(۲) اس گولے کو 3 فٹ کی اونچائی سے سخت زمین پر گراؤ اگر گولا گر کر بہت سے ٹکڑوں میں ٹوٹ جاتا ہے تو سمجھ لو کہ مٹی اچھی ہے یا بہترین ہے اگر ایسا نہیں ہوتا تو مٹی خراب ہے۔

بکس والی جانچ Box Test

بکس ٹیسٹ یہ بتاتا ہے کہ مناسب SOIL CEMENT کیا ہے۔ یہ زمین کے سکڑنے کی طاقت کیا تا پتا ہے جس میں stabilizer نہیں ہوتا۔ بکس کی اندرونی ناپیں (60 × 4 × 4) cm ہونا چاہیے۔

(۱) پہلے بکس کی اندرونی سطحیں میں اچھی طرح تیل لگاؤ۔

(۲) بکس کی دیوار کو نم مٹی سے تھاپ PACK کر دو جو پہلے 6mm جالی دار اسکرین سے گزاری جا چکی ہے۔ مٹی کو اچھی طرح پیک (PACK) تھاپ کرنے کے لیے بھگو لینا چاہیے لیکن یہ کیچڑ نما نہیں ہونی چاہیے۔

(۳) کونوں پر اچھی طرح خاص طور سے تھپتھپا دو۔

(۴) ایک چھری سے سطح کو برابر کرو۔

(۵) بکس کو سورج کی روشنی میں تین دن تک رکھ دو یا سایہ میں 11 دن تک لیکن اس کو بارش سے محفوظ ہونا چاہیے۔

(۶) shrin age سوکھے ہوئے sample کو بکس کے ایک کنارے پر ڈھکیل کر ناپو۔ مندرجہ ذیل کی فہرست مختلف سکڑنے کی حالت میں سیمنٹ کا SOIL سے نسبت دکھاتا ہے۔

Shrinkage سکڑن		*Cement to soil ratio* سیمنٹ اور مٹی کا تناسب	
Not over 15 mm.	15 mm سے کم	1 part to 18 parts	ایک سے ۱۸ حصوں تک
15 mm. 30 mm.	15 mm سے 30 mm	1 part to 16 parts	ایک سے ۱۶ حصوں تک
30 mm. 45 mm.	30 mm سے 45 mm	1 part to 14 parts	ایک سے ۱۴ حصوں تک
45 mm. 60 mm.	45 mm سے 60 mm	1 part to 12 parts	ایک سے ۱۲ حصوں تک

جب سیمنٹ کی جگہ چونا استعمال کیا جائے تو دونی مقدار لینا چاہیے۔ اس SOIL کو مت استعمال کرو جو چکنی ہے

اور 60 mm سے زیادہ سکڑتی ہے۔

بلاک اور کھپریل بنانا

(الف) پہلے کھپریل اور بلاک کی تعداد معلوم کرو جن کی ضرورت ہے۔ تین بلاک ایک sq. ft دیوار بناتے ہیں اور 2 کھپریل ایک مربع فٹ فرش بناتے ہیں۔

(ب) منتخب کی ہوئی جگہ کو کھود دو۔ عام طور سے 30 cm ، 15 cm کی گہرائی کافی ہوگی۔ بالو والی زمین جس میں کم نسبت میں مٹی ہو اچھے بلاک بناتی ہے۔

(ج) سیمنٹ ملانا۔ مٹی جو کھودی گئی ہے اس کو 6 mm سے 10 mm جالی دار چھلنی سے گزارنا چاہیے اور چھاننا چاہیے۔ دونوں یعنی سیمنٹ کا ملانا اور نمی پانی کا ملانا بہت اچھی طرح ہونا چاہیے ایک مناسب ملانے والا تختہ mixing board (120×250) اس کے لیے درکار ہے اس کو مٹی سے بھر دو اور اوپر کی سطح کو برابر کر دو بکس کو اٹھا دو تاکہ یہ ناپا ہوا Soil کا حصہ Fill بورڈ پر چھوڑ جائے۔ بنی ہوئی سیمنٹ کی مقدار کے لیے چھوٹی پینڈی والا ناپنے کا بکس استعمال کرو سیمنٹ کو Soil پر برابر مقدار میں ڈالنا چاہیے۔ صحیح نسبت پالینے کے بعد سیمنٹ اور Soil کو shovel سے پلٹ پلٹ کر اچھی طرح ملاؤ یہاں تک یہ ہر جگہ برابر طریقے سے مل جائے اور اس کا SHADE بھی بدل جائے۔

(د) نمی ملانا Moisture Mixing

جیسا کہ شکل نمبر 2 دکھایا گیا ہے پانی ایک فوارے والے برتن سے ملاؤ اور خیال رہے کہ puddles نہ پیدا ہونی چاہیے پھر اس کو اچھی طرح ملا دو اور اس کام کے لیے shovel کا استعمال کرو۔ مٹی پھر گول کو ہاتھ میں دبا کر دیکھو کہ پانی کی مقدار ٹھیک ہے یا نہیں۔ اگر اس کو کندھے کی اونچائی سے سخت زمین پر ڈالا جائے تو یہ بہت سے ٹکڑوں میں ٹوٹ جائے گی تب یہ صحیح نسبت ہے گھول کو پانی ملانے سے ایک گھنٹے کے اندر استعمال کر لینا چاہیے۔

(ہ) دبانا Pressing

ڈھکن کو کھولو۔ پسٹن کو نیچے کی طرف دباؤ بکس میں صحیح مقدار soil-cement گھول کی بھر دو جیسا کہ شکل نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے اوپر تک بکس کے کناروں تک بھر دو۔ تھوڑا سا اپنی انگلی سے کونے میں دبا دو۔ ڈھکن کو بند کر دو۔ عمودی پوزیشن میں lever کو حرکت دو جیسا شکل نمبر 2 میں دکھایا گیا ہے۔ lever latch کو غیر متحرک کر دو جیسا کہ شکل نمبر 4 میں دکھایا گیا ہے۔ لیور کو متوازی پوزیشن میں حرکت دو یعنی نیچے والے رولر کے بالکل مخالف سمت میں۔ ایک آدمی اوسط وزن کا لیور کو اوپر نیچے حرکت دینے کے لیے کافی ہوگا جس کے لیے صرف دو یا تین دھکے درکار ہوتے ہیں لیور کو مکمل طور سے نیچے گرا دینا چاہیے۔ جیسا کہ شکل نمبر 5 میں دکھایا گیا ہے

PLATE LXV A



The CINVA-Ram Block Press and Its Parts

FIG.7



FIG.8 Blocks stacked for 10-day cure

بنے ہوئے بلاک کو دس دن تک قدرتی طور پر پکانا

چنوا ریم مشین اور اس کے اجزاء

PLATE LXV

FIG.1 Moistening the Soil

مٹی کو نم کرنا

FIG.2 Fill?ing the Bo

بکس کو بھرنا



FIG.3 Raising the Leve

لیور کو اوپر اٹھانا



FIG.4 Lowering the Lever.

لیور کا نیچا کرنا



FIG.5 Ejecting the Block

بلاک کو باہر نکالنا



FIG.6 Removing the Block.

بلاک کو نکالنا

جنوا ریم مشین سے بلاک بنانا

اب لیور کو لوڈنگ پوزیشن میں حرکت دو Lever Lutch کو engage کرو اور لیور کو ٹھہراؤ کی پوزیشن پر نیچے دبانے دو اور پریشر ڈالو۔ ڈھکن کھولو۔ جیسا کہ شکل نمبر ۶ میں دکھایا گیا ہے۔ بلاک کو کھڑا کرنے کے لیے لیور سے آسانی سے دباؤ ہٹالو۔

اگر بلاکوں کو مشین سے اٹھایا جاتا ہے اور ان کو ہوشیاری اور صحیح طریقے سے لے جایا جاتا ہے۔ اگر مکسچر صحیح نسبت میں ملا ہے اور مشین اچھے ADJUSTMENT کرتی ہے تو بلاکس اس آسانی سے نہیں ٹوٹیں گے۔ انگلی جھکا کر بلاک کے مخالف سرے پر دباؤ اور ہتھیلی کے حصہ کو استعمال کرو جیسا کہ شکل نمبر ۷ میں دیا ہے brick down کو ہٹانے کے لیے اس کی سائڈ کی جگہ پر ٹپ TIP کرو۔

بلاک کو ٹھیک بنانا اور سجانا Curing And Stacking of Blocks

بلاکس کو ہموار، بغیر ٹیڑھے ہوئے، صاف تختوں پر لٹانا چاہیے اور اس طرح بلاکس کی پوری چوڑائی کو سہارا ملنا چاہیے۔

- اگر ایسے بورڈ نہ مل سکیں تو بلاکس کو کسی زمین پر رکھنا چاہیے جس پر کاغذ یا پتیاں بچھی ہوں تاکہ یہ زمین سے سیدھے طور سے contact نہ کر سکیں۔ بلاک stacks کو کسی سایہ دار جگہ پر نہیں رکھنا چاہیے۔ ان کو موٹے کاغذ یا پلاسٹک سے ڈھک دینا چاہیے۔

- ایک رات سوکھنے کے بعد بلاکس کو موسم سے بھی بچانا چاہیے کیوں کہ ابھی ابھی دھیرے دھیرے CURE کر رہے ہیں یہ عمل چار یا پانچ دن تک چل سکتا ہے۔ پہلے چار دن ان کے اوپر دن میں دو مرتبہ ہلکے پانی کے چھینٹے دینا ضروری ہے۔ ایک پلاسٹر کا کور pile میں نمی قائم رکھنے کے لیے مناسب ہوگا۔ اگر چونا استعمال کیا جاتا ہے تو دوگنا Curing وقت لگتا ہے بلاکس کو ٹھیک سے stacked نہیں کرنا چاہیے۔ بلاکس کے درمیان ایک انچ کی جگہ ہونا چاہیے تاکہ وہ آسانی سے خشک ہو سکیں ایک ایسا اچھا انتظام تین بلاکس کو سائڈ سے سائڈ ملا کر رکھ کر اور ان کے درمیان ایک انچ کی جگہ چھوڑنے پر ہو سکتا ہے پھر ہر ایک تہہ کی سمت تین بلاک crossed حالت میں رکھے جاتے ہیں جیسا کہ شکل نمبر 8 میں دکھایا گیا ہے۔ ان بلاکس کو عمارت سازی کے لیے ایک ہفتہ کے بعد ہی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

Who's Who in Appropriate Technology

موزوں ٹکنالوجی میں کون کیا ہے؟

حرفِ آغاز :- یہ ایک بنیادی کوشش افراد اور اداروں کی فہرست تیار کرنے میں ہے جو تحریری، خیالی اور عملی طور سے موزوں ٹکنالوجی کی توسیع میں لگے ہوئے ہیں۔ یہ فہرست تین حصوں میں تیار کی گئی ہے۔ دو فہرستیں ہندوستان اور غیر ممالک کے افراد کے لیے اور ایک بین الاقوامی اداروں کے لیے ہے۔ موزوں ٹکنالوجی اصطلاحات و تفصیلیں پرانی ہو چکی ہیں۔ پھر ہندوستان میں یہ گاندھی جی کی تحریک کا ایک حصہ رہا ہے اور صرف اس کا چلن نصف صدی پرانا ہے جیسا کہ لال بہاری؟ مگن لال گاندھی، کمارپا جیسے لوگ اور دوسرے سرودے کارکن، رام کرشنا مشن اور ایسے ہی ادارے سنجیدگی سے اس کام میں دلچسپی لیتے رہے ہیں۔ گاندھی جی کی موت کے بعد شری جے پرکاش نرائن اور اچاریہ ونوبھا بھاوے نے اس تحریک کی رہنمائی کی اور یہی وجہ ہے کہ ہزاروں کارکن کسی نہ کسی سطح پر براہ راست یا دوسرے طریقے سے اس موزوں ٹکنالوجی سے کسی نہ کسی طرح تعلق رکھتے ہیں Dr. E.P. Schumacher (ڈاکٹر ای۔ ایف شماخر) کی کس کے پہلے جدید مغربی ٹکنالوجی خود کاری اور کثیر توانائی کا جادو ملک کی زیادہ سے زیادہ صنعتوں پر چھایا ہوا تھا اور اس میں ملک کا سارا سرمایہ لگا ہوا تھا Dr. Schumacher (ڈاکٹر شماخر) کے مطالعہ اور تحریروں نے دنیا کے دانشوروں نے یہ محسوس کرنے پر مجبور کر دیا کہ دنیا کے سارے توانائی کے ذرائع اور موجودہ اشیاء کو آفاقی سماج کے فطری اور موزوں طریقہ سے استعمال کیا جا سکتا ہے جو بہت محدود ہیں ایک انٹرمیڈیٹ ٹکنالوجی کی تحریک دنیا میں شروع کی جس کا مقصد سادہ زندگی۔ قدرتی صنعت کو محفوظ رکھنا اور ماحول سے تعاون کر کے فطرت سے فیضیاب ہوتے ہوئے زندگی گزارنا ہے اصطلاحات محاورے جیسے ماحولیات Ecology آلودگی Pollution Habitat ذرائع کی حدبندی Limits To Growth وغیرہ نے سماج میں ایک اہمیت حاصل کر لی اور ان پر دنیا کے افراد اور ادارے عمل پیرا ہو گئے۔

فلسفی مفکر سوچنے والے جیسے Ivan Illich (ایوان ایلچ)، Barbara Ward (باربرا وارڈ)، Barry Commoner (بیری کامنر) اور دوسرے لوگوں نے اس مقصد کو اور روشن کیا اور اس سے متعلق لٹریچر بھی تیار کیا۔

اداسے جیسے Intermediate Technology Development Group انٹرمیڈیٹ ٹکنالوجی ترقیاتی گروپ اور ان کی دنیا میں پھیلی ہوئی شاخیں، The Whole Earth Catalogue ہول ورلڈ کیٹلاگ

Brace Research Institute, Canada, بریس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کناڈا، Ecology Action

The New Alchemy Institute VITA دی نیو الکیمی انسٹی ٹیوٹ

Movement For New Society نئے سماج کی تحریک

وغیرہ نے اس کو عملی پروجکٹ کا روپ دیا ان خیالات کو دنیا میں پھیلنے سے پہلے کچھ مذہبی گروپ اس کام کو انجام دے رہے تھے جیسے کرسچین ایڈ، چرچ ایبند سوسائٹی، بریڈ فور دی ورلڈ۔

وغیرہ خدا کے نام پر کام کر رہے تھے ادارے دیہی علاقوں اور افریقہ کے پچھڑے علاقوں ایشیا اور لاطینی امریکہ وغیرہ میں موزوں ٹکنالوجی کے نقش قدم پر چل رہے تھے۔ World Council of Chur ..es Catholic Charities

اس فہرست کے لیے مواد اکٹھا کرنا کوئی آسان کام نہ تھا۔ بہت سے حالات میں یہ کئی خطوط اور سوالات کے ذریعہ کامیاب نہ رہ سکی۔ کچھ لوگ اہم موزوں ٹکنالوجی پر کام کرنے والے دنیا میں ایسے بھی ہیں جن کا نام اس فہرست میں کوشش کے باوجود بھی شامل نہ ہو سکا لیکن اس فہرست کی توسیع دینے اور بڑھانے کے لیے ہم جانکاری حاصل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔ دوسرے ایڈیشن میں مزید نام جانکاری ہونے پر جوڑے جا سکتے ہیں اور موجودہ فہرست صرف ایک بنیادی کوشش ہے۔

(ATDA) موزوں ٹکنالوجی ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن کی ایگزیکیٹو کمیٹی کے بہت سے ممبران نے اس سمت میں قابل تحسین کام کیا ہے ان کا نام اس فہرست میں دہرانے سے گریز کیا گیا ہے اس جلد کی پشت پر ایگزیکیٹو کمیٹی کے ممبران کے نام چھپے ہوئے ہیں جو دیکھے جا سکتے ہیں۔

نوٹ :۔ اس ڈائرکٹری کے ساتھ یہ فہرست بھی دی جارہی ہے۔ بلکہ ضمیمہ کی شکل میں الگ سے شائع کی جائے گی۔ تاکہ فہرست زیادہ مکمل ہو سکے اور پچھلے دہائی میں جو نئے لوگ اس تحریک میں شامل ہوئے ہیں ان کے نام بھی شامل کیے جا سکیں۔

Rs. 28/=